محرم الحرام۔ ربیع الاول ۱۴۳۱ھ
جنوری۔ مارچ ۲۰۱۰ء

سہ ماہی حکمت قرآن لاہور

مدیر مسئول
ڈاکٹر اسرار احمد

اس شمارے میں

حرفِ اوّل
دین اور سیاست — حافظ عاطف وحید — 3

مضامین قرآن
قرآن حکیم کی سورتوں کے مضامین کا اجمالی تجزیہ — ڈاکٹر اسرار احمد — 7

فہم القرآن
ترجمۂ قرآن مجید' مع صرفی ونحوی تشریح — لطف الرحمٰن خان — 18

حکمتِ نبویؐ
رسول اللہ ﷺ کی حکیمانہ نصیحتیں — پروفیسر محمد یونس جنجوعہ — 25

دعوت و تحریک
شاہ ولی اللہؒ کی تحریک رجوع الی القرآن والسنہ" — ظفر الاسلام اصلاحی — 29

بحث و نظر
اہل السنّت والجماعۃ کون؟ (۴) — حافظ نذیر احمد ہاشمی — 43

نقد و نظر
''ایجاد وابداعِ عالم......'' پر ہونے والی ایک گفتگو — جناب احمد جاوید — 54

کتاب نما
تعارف وتبصرہ — پروفیسر محمد یونس جنجوعہ — 64

حقیقتِ دین
ETHICAL VIRTUE — Dr. Absar Ahmad — 84

بیان القرآن
MESSAGE OF THE QURAN — Dr. Israr Ahmad — 96

اعلان
بانیٔ تنظیم اسلامی محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی چند فکر انگیز تصانیف

اعلان
سہ ماہی حکمت قرآن'ہفت روزہ ندائے خلافت

اعلان
انجمن خدام القرآن کے قیام کا مقصد

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

دین اور سیاست

علامہ اقبال کے بعض اشعار کی حیثیت قاعدہ کلیہ یا نظری مسلّمات کی سی معلوم ہوتی ہے جس سے اختلاف کی گنجائش نہیں ہوسکتی۔ مشہور مصرع ع ''جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی'' بھی اسی درجہ کا حامل ہے۔ اس مصرع کے مطابق گویا تہمتِ چنگیزیت سے بچنے کی واحد صورت یہ ہے کہ سیاست کو دین سے جدا نہ کیا جائے' جو اسی طور ممکن ہے کہ مسلمانوں کے معاشرہ میں لازم ہو کہ امورِ سیاست وحکومت پر دینی تعلیمات کا بلا واسطہ اور بلا استثناء انطباق کیا جائے گا۔

واقعہ یہ ہے کہ دین کی تعلیمات کی اس ہمہ گیریت پر سلف وخلف میں کسی قسم کا اختلاف نہیں۔ اُمّت کا اس بات پر ہمیشہ سے اتفاق رہا ہے کہ دین کے احکامات جہاں عام افراد کے عقائد' اخلاق' عبادات اور اعمال سے بحث کرتے ہیں' وہیں دین کے احکام' امورِ سیاست اور نظام حکومت سے بھی متعلق ہیں' جن کی بجا آوری بھی اُسی طرح فرض اور ضروری ہے جس طرح دیگر اوامر ونواہی کی بجا آوری فرض ہے۔ لیکن ظاہر ہے کہ یہ فرضیت اصلاً حکامِ سلطنت اور کارپردازانِ ریاست پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اسلامی شریعت کو نافذ کریں' اس کے مطابق فیصلے کریں' امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیں اور جہاد فی سبیل اللہ کا عَلم سربلند رکھیں۔ جب کہ عوام الناس کا فرض یہ ہے کہ وہ انفرادی احکام کی طرح امور سلطنت سے متعلق احکامات پر بھی حتی الوسع عمل کریں' اولوالامر کی اطاعت کریں' نیز شرعی تقاضوں اور تحدیدات کے مطابق اسلامی نظامِ حکومت وریاست کی بقا کی کوشش کرتے رہیں' اور اگر دین کا نظام قائم نہ ہو تو اسے قائم کرنے کی بھرپور کوشش کر کے اپنے ایمان اور اللہ سے وفاداری کے دینی تقاضے کو پورا کریں۔

متذکرہ بالا تصورات کے بارے میں' جیسا کہ عرض کیا گیا' اُمّت کے معتدل دھارے میں کبھی دو رائیں نہیں رہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں اور خلافتِ راشدہ کے زمانے میں وحدتِ دین وسیاست پر نہ تو عملی طور پر کوئی کوتاہی پیدا ہوئی اور نہ ہی فکری وذہنی انتشار پیدا ہوئے۔ البتہ بعد کے ادوار کا عملی نقشہ بدلتا رہا... سیاست رفتہ رفتہ عملی طور پر دیانت سے جدا ہونا شروع ہوئی... اور اصحابِ سیاست اور رجالِ دین کے دائرہ کار اور دائرہ عمل مختلف ہوتے چلے گئے۔ اس دوئی کے اسباب کیا تھے اور یہ تقسیم کن کن مراحل سے ہو کر اپنے منطقی انجام تک پہنچی' یہ مختصر تحریر اس طویل بحث کی متحمل نہیں ہوسکتی اور نہ ہی یہ زیرِ بحث تحریر کا اصل مدعا ہے۔ البتہ اس بات سے شاید کسی کو اختلاف نہ ہو کہ خلافتِ عثمانیہ کے خاتمے تک اُمت اپنے سیاسی زوال کی انتہا کو پہنچ چکی تھی۔

اس کے بعد استعماری طاقتوں کے براہ راست تسلط کا دور تھا جس میں مسلمان معاشروں کی بالفعل حیثیت کفار و مشرکین کی colonies کی بن گئی۔ استعماری قانون سربلند ہوا... اور معاشی وسائل مختلف ہتھکنڈوں سے استعماری طاقتوں کے کنٹرول میں آتے چلے گئے۔ رفتہ رفتہ حالات کی نزاکت کے پیش نظر استعماری قوتوں نے براہِ راست غلبہ کے بجائے بالواسطہ کنٹرول کی پالیسی کو اختیار کیا اور امورِ سیاست کو کہیں ''جمہوری قبا'' پہنا کر اور کہیں آمریت کا سبق پڑھا کر... اور امورِ معیشت کو ''سودی نظامِ بنکاری'' میں جکڑ کر ایک ایسا منظر نامہ پیدا کر دیا کہ بظاہر مسلمانوں کو ''آزادی'' کی لذت حاصل رہے... لیکن حقیقتاً وہ ان کے ذہنی و فکری اور معاشی غلام ہی بنے رہیں۔ آج اُمتِ مسلمہ کا منظر نامہ اسی کیفیت کا غماز ہے!

موجودہ حالات کے تناظر میں یہ سوال ضرور سر اُٹھاتا ہے کہ دین و سیاست میں اس قدر علمی و فکری ہم آہنگی و یکسوئی کے باوصف اور کثیر مذہبی سیاسی ہما ہمی کے باوجود آج ان دونوں میں اتنا عملی بُعد کیوں ہے۔ آج یہ کیفیت کیوں ہے کہ بیشتر مسلمان ملکوں میں کفار و مشرکین کا چھوڑا ہوا نظام اور انہی کے پروردہ حکمران مسلط ہیں۔ کبھی ایک سیکولر گروہ مسند اقتدار پر براجمان ہو جاتا ہے تو کبھی دوسرا۔ حتیٰ کہ دینی مزاج کے جو اصحاب اور دینی جماعتیں الیکشن کے ذریعے حصولِ اقتدار کے لیے مصروفِ عمل ہیں وہ بھی جمہوریت کو پورا ''مذہبی تقدس'' دیتے ہوئے اسے برقرار رکھنے کا عزم رکھتے ہیں... اس راستے سے ''دینی سیاست'' کرنے کا زعم بھی رکھتے ہیں... اور بدقسمتی سے اس جدوجہد میں جاہ و مال کی فتنہ سامانیوں سے مقاومت میں ان کی سیاست اور عام سیکولر سیاست میں نمایاں فرق بھی نظر نہیں آتا۔

ہم اس سلسلے میں نصح و خیر خواہی کے جذبے سے اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ بعض اُن امور کی طرف اصحابِ فکر و نظر کی توجہ مبذول کروائیں جو یا تو غلط فہمی کی بنا پر اس وقت توجہ میں نہیں ہیں، یا محض shift of emphasis کی وجہ سے رجالِ دین اور دینی جماعتوں کو اُلجھن (illusion) سے دوچار کیے ہوئے ہیں۔

سب سے پہلا مسئلہ جو ہماری دانست میں دینی سیاست کے ضمن میں اہم ہے وہ ''جمہوریت'' سے غیر متزلزل وابستگی کا معاملہ ہے۔ پاکستان کو قائم ہوئے ۶۳ سال گزر چکے ہیں اور یہاں اقتدار کی جنگ میں جمہوریت کی لولی لنگڑی ''نیلم پری'' کے رقص کی تاریخ بھی اتنی ہی پرانی ہے۔ تاہم حقیقی کیفیت یہی ہے کہ ؎

دیو استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب ... تو سمجھتا ہے یہ آزادی کی ہے نیلم پری!

اندریں حالات اب یہ بات سمجھنا قطعاً مشکل نہیں کہ جمہوریت اپنی اصلی شکل میں اللہ سے بغاوت اور کفر و الحاد سے عبارت ہے۔ جمہوریت کی بنیاد ہی میں یہ نظریہ کارفرما ہے کہ حاکمیت خدا کی نہیں، جمہور کی ہے...، لہٰذا قانون سازی کا حق خدا اور اس کے رسول کو نہیں... جمہور عوام کو حاصل ہے...، اور اس ضمن میں ''اکثریتی رائے'' کو بالادست مانا جائے گا، چاہے اکثریتی رائے اللہ کی راہ سے گمراہ کرنے ہی کا ذریعہ کیوں نہ ہو:

﴿وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ﴾ (الانعام:۱۱۶)

یہی وجہ ہے کہ جمہوریت کو مشرف بہ اسلام کرنے کی جملہ کوششوں کا حاصل ہمارے سامنے ہے۔ اس لیے کہ

جمہوریت کے بعض ایسے مثبت پہلو جن سے اسلامی نظامِ سیاست میں جزوی طور پر استفادہ کیا جا سکتا ہے‘ مثلاً مشاورت عامہ یا خلیفہ کے چناؤ میں رائے شماری وغیرہ.....‘ انہیں صرف اسی صورت میں بروئے کار لانا ممکن ہے جبکہ اللہ کی حاکمیت اور شریعت کی غیر مشروط بالادستی پر کسی قسم کا اختلاف نہ ہو.....اور یہ بات ’’حاکمیتِ عوام‘‘ کے بنیادی جمہوریتی تصور سے براہِ راست متصادم ہے۔ لہٰذا علمی طور پر جتنا زور جمہوریت کو مسلمان کرنے پر دیا گیا ہے عملاً جمہوریت اتنی ہی بے دین بنتی چلی گئی ہے...‘ اور اب تو دینی سیاسی جماعتوں نے واضح طور پر سیاسی جدوجہد کو ’’مفادات‘‘ کے حصول اور مسجد و مدرسہ کے ’’بقا‘‘ کی کوشش قرار دینا بھی شروع کر دیا ہے ...گویا امورِ سلطنت میں احکامِ شریعت کی بالادستی سے نظری طور پر بھی پسپائی اختیار کر لی گئی ہے۔ ہماری نگاہ میں یہ مغربی فکر و فلسفہ کی بہت بڑی فتح ہے کہ اس نے دین کے علمبرداروں کے ہاتھ میں جمہوریت کا پرچم تھما کر اللہ کی حاکمیت کے دعوے سے انہیں ’’فارغ‘‘ کر دیا ہے۔

معاملے کی سنگینی کے پیشِ نظر علماءٔ رجالِ دین اور دینی سیاسی جماعتوں کو اب اپنا قبلہ درست کرنا ہی ہوگا۔ انہیں ضرور جائزہ لینا ہوگا کہ جس جمہوری سیاست میں وہ خود آ پھنسے ہیں... یا...انہیں حالات نے لا پھنسایا ہے اس کے بارے میں دین کا مطالبہ ان سے دراصل کیا ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ دینی سیاست کے لبادے میں مفادات کی جو سیاست چل رہی ہے‘ اس کے نتیجے کے طور پر بجائے اپنی دینی ذمہ داری پوری کرنے کے...‘ وہ بے دین سیاست کی تقویت کا ذریعہ بن کر اللہ کی ناراضگی کا باعث بن رہے ہوں؟ نعوذ باللہ من ذٰلک! اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح راستہ اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے...‘ آمین۔

دین و سیاست کے ضمن میں دوسرا اہم معاملہ ان کے باہمی تعلق اور نسبت و تناسب کا ہے...یعنی اس بات کا لحاظ اور وضاحت کہ اِن دونوں میں ’’مقصود‘‘ اور ’’وسیلہ‘‘ ہونے کا باہمی تعلق اور باہمی نسبت و تناسب کیا ہے۔ اس ضمن میں ہمارا مشاہدہ ہے کہ عوام و خواص... ہر دو طبقے میں لوگ بالعموم افراط و تفریط کا شکار ہیں۔ ہوتا یہ ہے کہ بسا اوقات سیاسی جدوجہد کے شوق و جذبہ میں یہ بات ملحوظ نہیں رہ پاتی کہ سیاسی جدوجہد اور سیاسی غلبہ فی نفسہٖ ’’مقصود‘‘ ہے یا کسی مقصودِ حقیقی کے ضمن میں ’’وسیلہ‘‘ ہے۔

اسی معاملے کی دوسری انتہا یہ دیکھنے میں آئی ہے کہ بعض دفعہ انفرادی تقویٰ اور للّٰہیت کے زور میں... سیاسی غلبہ کے ضمن میں عائد فرائض کو ’’دنیا داری‘‘ قرار دے کر...اور امورِ سلطنت سے متعلق احکامِ شریعت کو کارپردازانِ سیاست کے حوالے کر کے... اور مسجد و مدرسہ اور خانقاہ میں مقید ہو کر تعلیم و تعلّم کی ذمہ داری ادا کر کے خود کو بریُ الذمہ سمجھ لیا جاتا ہے اور امورِ سیاست کے ضمن میں دین کی جانب سے جو فرائض خاص طور پر اہلِ علم پر عائد ہوتے ہیں‘ انہیں یکسر فراموش کر دیا جاتا ہے۔

متذکرہ بالا افراط و تفریط کے ضمن میں پہلی گزارش تو یہ ہے کہ قرآن و سنت کی تعلیمات اور علماء و فقہاء کی پیش کردہ تصریحات کے مطابق ہر کلمہ گو کے لیے‘ چاہے وہ عام انسان ہو یا سربراہ مملکت‘ زندگی میں مقصودِ اصلی رضائے الٰہی ہی ہونا چاہیے۔ اسے اگر حکومت کرنی ہے‘ اقامتِ دین کی جدوجہد کرنی ہے یا ایک عام شہری کی

حیثیت سے زندگی گزارنی ہے...؛ ہر حال میں اس کا مقصدِ حیات اللہ کی رضا اور آخرت میں فلاح کا حصول ہی ہونا چاہیے۔ گویا سیاست وحکومت بجائے خود مقصود نہیں ہے' بلکہ یہ اصل مقصود کے لیے وسیلہ اور ذریعہ ہے۔ اس اشتباہ کی ضرورت اس لیے پیش آئی ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے دینی سیاسی حلقے سیاست کے اس خارزار میں نفس اور شیطان کے پھیلائے ہوئے جال میں اس طرح پھنس جاتے ہیں کہ وہ اصل مقصود اور وسیلہ کے مابین فرق وامتیاز بھلا بیٹھتے ہیں۔ وسیلہ مقصود بن جاتا ہے اور مقصود نظروں سے اوجھل ہو جاتا ہے۔ نتیجتاً وہ کام جو سیاست وحکومت کی سطح کا ہو...؛ وہی اصل اور اعلیٰ کام قرار پاتا ہے۔ جب کہ دین پر عمل اور استقامت کے دوسرے جملہ اسالیب کمتر و ہیچ نظر آنے لگتے ہیں۔

متذکرہ بالا تقریر کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ سیاست وحکومت کسی بھی درجہ میں مطلوب اور مقصود نہیں ہیں۔ بلاشبہ دین کی سیاسی سربلندی اور اس کی منظم جدوجہد اپنی جگہ بڑے اہم مقاصد ہیں ...جن پر بہت سے امورِ دینیہ کا مدار ہے۔ شریعت کی غیر مشروط بالادستی کے بغیر اجتماعیاتِ انسانی کے بیشتر شعبوں کو دینی تعلیمات و احکامات کے تحت لانا ممکن نہیں۔ بلکہ حق تو یہ ہے کہ نفاذِ شریعت کے بغیر ایک فرد کے لیے ذاتی عبادت اور ذاتی تقویٰ وللّٰہیت کے تقاضے پورے کرنا بھی ممکن نہیں۔ ہمارا کہنا تو صرف یہ ہے کہ ایسی سیاست اور سیاسی جِدّوجُہد جس میں اللہ کی رضا اور آخرت کی فلاح پیشِ نظر نہ رہے... بلکہ محض جاہ وسلطنت' مفادات اور ''جمہوریت'' کے مقاصد پیشِ نظر ہوں' ہرگز فائدے کا سودا نہیں۔

ع ہے ایسی تجارت میں مسلماں کا خسارا!

آخری بات یہ ہے کہ دین کی اس غریب الوطنی کے دور میں' جبکہ صرف سیاست وحکومت ہی کے ضمن میں نہیں' عقائد' اخلاق' اطاعت' جہاد' غرضیکہ ہر پہلو سے دورِ زوال اپنی انتہاؤں کو پہنچا ہوا ہے' اور کیفیت بقول مولانا حالی یہ ہے کہ ؎

وہ دیں جو بڑی شان سے نکلا تھا وطن سے
پردیس میں وہ آج غریب الغربا ہے!

احیائے دین اور غلبۂ دین کی آج سب سے بڑی ذمہ داری طبقہ علماء اور رجالِ دین پر عائد ہوتی ہے۔ اگر یہ حضرات ''حزب اللہ'' بن کر...اور تمام مسلکی اور فرقہ وارانہ اختلافات سے بلند ہو کر...خالصۃً رضائے الٰہی کے جذبے سے دین کے احیاء اور غلبہ کی جدوجہد کے لیے میدانِ عمل میں نہ اترے...تو ہمیں اندیشہ ہے کہ ''اُمّتِ مرحوم'' کا جزو بننے اور ''اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ'' کا حقدار کہلانے کی ''نوید''...اِن ذمہ داریوں کو پورا نہ کرنے کی کسی ''وعید'' کے سامنے بے وقعت نہ ہو جائے' کہ... ع

جن کے رتبے ہیں سوا ان کی سوا مشکل ہے!

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی دینی ذمہ داریاں پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے' آمین۔

❁❁❁

قرآن حکیم کی سورتوں کے مضامین کا اجمالی تجزیہ

از: ڈاکٹر اسرار احمد

ترتیب وتدوین: سید برہان علی۔ خالد محمود خضر

سُورۃ الفُرقان

مکّی اور مدنی سورتوں پر مشتمل گروپنگ کے اعتبار سے ہم تیسرے گروپ کا مطالعہ مکمل کر چکے ہیں' جس میں سورۂ یونس سے سورۃ المؤمنون تک چودہ سورتیں مکّی ہیں اور اس کے بعد ایک مدنی سورت سورۃ النور ہے۔ اب سورۃ الفرقان سے چوتھا گروپ شروع ہو رہا ہے' اس میں مسلسل آٹھ مکی سورتیں ہیں اور پھر ایک مدنی سورت سورۃ الاحزاب ہے۔ سورۃ الفرقان ۶ رکوع اور ۷۷ آیات پر مشتمل ہے۔ اس سورۃ میں بار بار لفظ ''تَبٰرَكَ الَّذِیْ'' کی تکرار ہے' یعنی بڑی بابرکت ہے وہ ہستی۔ جس طرح سورۃ النور اور سورۃ الاحزاب کے مضامین میں بڑی مشابہت ہے' جس کی بنا پر ان دونوں سورتوں کو جوڑا قرار دیا جا سکتا ہے' اسی طرح سورۃ الفرقان اور سورۂ بنی اسرائیل کے مضامین میں بھی گہری مشابہت پائی جاتی ہے۔ اس سورت کا مطلع بھی سورۂ بنی اسرائیل اور سورۃ الکہف کے بہت مشابہ ہے۔ سورۂ بنی اسرائیل کا آغاز ہوا تھا: ﴿سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ.....﴾ سورۃ الکہف کے آغاز میں ارشاد ہوا: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ .....﴾ اور سورۃ الفرقان کا آغاز ہو رہا ہے:

﴿تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا ۝۱﴾

''بہت بابرکت ہے وہ ذات جس نے نازل فرمایا اپنے بندے پر فرقان (حق و باطل اور صداقت و کذب کو علیحدہ کر دینے والی شے) تاکہ وہ تمام جہان والوں کے لیے خبردار کر دینے والا بنے۔''

گویا نزولِ قرآن کا مقصد ہے انذار یعنی خبردار کر دینا۔ اور محمدؐ رسول اللہ ﷺ کو پوری نوعِ انسانی کے لیے بشیر و نذیر بنا کر بھیجا گیا ہے: ﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا.....﴾ (سبا:۲۸)

﴿الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ۝۲﴾

''وہ ذات جس کے لیے بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین کی' جس نے کسی کو اپنا بیٹا یا بیٹی نہیں بنایا اور بادشاہت میں جس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی نے ہر شے پیدا کی اور اُس کے لیے ایک اندازہ ٹھہرایا۔''

اب ذرا اس کا موازنہ کریں سورۂ بنی اسرائیل کی آخری آیت سے جو توحید کا ایک عظیم خزانہ ہے:

﴿وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ۝۱۱۱﴾

''آپ کہہ دیجیے کہ تمام شکر و تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے نہ تو کسی کو بیٹا یا بیٹی بنایا ہے اور نہ بادشاہت میں اس کا کوئی شریک ہے' اور نہ ہی اس سبب سے کہ وہ کمزور ہے کوئی اس کا مددگار ہے' اور اس کی بڑائی بیان کیجیے جیسا کہ اُس کی بڑائی کا حق ہے۔''

پھر سورۂ بنی اسرائیل میں ذکر آیا کہ لوگوں نے حضور ﷺ سے معجزوں کے مطالبے کیے۔ یہاں سورۃ الفرقان کے پہلے رکوع میں قرآن حکیم پر کفار کے اعتراضات بیان ہوئے کہ اسے آپ نے خود ہی گھڑ لیا ہے یا یہ پرانے وقتوں کی لکھی ہوئی چیزیں ہیں۔ اس کے جواب میں بتایا گیا کہ یہ بڑا ظلم اور سخت جھوٹ ہے جس پر یہ لوگ اتر آئے ہیں' درآں حالیکہ یہ اُس ہستی کا نازل کردہ ہے کہ جو زمین و آسمانوں کے بھید جانتا ہے۔ پھر آپؐ کی ذات پر اعتراضات کیے گئے کہ یہ کیسا رسول ہے جو کھاتا پیتا بھی ہے' بازاروں میں بھی پھرتا ہے اور کاروبار بھی کرتا ہے۔ کیوں نہ کوئی فرشتہ ان کی طرف نازل کیا گیا؟ یا ان پر کوئی خزانہ اتار دیا جاتا یا پھر کوئی ایسا باغ ہی دے دیا جاتا جس سے خود بخود پھل اور میوے ان کو ملتے رہتے اور کوئی معاشی جدوجہد نہ کرنی پڑتی۔ اس کے جواب میں دوسرے رکوع میں یہ بتایا گیا کہ دراصل یہ قیامت کی گھڑی کو جھٹلا چکے ہیں' اور ایسے ہی لوگوں کے لیے ہم نے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے' ورنہ اللہ تو اس پر قادر ہے کہ وہ آپؐ کے لیے باغات اور محلات آراستہ کر دیتا۔ لیکن یہ اس کا طریقہ اور سنّت نہیں ہے۔ پھر حضور ﷺ سے فرمایا گیا کہ ہم نے آپ سے پہلے بھی جتنے رسول بھیجے وہ سب کھاتے پیتے بھی تھے اور بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تھے۔ ہم نے انسانوں کو خبردار کرنے کے لیے ہمیشہ انسان ہی بھیجے ہیں' البتہ ہم نے بعض کو بعض کے لیے آزمائش بنا دیا ہے۔

تیسرے رکوع کی ابتدا ان الفاظ سے ہو رہی ہے:

﴿وَقَالَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰی رَبَّنَا ؕ﴾ (آیت ۲۱)

''اور کہا ان لوگوں نے جنہیں ہماری ملاقات کی اُمید نہیں ہے کیوں نہیں نازل کیے گئے ہم پر فرشتے یا ہم دیکھ لیتے اپنے ربّ کو؟''

اس کے جواب میں فرمایا گیا کہ انہوں نے بڑا استکبار اور گھمنڈ کیا ہے اور سرکشی میں یہ بہت دور نکل گئے ہیں۔ جس روز یہ فرشتوں کو دیکھیں گے وہ مجرموں کے لیے خوشی کا دن نہیں ہوگا اور وہ پکار اٹھیں گے کہ خدا کی پناہ!

آیت ۲۳ میں یہ مضمون آیا ہے کہ جو لوگ نیک اعمال دُنیوی شہرت اور دکھاوے کے لیے کرتے ہیں اللہ کی نگاہ میں ان کا کوئی وزن نہیں ہے۔ ہم ان کے اعمال کی طرف متوجہ ہوں گے اور انہیں ایک ٹھوکر لگا کر اڑتی ہوئی خاک بنا ڈالیں گے۔ اسی رکوع میں یہ آیت بھی آئی ہے:

﴿وَقَالَ الرَّسُوْلُ یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿۳۰﴾﴾

اس آیت کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ قومِ قریش کے بارے میں دنیا میں بھی حضور ﷺ کا اللہ کی جناب میں یہ شکوہ ہو کہ میری قوم نے تیری کتاب کو ترک کے رکھ دیا ہے۔ دوسرا مفہوم اس کا یہ بھی لیا گیا ہے کہ آخرت میں حضور ﷺ کی یہ فریاد ہوگی کہ میرے ماننے والوں نے میرے بعد اس کتاب کو پیٹھ دکھا دی تھی۔

اس کے بعد ایک اعتراض نقل ہوا کہ یہ پورا قرآن ایک ہی وقت میں کیوں نہیں اتار دیا گیا؟ بتایا گیا کہ یہ اس لیے کیا گیا ہے کہ ہم وقتاً فوقتاً تھوڑا تھوڑا قرآن نازل کر کے اس کے ذریعے آپؐ کا دل مضبوط کرتے رہیں۔ اس کے بعد کچھ انبیاء و رسل اور سابقہ قوموں کا ذکر ہوا ہے۔

اس رکوع کے آخر میں یہ بہت اہم آیت آئی ہے:

﴿اَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَیْهِ وَكِیْلًا ﴿۴۳﴾﴾

''(اے نبیؐ!) کیا آپؐ نے اُس شخص کے حال پر نظر کی جس نے اپنی خواہشاتِ نفس کو اپنا خدا بنا لیا ہے؟ کیا آپ اسے راہِ راست پر لانے کا ذمہ لے سکتے ہیں؟''

مزید فرمایا کہ یہ لوگ تو چوپایوں کی مانند ہیں بلکہ ان سے بھی بدتر۔

چوتھے رکوع میں اللہ تعالیٰ نے تفصیل کے ساتھ اپنی نشانیاں اور اپنی قدرت بیان فرمائی ہے۔ آیت ۵۰ میں ارشاد فرمایا:

﴿وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَیْنَهُمْ لِیَذَّكَّرُوْا ۫ فَاَبٰۤی اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۵۰﴾﴾

''ہم نے اس (کتاب کے مضامین) کو دہرا دہرا کر ان کے سامنے بیان کر دیا ہے تاکہ یہ نصیحت حاصل کریں، لیکن اکثر لوگوں نے انکار اور ناشکری ہی کا رویہ اختیار کر رکھا ہے۔''

اس آیت کا موازنہ سورۂ بنی اسرائیل کی آیت ۴۱ سے کریں تو یہی مضمون وہاں نظر آتا ہے۔ اس کے بعد آیت ۵۲ میں وارد شدہ یہ الفاظ نہایت اہم ہیں:

﴿فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِیْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِیْرًا ﴿۵۲﴾﴾

''تو آپ ان کافروں کی بات ہرگز نہ مانیے' اوران کے ساتھ جہاد کیجیے اس قرآن کے ذریعے بہت بڑا جہاد''

معلوم ہوا کہ دعوت وتبلیغ اور تربیت وتزکیہ کے مرحلے پر جہاد کے لیے اصل ہتھیار قرآن ہے' جبکہ اللہ کی راہ میں سربکف ہوکر میدانِ کارزار میں نکلنے کے مرحلے پر مؤمن کا ہتھیار تلوار ہے۔

اس سورۂ مبارکہ کا آخری رکوع ہمارے منتخب نصاب میں بھی شامل ہے۔ اس رکوع میں ایک مردِ مؤمن کی شخصیت کے اعلیٰ اوصاف بیان ہوئے ہیں' جنہیں ''عباد الرحمٰن'' کے اوصاف کہا گیا ہے۔ وہ جب زمین پر چلیں تو آہستگی کے ساتھ چلتے ہیں۔ جاہل اور اجڈ لوگوں کے ساتھ الجھتے نہیں ہیں۔ وہ اپنے رب کے لیے اپنی راتیں عبادت میں کھڑے ہوکر اور سجدوں میں گزارتے ہیں۔ گڑگڑا کر اپنے رب سے جہنم سے نجات کی دعائیں مانگتے ہیں۔ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ تو اسراف کرتے ہیں اور نہ ہی بخل سے کام لیتے ہیں' بلکہ میانہ روی اختیار کرتے ہیں۔ اللہ کے سوا اور کسی کو نہیں پکارتے ہیں۔ نہ کسی جان کو ناحق قتل کرتے ہیں اور نہ زنا کرتے ہیں۔ نہ تو جھوٹی گواہی دیتے ہیں اور نہ ہی جھوٹے کام پر اپنی موجودگی گوارا کرتے ہیں۔ اگر کسی لغویات کے پاس سے ان کا گزر ہو جائے تو اپنا دامن بچاتے ہوئے باعزت طریقہ سے گزر جاتے ہیں۔ جب اُن کو ان کے رب کی آیات کے حوالہ سے یاددہانی کرائی جاتی ہے یا نصیحت کی جاتی ہے تو اس پر اندھے بہرے ہوکر نہیں گر پڑتے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ ہمارے رب ہمیں اپنی بیویوں اور اولاد کے ذریعے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں متقیوں کا امام بنادے! یعنی ہمارے پیچھے چلنے والے لوگوں کو متقی بنادینا۔ یہ ہیں وہ لوگ جن کو ان کے صبر کی جزا کے طور پر (انہوں نے دنیا میں جو صبر کی روش اختیار کی تھی) جنت کے بالاخانے ملیں گے' جہاں سلام اور دعاؤں کے ساتھ ان کا استقبال کیا جائے گا اور وہ ہمیشہ ہمیشہ وہاں رہیں گے۔

سورۃ الشُّعراء

یہ سورۂ مبارکہ گیارہ رکوعوں پر مشتمل ہے جن میں سے آٹھ رکوعوں میں اولوالعزم پیغمبروں کا ذکر آیا ہے۔ ان پیغمبروں نے اپنی قوموں کے سامنے دعوت پیش کی' انہوں نے اس دعوت کو رد کیا جس کی پاداش میں وہ ہلاک ہوئیں۔ سورۃ الاعراف کی مانند یہاں بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات تین رکوعوں پر مشتمل ہیں' جبکہ حضرات ہود' صالح' ابراہیم' لوط اور شعیب علیہم السلام کے حالات کا بیان ایک ایک رکوع میں ہوا ہے۔ ہر رسول کے حالات وواقعات کے تذکرے کے اختتام پر یہ دو آیتیں بار بار آئی ہیں: ﴿اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ○ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ○﴾ ''یقیناً اس میں بہت بڑی نشانی ہے' مگر ان کی اکثریت ایمان لانے والی نہیں ہے۔ اور اے نبیؐ یقیناً آپ کا ربّ وہی ہے جو عزیز بھی ہے رحیم

بھی ہے''۔یعنی یہ لوگ جو ہر وقت معجزات طلب کرتے ہیں تو ان کو آفاق اور انفس میں پھیلی ہوئی اللہ کی نشانیاں کیوں نظر نہیں آتی ہیں؟ یہ تمام اقوام وہ ہیں جن کے حالات اہل عرب کو معلوم تھے' کیونکہ یہ قومیں عرب کے اطراف ہی میں آباد تھیں۔

سورۃ الشعراء کے بارے میں یہ بات نوٹ کر لیجیے کہ تعدادِ آیات کے اعتبار سے یہ سب سے بڑی مکی سورت ہے۔قرآن مجید کی سب سے بڑی سورت سورۃ البقرۃ ہے' جس کے ۴۰ رکوع اور ۲۸۶ آیات ہیں۔حجم کے اعتبار سے سب سے بڑی مکی سورت سورۃ الاعراف ہے' جس کے ۲۴ رکوع اور ۲۰۶ آیات ہیں' کیونکہ اس کی آیات طویل ہیں۔سورۃ الشعراء کی آیات چھوٹی چھوٹی ہیں اور تعدادِ آیات ۲۲۷ ہے۔

سورۃ الشعراء کا آغاز حروف مقطعات ''طٰسٓمٓ'' سے ہوتا ہے۔'ط' کے بارے میں ایک رائے یہ ہے کہ یہ حرف سانپ کی شکل میں لکھا گیا ہے' جیسے ایک پھنیر سانپ نے اپنا پھن اٹھایا ہوا ہو اور نیچے کنڈلی ماری ہوئی ہو۔حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سب سے بڑا معجزہ یہی تھا کہ ان کا عصا سانپ کی شکل اختیار کر لیتا تھا۔ اس حرف (ط) سے شروع ہونے والی سورتوں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اس معجزہ کا مفصل ذکر ہے۔سورۂ مبارکہ کا آغاز ہوتا ہے:

﴿طٰسٓمٓ ۝۱ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۲ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝۳﴾

''طٰسٓمٓ۔یہ کتابِ مبین کی آیات ہیں۔(اے نبیؐ) شاید آپ اپنے آپ کو (اس رنج اور صدمے سے) ہلاک کر لیں گے کہ یہ ایمان نہیں لا رہے!''

نبی اکرم ﷺ اپنی قوم کی ضلالت و گمراہی' ضد اور ہٹ دھرمی دیکھ کر نہایت رنجیدہ اور غمگین ہوتے تھے۔چنانچہ سورۂ مبارکہ ابتدا ہی اس حوالہ سے کی گئی۔اس کے بعد فرمایا کہ اگر ہم چاہیں تو ہم ان کے لیے ایسی نشانیاں اتار دیں کہ ان کی گردنیں جھک کر رہ جائیں اور پھر یہ کچھ بھی نہ کہہ سکیں۔بڑی سے بڑی نشانی دکھا دینا ہمارے اختیار میں ہے' لیکن یہ ہماری حکمت میں نہیں ہے۔ہمارا فیصلہ ہے کہ آپ کی دعوت اسی قرآن کے ذریعہ سے پھیلے۔معجزوں اور نشانیوں کے بجائے لوگ اپنی باطنی بصیرت کو کام میں لائیں اور عقل سے حقیقت کو پہچانیں۔اس اعتبار سے قرآن مجید ہی آپؐ کا سب سے بڑا معجزہ ہے۔

دوسرے رکوع سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ شروع ہو رہا ہے۔دوسرے اور تیسرے رکوع میں حضرت موسیٰؑ اور فرعون کا جو مکالمہ آیا ہے وہ بہت دلچسپ ہے۔تین رکوع حضرت موسیٰؑ کے حالات پر مشتمل ہیں۔پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر ہوا ہے' لیکن سورۂ ہود اور سورۃ الحجر کے برعکس یہاں ان کا ذکر حضرت لوط علیہ السلام کے ذکر کے تابع ہو کر نہیں بلکہ آزادانہ (independently) آیا ہے۔یہاں بھی اس بات کا کوئی ذکر نہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم پر کوئی عذاب نازل ہوا ہو۔یہ کوئی بڑی مستثنیٰ سی بات معلوم ہوتی ہے۔تین اقوام حضرت ابراہیمؑ سے پہلے اور تین آپ کے بعد عذابِ الٰہی کا شکار ہوئیں اور تباہ

و برباد کر دی گئیں۔ حضرت ابراہیمؑ کی قوم نے بھی آپؑ کی دعوت رد کی اور آپ وہاں سے ہجرت کرنے پر مجبور ہوئے' لیکن ان کی قوم کا حشر کیا ہوا اس کا قرآن حکیم میں کوئی ذکر نہیں ہے۔ جب آپؑ اپنی قوم سے معاملہ کر رہے تھے تو آپؑ نے ان کے جھوٹے معبودوں کے بارے میں فرمایا:

﴿فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّیْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ ۝﴾

''سن لو' یہ سب میرے دشمن ہیں۔ میرا دوست تو بس وہی ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' جس نے مجھے پیدا کیا پس وہی مجھے ہدایت بھی دے گا''۔

انسان کو ہدایت دینا بھی اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا لازمی تقاضا ہے۔ انسان اپنے آپ کو اُس کے قدموں میں لا کر ڈال دے' یعنی اس کے حوالے کر دے' پھر اسے انگلی پکڑ کر راہِ ہدایت پر چلانا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مزید کہا:

''وہی ہے جو مجھے کھلاتا بھی ہے پلاتا بھی ہے۔ جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے۔ وہی ہے جو مجھے موت بھی دے گا پھر دوبارہ زندہ بھی کرے گا۔ اور وہی ہے جس سے مجھے بڑی اُمید ہے کہ وہ قیامت کے دن میری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا۔ (اس کے بعد ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی) اے پروردگار! مجھے حکمت عطا فرما اور صالحین کے ساتھ ملا دے۔ اور بعد میں آنے والوں میں میرا ذکرِ خیر جاری رکھ (کہ لوگ میرا نام اچھائی کے ساتھ یاد کریں) اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں شامل کر دے۔ اور میرے والد کو بھی معاف کر دینا' یقیناً وہ گمراہوں میں سے تھا۔ اور مجھے اُس دن رسوا نہ کرنا جس دن سب اٹھائے جائیں گے''۔ (آیات ۷۹۔۸۷)

یہ خلیل اللہ علیہ السلام کی دعا ہے۔ ہدایت بھی طلب کر رہے ہیں اور خطاؤں سے معافی کے بھی طلب گار ہیں۔ اپنے آپ کو خطاؤں سے مبرّا نہیں سمجھ رہے ہیں۔

اس کے بعد ایک ایک رکوع میں حضرات نوح' ہود' صالح' لوط اور شعیب علیہم السلام کا ذکر ہے اور آخری رکوع میں محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب ہو رہا ہے:

''اے نبیؐ! یہ قرآن ربّ العالمین کا نازل کردہ ہے۔ اس کو روح الامین نے (ہمارے حکم سے) عربی مبین میں آپؐ کے قلب پر اتارا ہے' تاکہ آپ خبردار کرنے والوں میں ہو جائیں۔ اور اس کا ذکر اگلے صحیفوں میں بھی ہے.....'' اور اس قرآن کو (ان کے کہنے کے مطابق) شیاطین (یا جنات) لے کر نہیں اترے۔ وہ نہ اس قابل ہیں اور نہ ان کے اندر یہ استطاعت ہے۔ ان کو تو وحی کی سماعت سے بھی روک دیا گیا ہے۔ پس آپ اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو مت پکارنے لگنا ورنہ آپ بھی مبتلائے عذاب کیے جانے والوں میں ہو جائیں گے۔ آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو خبردار کیجیے اور ان اہل ایمان کے لیے جو آپ کا اتباع کر رہے ہیں اپنے بازوؤں کو جھکا کر رکھیے۔ اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو اُن سے اعلانِ براءت فرما دیجیے۔ اور توکل کیجیے اُس خدا پر کہ جو زبردست

ہے‘ رحم فرمانے والا ہے۔ آپ اس کی نگاہ میں ہوتے ہیں جب آپ کھڑے ہوتے ہیں رات کے وقت‘ اور یہ جو آپ نمازیوں کے درمیان چلتے پھرتے ہیں۔ یقیناً وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ کیا میں تمہیں آگاہ کروں کہ شیاطین کن پر اُترتے ہیں؟ (یہ پاک باز لوگوں پر نہیں اترتے بلکہ) اترتے ہیں ہر افترا پرداز گناہگار پر (جیسے مکھی گندگی پر بیٹھتی ہے)۔ کچھ سنی سنائی باتیں القا کر جاتے ہیں اور ان میں سے اکثر جھوٹے ہوتے ہیں۔ (یہ لوگ آپ کو شاعر اور قرآن کو شعر کہتے ہیں‘ حالانکہ) شعراء کی پیروی کرنے والے تو اکثر بدکردار لوگ ہوتے ہیں۔ (اس کے برعکس آپ کے پیروکار تو انتہائی باکردار اور اوصافِ حمیدہ کے مالک ہیں۔) کیا تم نے شاعروں کو نہیں دیکھا کہ وہ ہر وادی میں سرگرداں ہوتے ہیں (اپنے کلام میں زمین و آسمان کے قلابے ملاتے ہیں) اور یہ کہ جو کچھ کہتے ہیں وہ کرتے نہیں (ان کے قول و فعل میں تو بڑا تضاد ہوتا ہے)۔ سوائے ان کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کیے اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا اور انتقام لیا بھی تو اس کے بعد لیا جب ان پر ظلم کیا گیا۔ اور عنقریب ان ظالموں کو معلوم ہو جائے گا کہ انہیں کیسی جگہ لوٹ کر جانا ہے (اور وہ کس انجام سے دوچار ہوں گے۔)‘‘ (آیات ۱۹۲۔۲۲۷)

سُورۃ النَّمل

سورۃ النمل سات رکوعوں پر مشتمل ہے۔ اس میں پہلا رکوع کچھ تنظیمی مضامین پر مشتمل ہے۔ آغاز حروف مقطعات ’’طٰسٓ‘‘ سے ہو رہا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

﴿طٰسٓ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝۱ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝۳﴾

’’طٰس۔ یہ قرآن حکیم اور کتابِ مبین کی آیات ہیں۔ ہدایت اور بشارت ہے اہل ایمان کے حق میں۔ وہ لوگ جو نماز قائم کرتے ہیں‘ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور یہی لوگ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔‘‘

آگے فرمایا کہ اس کے برعکس جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے ہم ان کے لیے ان کے اعمال دنیا میں مزیّن کر دیتے ہیں اور پھر وہ اسی راستے پر اندھا دھند چلتے رہتے ہیں۔ ان کے لیے بدترین سزا ہے اور آخرت میں یہی لوگ سب سے زیادہ خسارہ پانے والوں میں سے ہوں گے۔ اور اے نبیؐ! یہ قرآن جو آپ کو دیا جا رہا ہے ایک حکیم اور علیم ہستی کے پاس سے آ رہا ہے۔

اس کے بعد رکوع کا کچھ حصہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ذکر پر مشتمل ہے۔ اس ضمن میں آخری آیت بہت اہم ہے‘ جس میں فرعون اور آلِ فرعون کے بارے میں فرمایا گیا:

﴿وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴﴾

''اور انہوں نے (موسیٰؑ کی رسالت اور ان کے معجزات کا) انکار کیا ظلم اور تکبر کے مارے' حالانکہ ان کے دل اس کے قائل ہو چکے تھے۔ تو دیکھ لو کہ کیا انجام ہوا ان مفسدوں کا!''

اگلے دو رکوعوں میں حضرات داؤد و سلیمان علیہما السلام کا ذکر آیا ہے اور خصوصاً حضرت سلیمانؑ اور ملکہ سبا کا واقعہ تفصیل سے بیان ہوا ہے۔ قرآن حکیم جو واقعات بیان کرتا ہے ان کا تذکیری پہلو خاص طور سے اُجاگر کرتا ہے۔ مثلاً حضرت سلیمان علیہ السلام جب اپنے لشکر کے ساتھ چیونٹیوں کی ایک وادی میں پہنچے اور ایک چیونٹی نے کہا کہ چیونٹیو! اپنے اپنے سوراخوں میں گھس جاؤ' کہیں حضرت سلیمان کا لشکر تمہیں کچل نہ دے' تو وہ متبسّم ہوئے کہ انہوں نے چیونٹیوں کی بات کو سمجھ لیا اور فوراً بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا کہ پروردگار مجھے توفیق عطا فرما کہ میں تیرا شکر ادا کر سکوں اُن انعامات پر جو تو نے مجھے اور میرے والد کو عطا فرمائے اور میں نیک عمل کر سکوں کہ جن سے تو راضی ہو جائے اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں شامل فرما!

پھر جو خط حضرت سلیمان علیہ السلام کی جانب سے ملکہ سبا کو بھیجا گیا تھا' اس کے بارے میں ملکہ اپنے دربار میں اپنے سرداروں سے مخاطب ہو کر بتا رہی ہے کہ مجھ پر ایک بہت باعزت خط ڈالا گیا ہے۔ یہ خط سلیمانؑ کی جانب سے ہے اور اس کا آغاز اللہ کے نام سے ہے جو رحمٰن و رحیم ہے۔ ملکہ سبا کے فہم کا اندازہ اُس کی اس بات سے ہوتا ہے جو اُس نے اہلِ دربار سے کہی کہ جان لو' بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اس کے اندر فساد برپا کرتے ہیں' اس کے نظام کو درہم برہم کر دیتے ہیں اور وہاں کے عزت داروں کو نیچا کر دیتے ہیں۔ یہ ایک بہت ہی اہم سیاسی ضابطہ ہے کہ جب بھی کوئی حاکم قوم محکوم قوم کو دبانے کے لیے آتی ہے تو قوم کے اعلیٰ طبقات کے افراد کو ذلیل کرتی ہے اور گھٹیا لوگوں کو اُبھارتی ہے۔ پھر حضرت سلیمانؑ نے ملکہ کا تخت اٹھوا لیا جو پلک جھپکنے سے پہلے آپ کے پاس پہنچ گیا۔ اس پر بھی آپ نے فوراً اپنے رب کی تعریف اور بزرگی بیان کرتے ہوئے اس کا شکر ادا کیا اور ملکہ نے حضرت سلیمانؑ کی اطاعت قبول کر لی۔

اگلے رکوع میں حضرت صالح اور حضرت لوط علیہما السلام کا ذکر ہوا۔ اس کے بعد مکی سورتوں کے اسلوب کے مطابق اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت اور بہت سی نشانیوں کا ذکر فرمایا اور کفارِ مکہ کی کٹ حجتی اور ضد بیان فرمائی کہ ان سب چیزوں کو دیکھتے ہوئے بھی یہ راہِ راست پر آنے کے لیے تیار نہیں۔ ان کو مُردوں سے تشبیہہ دیتے ہوئے فرمایا کہ ﴿اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى﴾ ''یقیناً آپؐ مُردوں کو نہیں سنا سکتے''۔ پھر قیامت کے روز ان کا جو انجام ہو گا اُس کا ذکر کیا گیا۔

آخری حصہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا گیا کہ آپؐ ان سے کہہ دیجیے:

''مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اس بستی (مکہ مکرمہ) کے ربّ کی بندگی کروں جس نے اس شہر کو محترم ٹھہرایا ہے اور جو ہر شے کا مالک ہے' اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اُس کے فرمانبرداروں میں

سے بن جاؤں اور یہ قرآن پڑھ کر سناؤں۔ پھر جس نے ہدایت پائی تو اپنے بھلے کے لیے ہدایت پائی' اور جس نے گمراہی اختیار کی تو اُس سے کہہ دیں کہ میں تو بس ایک خبردار کر دینے والا ہوں۔ اور آپ ان سے کہہ دیں کہ تمام تر تعریف اللہ ہی کے لیے ہے' وہ عنقریب تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے گا اور تم انہیں پہچان لو گے۔ اور تمہارا رب اُن اعمال سے بے خبر نہیں ہے جو تم لوگ کرتے ہو''۔ (آیات ۹۱۔۹۳)

سورۃ القَصَص

یہ سورۂ مبارکہ نو رکوعوں پر مشتمل ہے۔ اس کے پہلے چار رکوعوں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذکر پھر کافی تفصیل کے ساتھ آیا ہے۔ اس میں زیادہ تر واقعات جو آپؑ کے بچپن میں پیش آئے اور اس سے پہلے سورۂ طٰہٰ میں آ چکے ہیں' دوبارہ تفصیلاً بیان ہوئے ہیں۔ قرآن مجید کا اپنا ایک انداز ہے کہ مجرد اعادہ کہیں نہیں ہوتا بلکہ واقعات کے اندر نئے نئے پہلو خصوصاً تذکیر کے پہلو اجاگر ہوتے ہیں۔ سورۃ الشعراء' سورۃ النمل اور سورۃ القصص یکے بعد دیگرے نازل ہوئی ہیں۔ اس لحاظ سے ان تینوں میں ایک قریبی تعلق یہ ہے کہ حضرت موسیٰؑ کے حالات و واقعات کے مختلف اجزاء ان سورتوں میں بیان ہوئے ہیں اور باہم مل کر ان کی تکمیل ہو جاتی ہے۔ سورۃ الشعراء میں نبوت کا منصب ملنے کے حوالہ سے حضرت موسیٰ بارگاہِ الٰہی میں عرض کرتے ہیں کہ قومِ فرعون کے ایک فرد کا قتل میرے ذمہ ہے جس کی وجہ سے میں ڈرتا ہوں کہ وہاں جاؤں گا تو قتل کر دیا جاؤں گا۔ آگے کی بات وہاں بیان نہیں ہوئی بلکہ اس سورۃ میں بیان ہوئی ہے۔ اسی طرح سورۃ النمل میں بات ایک دم یوں شروع ہوئی کہ حضرت موسیٰؑ اپنے اہل وعیال کو لے کر جا رہے تھے کہ اچانک انہوں نے ایک آگ دیکھی۔ اس سفر کی کوئی تفصیل اُس سورۃ میں بیان نہیں ہوئی بلکہ وہ اس سورۃ میں بیان ہوئی ہے۔ اس طرح یہ تینوں سورتیں مل کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات و واقعات کو مکمل کر دیتی ہیں۔ سورۂ مبارکہ کا آغاز ہوتا ہے:

﴿طٰسٓمٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ②﴾

''طٰسٓمٓ۔ یہ کتابِ مبین کی آیات ہیں۔''

آگے فرمایا:

''ہم آپ کو پڑھ کر سنا رہے ہیں موسیٰ اور فرعون کے حالات حق کے ساتھ اُن لوگوں کے لیے جو ماننے والے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ فرعون نے زمین میں سرکشی اختیار کی تھی اور اس نے زمین میں بسنے والوں کو گروہوں میں منقسم کر دیا تھا' ایک گروہ کو اُس نے دبا کر کمزور کر رکھا تھا' اُن کے بیٹوں کو قتل کر دیتا تھا اور عورتوں کو زندہ رکھتا تھا۔ یقیناً وہ فسادیوں میں سے تھا۔ اور ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ ہم اُن لوگوں پر احسان فرمائیں جو زمین میں دبا دیے گئے تھے اور انہی کو ہم امامت دے کر زمین کا

وارث بنادیں''۔ (آیات ۳۔۵)

یہ پہلو جو اس سے پہلے اس طرح نہیں آیا اس سورۃ میں خاص طور پر نمایاں ہو کر آیا ہے۔ اِس دور کے حوالے سے بھی یہ ایک اہم بات ہے۔ معاشرہ کے اندر یہ طبقاتی تقسیم غلط نظام کی وجہ سے' خواہ سیاسی اعتبار سے غلط ہو یا معاشی اعتبار سے' پیدا ہو جاتی ہے' جو اس معاشرہ کی بدقسمتی کا بڑا سبب بنتی ہے۔ پھر حضرت موسیٰؑ کے واقعات بیان ہوئے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پوری داستان کا یہ پہلو یہاں خاص طور پر بیان کیا گیا ہے کہ جب آپ اپنی جان بچا کر مصر سے نکلے اور پورا صحرائے سینا عبور کر کے مدین پہنچے تو وہاں وہ واقعہ پیش آیا کہ کنویں پر چرواہے اپنے جانوروں کو پانی پلا رہے تھے اور دو بچیاں خوف کی وجہ سے دور کھڑی تھیں۔ آپ نے آگے بڑھ کر ان کی بکریوں کو پانی پلایا اور پھر درخت کے سائے میں بیٹھ گئے۔ وہاں آپ کی نہ تو کوئی جان پہچان تھی اور نہ ہی آپ کے پاس کوئی سرمایہ تھا' بالکل لاچاری کی کیفیت تھی۔ ایسے میں آپؑ نے اپنے رب سے جن الفاظ میں دعا کی وہ ہر شخص کو یاد کر لینے چاہئیں:

﴿رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾﴾

''پروردگار! تو میری جھولی میں جو خیر بھی ڈال دے میں اس کا محتاج ہوں۔''

یہ گویا ایک انسان کی احتیاج کی انتہا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات و واقعات بیان کرنے کے بعد پانچویں رکوع میں فرمایا کہ یہ تو آپ کے رب کی رحمت ہے کہ ہم آپ کو ان تمام حالات سے مطلع کر رہے ہیں تاکہ آپ اُن لوگوں کو متنبہ کریں جن کے پاس آپؐ سے پہلے کوئی متنبہ کرنے والا نہیں آیا۔

پھر چھٹے رکوع میں اہل کتاب میں سے ایمان لے آنے والوں کے بارے میں فرمایا کہ جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی تھی وہ اس قرآن پر بھی ایمان لاتے ہیں۔ جیسے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ ایمان لانے سے قبل یہودی تھے۔ فرمایا:

''یہ وہ لوگ ہیں جن کو ان کی ثابت قدمی کی وجہ سے دُہرا اجر دیا جائے گا۔ وہ برائی کو بھلائی سے دور کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جب کوئی لغو بات سنتے ہیں تو نظر انداز کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے لیے ہمارے عمل ہیں اور تمہارے لیے تمہارے عمل' تم کو سلام ہے' ہم جاہلوں سے الجھنا نہیں چاہتے۔'' (آیات ۵۴۔۵۵)

اس کے بعد یہ آیت آئی ہے:

﴿اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ ﴿۵۶﴾﴾

''(اے نبیؐ) آپ کے اختیار میں نہیں ہے کہ آپ جسے چاہیں ہدایت دے دیں' بلکہ اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے' اور وہی ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے۔''

آٹھویں رکوع میں قارون کا ذکر آیا ہے جس کو اللہ نے اتنے خزانے عطا کیے تھے کہ ان کو اٹھانے

کے لیے طاقتور لوگوں کا ایک گروہ درکار ہوتا تھا۔ اگرچہ یہ بنی اسرائیل میں سے تھا' لیکن اپنی قوم کا غدار اور فرعون کے دربار میں اعلیٰ مرتبہ پر فائز تھا۔ ایک دفعہ جب وہ اتراتا ہوا باہر نکلا تو اُس سے اس کی قوم نے کہا کہ اس طرح مت اتراؤ' اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔ اور یہ جو مال اللہ نے تمہیں دے رکھا ہے اس سے آخرت کا گھر بنانے کی فکر کرو اور دنیا سے بھی اپنا حصہ فراموش نہ کرو۔ اور جس طرح اللہ نے تمہارے ساتھ احسان کیا ہے تم بھی اوروں کے ساتھ احسان کرو اور ملک میں فساد برپا کرنے کا خواہاں نہ ہو' اللہ مفسدوں کو پسند نہیں کرتا۔ اس پر قارون کہنے لگا کہ یہ مال و دولت تو مجھے میری ذاتی ہنرمندی اور علم کی وجہ سے ملا ہے۔

اُس کے اس جواب پر اللہ تعالیٰ کا تبصرہ یہ ہے:

''کیا اسے یہ علم نہ تھا کہ اس سے پہلے اللہ بہت سی قوموں کو ہلاک کر چکا ہے جو اُس سے کہیں زیادہ قوت رکھتی تھیں اور ان کے پاس مال و دولت بھی اس سے زیادہ تھا؟ اور (جب اللہ کے عذاب کا کوڑا برستا ہے تو) مجرموں سے ان کے گناہوں کے بارے میں پوچھا بھی نہیں جاتا''۔ (آیت ۷۸)

بالآخر قارون کا جو عبرت ناک انجام ہوا اس کا ذکر بایں الفاظ کیا گیا:

﴿فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۫ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ۝۸۱﴾

''پس ہم نے قارون اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا۔ تو کوئی ایسی جماعت نہ تھی جو اللہ کے مقابلے میں اس کی مدد کرتی اور نہ وہ خود ہی اس قابل تھا کہ بدلہ لے سکے۔''

آخری رکوع کے آغاز میں یہ آیت آئی ہے:

﴿تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝۸۳﴾

''یہ آخرت کا گھر تو ہم نے ان لوگوں کے لیے مخصوص کر رکھا ہے جو دنیا میں نہ بڑائی چاہتے ہیں اور نہ فساد کرنا۔ اور اچھا انجام تو متقیوں ہی کے لیے ہے۔''

سورۂ مبارکہ کا اختتام ان الفاظ پر ہوتا ہے:

﴿وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۭ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۸۸﴾

''اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو ہرگز نہ پکارو۔ اُس کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے۔ ہر شے فنا ہونے والی ہے سوائے اُس کی ذات کے۔ اُسی کی حکومت ہے اور اُسی کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے۔''

❁❁❁

ترجمۂ قرآن مجید

مع صرفی و نحوی تشریح

افادات: حافظ احمد یار مرحوم
ترتیب وتدوین: لطف الرحمٰن خان

سورۂ آل عمران (مسلسل)

آیات ۱۶۰ تا ۱۶۳

﴿اِنۡ یَّنۡصُرۡکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمۡ ۚ وَاِنۡ یَّخۡذُلۡکُمۡ فَمَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَنۡصُرُکُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ وَعَلَی اللّٰہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۶۰﴾ وَمَا کَانَ لِنَبِیٍّ اَنۡ یَّغُلَّ ؕ وَمَنۡ یَّغۡلُلۡ یَاۡتِ بِمَا غَلَّ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰی کُلُّ نَفۡسٍ مَّا کَسَبَتۡ وَہُمۡ لَا یُظۡلَمُوۡنَ ﴿۱۶۱﴾ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضۡوَانَ اللّٰہِ کَمَنۡۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰہِ وَمَاۡوٰىہُ جَہَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۱۶۲﴾ ہُمۡ دَرَجٰتٌ عِنۡدَ اللّٰہِ ؕ وَاللّٰہُ بَصِیۡرٌۢ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۶۳﴾﴾

خ ذ ل

خَذَلَ (ن) خَذْلًا : ساتھ چھوڑ دینا' حمایت ترک کرنا' آیت زیر مطالعہ۔

مَخْذُوْلٌ (اسم المفعول) : حمایت چھوڑا ہوا' بے بس۔ ﴿فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾﴾ (بنی اسراء یل) ''نتیجتاً تو بیٹھے گا مذمت کیا ہوا' بے بس کیا ہوا۔''

خَذُوْلٌ (فَعُوْلٌ کے وزن پر مبالغہ) : انتہائی نازک وقت پر ساتھ چھوڑنے والا' عین وقت پر دغا دینے والا۔ ﴿وَکَانَ الشَّیْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾﴾ (الفرقان) ''اور شیطان ہے انسان کے لیے انتہائی دغاباز۔''

غ ل ل

غَلَّ (ن) **غَلًّا** : (۱) چھپانا' (۲) طوق پہنانا' (۳) باندھنا۔ ﴿**غُلَّتْ اَیْدِیْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا**﴾ (المائدۃ:٦٤) ''باندھے گئے ان کے ہاتھ اس کے سبب سے جو انہوں نے کہا۔''

مَغْلُوْلَةٌ (اسم المفعول) : بندھا ہوا۔ ﴿**وَقَالَتِ الْیَهُوْدُ یَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ**﴾ (المائدۃ:٦٤) ''اور کہا یہودیوں نے اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے۔''

غُلُّ (فعل امر): تو طوق پہنا' تو باندھ۔ ﴿**خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ**﴾ (الحاقۃ) ''تم لوگ پکڑو اس کو پھر طوق پہناؤ اس کو۔''

غَلٌّ ج **اَغْلَالٌ** (اسم ذات) : طوق۔ ﴿**اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا**﴾ (یٰسٓ:۸) ''بے شک ہم نے بنائے ان کی گردنوں میں کچھ طوق۔''

غَلَّ (ض) **غِلًّا** : دل میں کینہ یا کدورت ہونا۔

غِلٌّ (اسم ذات): کینہ' کدورت۔ ﴿**وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا**﴾ (الحشر:۱۰) ''اور تو مت بنا ہمارے دلوں میں کوئی کدورت ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے۔''

س خ ط

سَخِطَ (س) **سَخْطًا** : غصہ کرنا' ناراض ہونا۔ ﴿**لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ**﴾ (المائدۃ:۸۰) ''کتنا برا ہے وہ جو آگے بھیجا اپنے لیے خود انہوں نے کہ غصہ کرے اللہ ان پر۔''

سَخَطٌ (اسم ذات) : غصہ' ناراضگی۔ آیت زیر مطالعہ۔

اَسْخَطَ (افعال) **اِسْخَاطًا** : کسی کو غصہ دلانا' ناراض کرنا۔ ﴿**ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ**﴾ (محمد:۲۸) ''یہ اس سبب سے کہ انہوں نے پیروی کی اس کی جو غصہ دلائے اللہ کو۔''

ترکیب: ''فَلَا غَالِبَ'' پر لائے نفی جنس ہے۔ ''اَنْ یَّغُلَّ'' کا مفعول محذوف ہے جو کہ ''شَیْئًا'' ہو سکتا ہے۔ ''تُوَفّٰی'' واحد مؤنث غائب کا مجہول صیغہ ہے اور ''کُلُّ نَفْسٍ'' اس کا نائب الفاعل ہے اس لیے ''کُلُّ'' مرفوع ہے۔ ''مَاْوٰهُ'' مبتدا اور ''جَهَنَّمُ'' اس کی خبر ہے۔

ترجمہ:

اِنْ : اگر	یَّنْصُرْكُمُ : مدد کرے تمہاری
اللّٰهُ : اللہ	فَلَا غَالِبَ : تو کوئی بھی غلبہ پانے والا نہیں ہے
لَكُمْ : تم لوگوں پر	وَاِنْ : اور اگر
یَّخْذُلْكُمْ : وہ ساتھ چھوڑ دے تمہارا	فَمَنْ ذَا الَّذِیْ : تو کون ہے وہ جو
یَّنْصُرُكُمْ : مدد کرے گا تمہاری	مِّنْۢ بَعْدِهٖ : اس کے بعد

وَعَلَى اللّٰهِ :اوراللہ پر ہی
الْمُؤْمِنُوْنَ :مؤمن لوگ
لِنَبِيٍّ :کسی نبی کے لیے
وَمَنْ :اور جو کوئی
يَّاْتِ :تو وہ لائے گا
غَلَّ :اس نے چھپایا
ثُمَّ :پھر
كُلُّ نَفْسٍ :ہر نفس کو
كَسَبَتْ :اس نے کمایا
لَا يُظْلَمُوْنَ :ظلم نہ کیے جائیں گے
اتَّبَعَ :پیروی کی
كَمَنْ :اس کی مانند ہے جو
بِسَخَطٍ :ایک ایسے غصے کے ساتھ جو
وَمَاْوٰهُ :اوراس کی منزل
وَبِئْسَ :اور کتنی بری ہے
هُمْ :ان کے (لیے)
عِنْدَ اللّٰهِ :اللہ کے پاس
بَصِيْرٌ :دیکھنے والا ہے
يَعْمَلُوْنَ: یہ لوگ کرتے ہیں

فَلْيَتَوَكَّلِ :چاہیے کہ توکّل کریں
وَمَا كَانَ :اور نہیں ہے
اَنْ يَّغُلَّ :کہ وہ چھپائے (کچھ بھی)
يَّغْلُلْ :چھپائے گا
بِمَا :اس کو جو
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ :قیامت کے دن
تُوَفّٰى :پورا پورا دیا جائے گا
مَّا :جو
وَهُمْ :اور وہ
اَفَمَنِ :تو کیا وہ جس نے
رِضْوَانَ اللّٰهِ :اللہ کی رضا کی
بَآءَ :لوٹا
مِّنَ اللّٰهِ :اللہ (کی طرف) سے ہے
جَهَنَّمُ : جہنم ہے
الْمَصِيْرُ :لوٹنے کی جگہ (وہ)
دَرَجٰتٌ:درجات ہیں
وَاللّٰهُ :اور اللہ
بِمَا :اس کو جو

نوٹ : ﴿وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ﴾ کے شانِ نزول کے ضمن میں کچھ مفسرین نے اُس روایت کا ذکر کیا ہے جس میں جنگ بدر کے مالِ غنیمت میں سے ایک چادر کے گم ہو جانے کا ذکر ہے۔ لیکن یہاں جنگ اُحد کے واقعات پر تبصرہ ہو رہا ہے۔ اس لیے اس بات کو ذہن قبول نہیں کرتا۔ البتہ اس کے شانِ نزول میں تفہیم القرآن میں جس روایت کا ذکر ہے وہ زیادہ قرینِ قیاس ہے۔

جنگ ختم ہونے کے بعد نبی ﷺ مدینہ واپس تشریف لائے تو آپؐ نے تیراندازوں کو بلا کر ان سے حکم عدولی کی وجہ دریافت فرمائی۔ ان لوگوں نے جواب میں کچھ عذر پیش کیے جو نہایت کمزور تھے۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا: ((بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنَّا نَغُلُّ وَلَا نَقْسِمُ لَكُمْ)) بلکہ تم لوگوں نے گمان کیا کہ میں چھپاؤں گا اور تقسیم نہیں کروں گا تم لوگوں میں یعنی مالِ غنیمت''۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

آیات ۱۶۴۔۱۶۵

﴿لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلاً مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾ اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ۭ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾﴾

ترکیب: ''يَتْلُوْا، يُزَكِّيْ'' اور ''يُعَلِّمُ'' کی ضمیر فاعلی ''رَسُوْلًا'' کے لیے ہیں، جبکہ ''اٰيٰتِهٖ'' میں ضمیر ''اللّٰهُ'' کے لیے ہے۔ ''اِنْ كَانُوْا'' کا ''اِنْ'' مخففہ ہے۔ ''اَصَبْتُمْ'' کا مفعول ''مِثْلَيْهَا'' ہے۔ یہ دراصل ''مِثْلَيْنِ'' تھا۔ مضاف ہونے کی وجہ سے نونِ اعرابی گرا ہوا ہے اور ''هَا'' کی ضمیر ''مُصِيْبَةٌ'' کے لیے ہے۔

ترجمہ:

لَقَدْ مَنَّ: احسان کیا ہے	اللّٰهُ: اللہ نے
عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ: مؤمنوں پر	اِذْ: جب
بَعَثَ: اس نے بھیجا	فِيْهِمْ: ان میں
رَسُوْلاً: ایک رسول	مِّنْ اَنْفُسِهِمْ: ان کے اپنوں میں سے
يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ: وہ پڑھ کر سناتا ہے ان کو	اٰيٰتِهٖ: اس کی آیات
وَيُزَكِّيْهِمْ: اور وہ تزکیہ کرتا ہے ان کا	وَيُعَلِّمُهُمُ: اور وہ تعلیم دیتا ہے ان کو
الْكِتٰبَ: کتاب کی	وَالْحِكْمَةَ: اور حکمت کی
وَاِنْ كَانُوْا: اور بے شک وہ تھے	مِنْ قَبْلُ: اس سے پہلے
لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ: لازماً ایک کھلی گمراہی میں	اَوَلَمَّآ: تو کیا جب
اَصَابَتْكُمْ: آپہنچی تم کو	مُّصِيْبَةٌ: کوئی مصیبت
قَدْ اَصَبْتُمْ: (حالانکہ) تم لوگ پہنچا چکے ہو	مِّثْلَيْهَا: اس (مصیبت) سے دوگنا
قُلْتُمْ: (تو) تم لوگوں نے کہا	اَنّٰى هٰذَا: یہ کہاں سے ہے
قُلْ: آپؐ کہہ دیجیے	هُوَ: یہ
مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ: تمہارے اپنے پاس سے ہے	اِنَّ اللّٰهَ: یقیناً اللہ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز پر	قَدِيْرٌ: قدرت رکھنے والا ہے

آیات ۱۶۶۔۱۶۷

﴿وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّاتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿۱۶۷﴾﴾

ترکیب: ''فَبِاِذْنِ اللّٰهِ'' میں ''هُوَ'' محذوف ہے یعنی یہ ''فَهُوَ بِاِذْنِ اللّٰهِ'' ہے اور ''هُوَ'' کی ضمیر ''مَا'' کے لیے ہے۔ ''لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ'' میں ''لَا'' نافیہ نہیں ہے بلکہ یہ جوابِ شرط کا لامِ تاکید ہے۔ اس کے ساتھ الف زائدہ لکھنا قرآن مجید کی مخصوص املا ہے۔ ''هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ''۔ یہ جملہ ایک خاص ادبی ترکیب کا ہے۔ مولوی عبدالستار صاحب نے اپنی کتاب ''عربی کا معلم'' میں یہ ترکیب پڑھائی ہے۔ لیکن ''آسان عربی گرامر'' میں ہم نے اس کو چھوڑ دیا ہے' کیونکہ قرآن مجید میں اس کا استعمال کم ہے۔ اس لیے یہاں بھی اس کی ترکیب چھوڑ رہے ہیں۔ ''لَيْسَ'' کا اسم ''مَا'' ہے اور اس کی خبر ''مَوْجُوْدًا'' محذوف ہے۔

ترجمہ:

وَمَآ : اور جو	اَصَابَكُمْ : آ پہنچی تم لوگوں کو
يَوْمَ : اس دن (جب)	الْتَقَى : آمنے سامنے ہوئیں
الْجَمْعٰنِ : دو جماعتیں	فَبِاِذْنِ اللّٰهِ : تو (وہ) اللہ کی اجازت سے ہے
وَلِيَعْلَمَ : اور تاکہ وہ جان لے	الْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان لانے والوں کو
وَلِيَعْلَمَ : اور تاکہ وہ جان لے	الَّذِيْنَ : ان لوگوں کو جنہوں نے
نَافَقُوْا : نفاق کیا	وَقِيْلَ : اور کہا گیا
لَهُمْ : ان سے	تَعَالَوْا : تم لوگ آؤ
قَاتِلُوْا : قتال کرو	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ : اللہ کی راہ میں
اَوِ ادْفَعُوْا : یا دفاع کرو	قَالُوْا : انہوں نے کہا
لَوْ نَعْلَمُ : اگر ہم جانتے	قِتَالًا : قتال کو
لَّاتَّبَعْنٰكُمْ : تو ہم ضرور پیروی کرتے تمہاری	هُمْ : وہ لوگ
لِلْكُفْرِ : کفر کے	يَوْمَئِذٍ : اس دن

اَقْرَبُ :زیادہ قریب تھے	مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ :اپنے لیے ایمان کی بنسبت
يَقُوْلُوْنَ :وہ لوگ کہتے ہیں	بِاَفْوَاهِهِمْ :اپنے مونہوں سے
مَّا: وہ جو	لَيْسَ :نہیں ہے
فِيْ قُلُوْبِهِمْ :ان کے دلوں میں	وَاللّٰهُ :اور اللہ
اَعْلَمُ :زیادہ جانتا ہے	بِمَا :اس کو جو
يَكْتُمُوْنَ: وہ لوگ چھپاتے ہیں	

نوٹ: ''لَوْ نَعْلَمُ قِتَالاً لَّا تَّبَعْنٰكُمْ'' یہ منافقین کا قول تھا اور انہوں نے یہ ذو معانی بات کی تھی جس کے کئی معانی ہو سکتے ہیں مثلاً: (۱) لڑائی ہوتی نظر نہیں آتی۔ اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ لڑائی ہونے والی ہے تو ضرور تمہارے ساتھ چلتے۔ (۲) یہ کوئی مقابلہ ہے کہ ایک طرف تین ہزار کا لشکر اور دوسری طرف صرف ایک ہزار بے سروسامان آدمی۔ یہ لڑائی تو نہیں ہے محض اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ (۳) مدینہ میں رہ کر جنگ کرنے کا ہمارا مشورہ نہیں مانا گیا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جنگ کے فنون اور قواعد سے ہم واقف نہیں ہیں۔ اگر واقف ہوتے تو ضرور ساتھ دیتے۔ (ترجمہ شیخ الہندؒ)

آیات ۱۶۸۔۱۷۱

﴿اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ۭ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۱۶۸ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۱۶۹ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۱۷۰ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۱۷۱﴾

ل ح ق

لَحِقَ (س) لَحْقًا :کسی سے جڑ جانا' مل جانا۔ آیت زیر مطالعہ۔

اَلْحَقَ (افعال) اِلْحَاقًا :کسی کو کسی سے ملا دینا۔ ﴿اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ﴾ (سبا:۲۷) ''تم لوگ دکھاؤ مجھے ان لوگوں کو جن کو تم لوگوں نے ملایا اس کے ساتھ۔''

اَلْحِقْ (فعل امر): تو جوڑ دے' تو ملا دے۔ ﴿فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۱۰۱﴾ (یوسف) ''اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے' تو میرا کارساز ہے دنیا میں اور آخرت میں' تو وفات دے مجھ کو مسلمان ہوتے ہوئے اور تو ملا

دے مجھ کو صالحین کے ساتھ۔''

ترکیب: ''وَقَعَدُوْا'' کا ''وَاوْ'' حالیہ ہے اور یہ ''قَالُوْا'' کی ضمیر فاعلی ''هُمْ'' کا حال ہے' ''اِخْوَانِهِمْ'' کا حال نہیں ہے۔ ''اَطَاعُوْا'' کی ضمیر فاعلی ''اِخْوَانِهِمْ'' کے لیے ہے۔ ''لَا تَحْسَبَنَّ'' کا مفعول اوّل ''اَلَّذِيْنَ قُتِلُوْا'' ہے اور ''اَمْوَاتًا'' مفعول ثانی ہے۔ ''اَحْيَاءٌ'' خبر ہے اور اس کا مبتدا ''هُمْ'' محذوف ہے۔ ''اَمْوَاتًا'' اور ''اَحْيَاءٌ'' جمع ہیں' لیکن اردو محاورے کی وجہ سے ان کا ترجمہ واحد میں ہوگا۔ ''فَرِحِيْنَ'' حال ہونے کی وجہ سے حالتِ نصب میں ہے۔ ''اَلَّا'' عطف ہے ''بِالَّذِيْنَ'' کے حرفِ جار ''بِ'' پر۔ یعنی یہ دراصل ''بِاَنْ لَا'' ہے۔ ''خَوْفٌ'' مبتدا نکرہ ہے اور اس کی خبر محذوف ہے۔

ترجمہ:

اَلَّذِيْنَ : وہ لوگ جنہوں نے	قَالُوْا : کہا
لِاِخْوَانِهِمْ : اپنے بھائیوں کے لیے	وَ : اس حال میں کہ
قَعَدُوْا : وہ (خود) بیٹھ رہے	لَوْ : اگر
اَطَاعُوْنَا : وہ لوگ اطاعت کرتے ہماری	مَا قُتِلُوْا : تو وہ قتل نہ کیے جاتے
قُلْ : آپؐ کہہ دیجیے	فَادْرَءُوْا : تو تم لوگ ہٹا لو
عَنْ اَنْفُسِكُمُ : اپنی جانوں سے	الْمَوْتَ : موت کو
اِنْ كُنْتُمْ : اگر تم لوگ ہو	صٰدِقِيْنَ : سچ کہنے والے
وَلَا تَحْسَبَنَّ : اور تو ہرگز گمان مت کر	اَلَّذِيْنَ : ان لوگوں کو جو
قُتِلُوْا : قتل کیے گئے	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ : اللہ کی راہ میں
اَمْوَاتًا : مردہ	بَلْ : بلکہ
اَحْيَآءٌ : (وہ) زندہ ہیں	عِنْدَ رَبِّهِمْ : اپنے رب کے پاس
يُرْزَقُوْنَ : ان لوگوں کو رزق دیا جاتا ہے	فَرِحِيْنَ : اس حال میں کہ بہت ہی خوش ہیں
بِمَآ : اس سے جو	اٰتٰىهُمُ : دیا ان کو
اللّٰهُ : اللہ نے	مِنْ فَضْلِهٖ : اپنے فضل سے
وَيَسْتَبْشِرُوْنَ : اور وہ لوگ خوشی مناتے ہیں	بِالَّذِيْنَ : ان لوگوں کی جو
لَمْ يَلْحَقُوْا : (ابھی) نہیں جڑے	بِهِمْ : ان سے
مِّنْ خَلْفِهِمْ : ان کے پیچھے (رہ جانے والوں میں) سے	اَلَّا خَوْفٌ : (اور یہ کہ) کوئی خوف نہیں ہے
عَلَيْهِمْ : ان پر	وَلَا هُمْ : اور نہ ہی وہ لوگ

(باقی صفحہ 52 پر)

يَحْزَنُوْنَ : پچھتاتے ہیں
بِنِعْمَةٍ : ایک ایسی نعمت کی جو
وَفَضْلٍ : اور فضل کی
اللّٰهَ : اللہ
اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ: ایمان لانے والوں کے اجر کو
يَسْتَبْشِرُوْنَ : وہ لوگ خوشی مناتے ہیں
مِّنَ اللّٰهِ : اللہ (کی طرف) سے ہے
وَّاَنَّ : اور یہ کہ
لَا يُضِيْعُ : ضائع نہیں کرتا

نوٹ: آیت ۱۶۹ میں شہداء کی فضیلت یہ بیان کی گئی ہے کہ وہ مرے نہیں بلکہ زندہ ہیں۔ جبکہ بظاہر ان کا مرنا اور قبر میں دفن ہونا مشاہد اور محسوس ہے۔ پھر قرآن مجید میں ان کو مُردہ نہ کہنے اور نہ سمجھنے کی جو ہدایات آئی ہیں ان کا کیا مطلب ہے۔ اگر کہا جائے کہ حیاتِ برزخی مراد ہے، تو وہ ہر مؤمن و کافر کو حاصل ہے۔ پھر شہداء کی کیا خصوصیت ہوئی؟ اس آیت میں اس کا یہ جواب دیا گیا کہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں اور ان کو رزق دیا جاتا ہے اور رزق زندہ آدمی کو ملا کرتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس دنیا سے منتقل ہوتے ہی شہداء کے لیے جنت کا رزق جاری ہو جاتا ہے اور ایک خاص قسم کی زندگی ان کو مل جاتی ہے جو عام مُردوں سے ممتاز حیثیت کی ہے۔ وہ زندگی کیسی ہے؟ اس کی حقیقت اللہ تعالیٰ کے علاوہ نہ کوئی جان سکتا ہے اور نہ ہی جاننے کی ضرورت ہے۔ (معارف القرآن)

بانیٔ تنظیم اسلامی محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ کی چند فکر انگیز تصانیف

داعی رجوع الی القرآن کا شہرۂ آفاق دورۂ ترجمہ قرآن
اب کتابی شکل میں بعنوان

بیان القرآن

حصہ اوّل: سورۃ الفاتحہ، سورۃ البقرہ مع تعارف قرآن

صفحات: 520 قیمت: 400 روپے

شرک کی حقیقت، اقسام اور دورِ حاضر کے شرک سے واقفیت کے لیے مطالعہ کیجیے

حقیقت و اقسامِ شرک

قیمت اشاعت عام: 50 روپے، خاص: 90 روپے

سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں
اسلامی انقلاب کے مراحل، مدارج اور لوازم

منہج انقلابِ نبویؐ

مجلد 300 روپے غیر مجلد 200 روپے

بعثتِ انبیاء کا اساسی مقصد
بعثتِ محمدیؐ کی اتمامی و تکمیلی شان

نبی اکرم ﷺ کا مقصدِ بعثت

اشاعت خاص 40 روپے، عام 30 روپے

ایک مسلمان کی انفرادی اور اجتماعی
ذمہ داریاں کون کون سی ہیں؟

دینی فرائض کا جامع تصور

اشاعت خاص 25 روپے، عام 15 روپے

ایمان کے لغوی اور شرعی معنی، ایمان کا فلسفہ، ایمان مجمل کا ایمانِ مفصل سے تعلق
اپنے موضوع پر لاثانی تحقیقی و فکری تصنیف

حقیقتِ ایمان

اشاعت خاص 120 روپے

سورۃ العصر کی روشنی میں

راہِ نجات

اشاعت خاص 45 روپے، عام 30 روپے

قربانی ہماری معاشرتی رسم ہے یا دینی فریضہ؟

عید الاضحیٰ اور فلسفۂ قربانی

اشاعت خاص 25 روپے، عام 15 روپے

اُمتِ مسلمہ کے لیے سہ نکاتی لائحۂ عمل

اور نہی عن المنکر کی خصوصی اہمیت

مجلد 100 روپے، غیر مجلد 45 روپے

پاکستان اور ملت اسلامیہ کے حال اور مستقبل کے
تناظر میں لکھے گئے فکر انگیز اخباری کالموں کا مجموعہ

بصائر

صفحات: 130 قیمت: 65 روپے

تحریکِ پاکستان کا تاریخی و سیاسی پس منظر،
اسلامیانِ پاکستان کا تہذیبی و ثقافتی پس منظر

اسلام اور پاکستان

اشاعت خاص 60 روپے، عام 35 روپے

برعظیم پاک و ہند میں

اسلام کے انقلابی فکر کی تجدید و تعمیل

اور اس سے انحراف کی راہیں

اعلیٰ ایڈیشن 50 روپے

دعوت رجوع الی القرآن کی اساسی اور مقبول عام دستاویز
جس کا انگریزی، عربی، فارسی اور سندھی میں ترجمہ ہو چکا ہے

مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق

اشاعت خاص 40 روپے، عام 20 روپے

سابقہ اور موجودہ

مسلمان اُمتوں کا ماضی، حال اور مستقبل

اور مسلمانانِ پاکستان کی خصوصی ذمہ داری

اشاعت خاص 100 روپے

ڈاکٹر صاحب کے دو خطبات کا مجموعہ

اسلام میں عورت کا مقام

اشاعت خاص 80 روپے، عام 50 روپے

مکتبہ خدام القرآن 36۔کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور

مفصل فہرست طلب کیجیے:

فون: 3-35869501-042، فیکس: 042-35834000

email: maktaba@tanzeem.org

رسول اللہ ﷺ کی حکیمانہ نصیحتیں

مدرس: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

عَنِ اَبِیْ ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ : اَمَرَنِیْ خَلِیْلِیْ ﷺ بِسَبْعٍ ، اَمَرَنِیْ بِحُبِّ الْمَسَاکِیْنِ وَالدُّنُوِّ مِنْھُمْ، وَاَمَرَنِیْ اَنْ اَنْظُرَ اِلٰی مَنْ ھُوَ دُوْنِیْ وَلَا اَنْظُرَ اِلٰی مَنْ ھُوَ فَوْقِیْ، وَاَمَرَنِیْ اَنْ اَصِلَ الرَّحِمَ وَاِنْ اَدْبَرَتْ، وَاَمَرَنِیْ اَنْ لَا اَسْأَلَ اَحَدًا شَیْئًا ، وَاَمَرَنِیْ اَنْ اَقُوْلَ بِالْحَقِّ وَاِنْ کَانَ مُرًّا، وَاَمَرَنِیْ اَنْ لَا اَخَافَ فِی اللّٰہِ لَوْمَۃَ لَائِمٍ، وَاَمَرَنِیْ اَنْ اُکْثِرَ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، فَاِنَّھُنَّ مِنْ کَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ (رواہ احمد)

''حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' انہوں نے فرمایا کہ مجھے میرے محبوب دوست (ﷺ) نے سات باتوں کا خاص طور سے حکم فرمایا ہے۔ مجھے آپ ﷺ نے حکم دیا ہے مساکین اور غرباء سے محبت رکھنے کا اور ان سے قریب رہنے کا۔ اور آپؐ نے حکم فرمایا ہے کہ دنیا میں ان لوگوں پر نظر رکھوں جو مجھ سے نچلے درجہ کے ہیں اور اُن پر نظر نہ کروں جو مجھ سے اُوپر کے درجہ کے ہیں۔ (آگے حضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں کہ) اور مجھے آپؐ نے حکم دیا ہے کہ میں اپنے اہل قرابت کے ساتھ صلہ رحمی کروں اور قرابتی رشتہ داروں کو جوڑوں اگرچہ وہ میرے ساتھ ایسا نہ کریں۔ اور آپؐ نے مجھے حکم دیا ہے کہ کسی آدمی سے کوئی چیز نہ مانگوں۔ اور آپؐ نے مجھے حکم فرمایا کہ میں ہر موقع پر حق بات کہوں' اگرچہ وہ لوگوں کے لیے کڑوی ہو۔ اور آپؐ نے مجھے حکم فرمایا کہ میں اللہ کے راستے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈروں۔ اور آپؐ نے مجھے حکم فرمایا کہ میں کلمۂ ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ'' کثرت سے پڑھا کروں' کیونکہ یہ سب باتیں اُس خزانے سے ہیں جو عرش کے نیچے ہے''۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے چہیتے صحابہ میں سے تھے۔ اُن کا شمار سابقون الاولون میں ہوتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ اُن پر خصوصی شفقت فرماتے تھے۔ جب وہ مجلس نبویؐ میں موجود ہوتے تو آپؐ سب سے پہلے انہی کو مخاطب فرماتے۔ وہ رسول اللہ ﷺ کے منظورِ نظر تھے اور انہیں خلیلِ رسولؐ کہا جاتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ صرف معلم ہی نہ تھے بلکہ مربی بھی تھے۔ آپؐ نے اپنے اصحاب کو اسلام سکھایا اور پھر اُن کی تربیت کر کے انہیں اچھا انسان بنایا۔ یہ رسول اللہ ﷺ کی تربیت ہی تھی جس نے عرب کے ناشائستہ لوگوں کو اخلاق کے اعلیٰ مقام پر فائز کیا۔ حدیث زیر درس میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے میرے خلیل یعنی رسول اللہ ﷺ نے سات باتوں کا خاص طور پر حکم دیا۔ پہلی بات جو آپؐ نے مجھے ارشاد فرمائی وہ یہ ہے کہ میں مساکین اور مفلس لوگوں سے محبت رکھوں۔ عام طور پر مسکین اور غریب لوگوں کو معاشرے میں کم درجہ کے افراد سمجھا جاتا ہے' دوسرے لوگ ان کو کوئی اہمیت نہیں دیتے اور نہ اُن کے ساتھ تعلق پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے رزق کی فراخی نہیں دی اور رزق کی فراخی کسی شخص کے اچھا اور معزز ہونے کی علامت نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے تعلیم دی ہے کہ مفلس لوگ حقیر نہیں ہوتے۔ اگر وہ احکامِ الٰہی کی پابندی کرنے والے اور قناعت پسند ہیں تو وہ مال داروں سے اچھے ہیں' کیونکہ دولت مند لوگ مال خرچ کرنے میں عموماً بخل سے کام لیتے ہیں یا مال ناجائز کاموں میں خرچ کرتے ہیں اور برتری کے زعم میں مبتلا ہو کر مسکین اور غریب افراد کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں' اور یہ بات اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں۔ غریب اور مسکین لوگوں کے ساتھ نشست و برخاست اور میل جول رکھنے سے انسان عُجب و تکبر سے بچ جاتا ہے اور اسے اللہ کا شکر ادا کرنے کی توفیق ارزاں ہوتی ہے۔

دوسری بات جو اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمائی وہ یہ ہے کہ میں اُن لوگوں پر نظر رکھوں جو مجھ سے نیچے درجہ میں ہیں' یعنی جن کے پاس دُنیوی زندگی کا سامان مجھ سے کم ہے اور ان پر نظر نہ کروں جن کی مالی حالت مجھ سے اچھی ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر آدمی اپنے سے کمتر حیثیت کے لوگوں کو دیکھے گا تو اُس میں شکر کے جذبات پیدا ہوں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنے سے زیادہ مالدار لوگوں کی طرف دیکھنے سے منع کیا ہے' کیونکہ امیروں کی طرف دیکھ کر حسرت پیدا ہوگی' احساسِ کمتری پیدا ہوگا اور موجود نعمتوں پر شکر گزاری کی توفیق نہ ہوگی' بلکہ کثرت کی خواہش پیدا ہوگی جو ذہنی سکون اور اطمینان کو غارت کر دے گی۔ مزید کے حصول میں لگ کر بندہ ناجائز ذرائع اور وسائل کی طرف لپکتا ہے۔ بیوی بچوں کی طرف سے سہولیات کے مطالبات پر وہ سوچوں میں گم رہنے لگتا ہے اور آسانی کے ساتھ شیطان کے دھوکے میں آ کر حصولِ دولت کے ناجائز طریقوں میں ملوث ہونے لگتا ہے' اس طرح لالچ میں آگے بڑھتے بڑھتے وہ اس مقام پر پہنچ جاتا ہے کہ اس کا واپس مڑنا ممکن نہیں رہتا۔ اس ساری برائی کا تدارک یہ ہے کہ انسان راضی برضائے رب کے جذبات کے ساتھ جو میسر ہو اس پر قناعت کرے اور دوسروں کی عیاشیاں اور محلات دیکھ کر افسردہ نہ ہو۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں تیسری بات جو آپ ﷺ نے مجھے ارشاد فرمائی وہ یہ ہے کہ میں اپنے اہل قرابت کے ساتھ صلہ رحمی کروں' یعنی قریبی رشتہ داروں کے ساتھ تعلق جوڑ کر رکھوں اگرچہ وہ مجھ سے ناطہ توڑیں۔ عام طور پر رشتہ داروں میں شکر رنجیاں پیدا ہو جاتی ہیں جو طول پکڑ لیں تو عداوت تک پہنچ جاتی

ہیں۔ حالانکہ اپنے عزیز و اقارب کی کمزوریوں اور کوتاہیوں کو نظر انداز کر کے قرابت داری کے تعلق کو قائم رکھنا ضروری ہے۔ رشتہ داری کا تعلق خدا کا پیدا کردہ ہے' اس کو کمزور کرنے کی بجائے مضبوط کرنا چاہیے۔ قرآن مجید میں بار بار صلہ رحمی کی تلقین کی گئی ہے اور حدیث میں تو یہاں تک آتا ہے کہ اگر عزیز و اقارب اچھا سلوک نہ بھی کریں تو بھی ان کے ساتھ حسنِ سلوک کا معاملہ کرنا چاہیے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ قطع رحمی کرنے والا یعنی قریبی رشتہ داروں کے ساتھ تعلق توڑنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ جو شخص قرابت داروں کے ساتھ تعلقات توڑتا ہے گویا وہ خدائی فیصلے کو تسلیم نہ کرنے کا مرتکب ہوتا ہے۔ عزیز و اقارب میں جو غریب ہوں ان کو حقارت کی نظر سے دیکھنے کی بجائے اُن کی مدد کرنی چاہیے۔ اسی طرح غریب اور تنگ دست رشتہ داروں کو چاہیے کہ وہ اپنے خوشحال بھائی بندوں سے حسد نہ کریں اور نہ اُن کے لیے زوالِ نعمت کی تمنا کریں' بلکہ اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے دین و دنیا کی بھلائیوں کا سوال کریں۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ چوتھی بات جو میرے خلیل ﷺ نے مجھے فرمائی وہ یہ ہے کہ میں کسی شخص سے کوئی چیز نہ مانگوں' یعنی ضرورت کی ہر چیز کا سوال اللہ تعالیٰ سے کروں۔ دوسروں سے مانگیں تو نہ ملنے پر شرمندہ ہونا پڑتا ہے۔ آپؐ کے اس فرمان سے قناعت' سادگی اور خود انحصاری کا سبق ملتا ہے جو انسان کو باوقار اور خوددار رکھتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی اس تعلیم کا یہ اثر تھا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے اگر کسی گھڑسوار کا چابک نیچے گر جاتا تو وہ اس بات سے گریز کرتا کہ کسی دوسرے کو کہے کہ وہ اسے اٹھا کر دے دے' بلکہ وہ بہتر سمجھتا کہ خود گھوڑے سے اتر کر اپنا چابک پکڑے۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ اپنی حاجت کے لیے اللہ تعالیٰ سے سوال کرو' اگر جوتے کا تسمہ بھی مانگنا ہو تو اللہ سے مانگو' اس سے توکل اور راضی برضائے رب کی نعمتیں میسر آتی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ایک دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک ہی سواری پر جا رہے تھے۔ آپؐ نے انہیں نصیحت کرتے ہوئے فرمایا جب تو کسی چیز کو مانگنا چاہے تو بس اللہ سے مانگ اور جب کسی ضرورت اور مہم میں تو مدد کا محتاج اور طالب ہو تو اللہ ہی سے امداد اور اعانت طلب کر۔ (جامع ترمذی) کسی مخلوق سے سوال کرنا اور مدد مانگنا نری نادانی اور گمراہی ہے۔ اللہ کی مشیت کے بغیر انسان کو کسی طرف سے خیر یا بھلائی نہیں مل سکتی اور نہ اُس کی کوئی حاجت پوری ہو سکتی ہے۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پانچویں بات جو مجھے نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمائی وہ یہ ہے کہ میں ہر موقع پر حق بات کہوں اگرچہ وہ لوگوں کو کڑوی لگے۔ لوگوں کو تو وہ بات پسند آتی ہے جو ان کے مزاج اور خواہش کے مطابق ہو۔ سچی بات جب خواہش سے ٹکرائے گی تو ناپسند لگے گی' مگر ایک مسلمان بندے کو حق گوئی ہی زیب دیتی ہے۔ لوگوں کو خوش کرنے کی خاطر حق کو چھپانا اور لگی لپٹی باتیں کرنا گناہ کا کام ہے' صاف گوئی مردانِ حق کا شیوہ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جابر سلطان کے سامنے کلمۂ حق کہنا سب سے بڑا جہاد ہے''۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی اس بات پر یہاں تک عمل کیا کہ آپؐ نے اُن کے

متعلق فرمایا: ''آسمان کسی ایسے شخص پر سایہ فگن نہیں ہوا اور زمین نے کسی ایسے شخص کو کندھوں پر نہیں اٹھایا جو ابوذرؓ سے زیادہ سچی زبان رکھتا ہو''۔ امیر معاویہؓ شام کے گورنر تھے' وہ اپنا محل تعمیر کروا رہے تھے' حضرت ابوذرؓ نے دیکھا تو امیر معاویہؓ سے مخاطب ہو کر کہا: ''اگر اس محل کی تعمیر اللہ کے مال سے ہو رہی ہے تو خیانت ہے اور اگر اس پر اپنا مال خرچ کر رہے ہو تو یہ اسراف ہے''۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے چھٹا حکم یہ دیا کہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈروں۔ یعنی دنیا والے اگرچہ مجھے برا کہیں لیکن میں وہی کہوں اور وہی کروں جو اللہ کا حکم ہو اور جس سے اللہ راضی ہو اور کسی کے برا بھلا کہنے کی مطلق پروا نہ کروں۔ اسی طرزِ عمل کو ثابت قدمی اور پامردی کہتے ہیں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ اس معاملے میں انتہائی دلیر اور بے باک تھے۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں آخری بات جس کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقع پر مجھے حکم دیا وہ یہ تھی کہ میں کثرت سے کلمہ ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' پڑھتا رہوں' کیونکہ یہ کلمہ اس خزانے سے آیا ہے جو عرش کے نیچے ہے اور یہ وہ خزانہ ہے جہاں تک کسی کی دسترس نہیں۔ یہاں کی متاعِ بے بہا اللہ تعالیٰ جن بندوں کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ اس کلمے کا مفہوم یہ ہے کہ گناہوں سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت بس اللہ ہی کی توفیق سے بندے کو ملتی ہے۔ یعنی اگر اللہ کا فضل اور اس کی توفیق شاملِ حال نہ ہو تو بندہ نہ تو گناہ سے بچ سکتا ہے اور نہ ہی نیک اعمال کر سکتا ہے۔ اگر اس حقیقت پر نظر رہے تو بندہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کے سامنے دست بدعا رہے گا اور اُس سے توفیق اور فضل مانگتا رہے گا تاکہ برائی سے بچ سکے اور نیکی کر سکے۔ اس کلمے کا مطلب سمجھ کر اس کا ورد کرنے والا نیکی کرنے کو اپنا کمال نہیں سمجھے گا بلکہ اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہو گا جس نے اُسے اچھی توفیق دی۔ اور اسی طرح گناہ سے بچے گا تو بھی خالق و مالک کا شکر ادا کرے گا کہ اُس نے اُسے گناہ سے بچا لیا۔ عقیدہ اور عمل کی اصلاح کے لیے اس کلمے کا ورد اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: کیا میں تم کو وہ کلمہ بتاؤں جو عرش کے نیچے سے اترا ہے اور خزانۂ جنت میں سے ہے۔ وہ کلمہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ہے (جب بندہ دل سے یہ کلمہ پڑھتا ہے) تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ بندہ (اپنی انانیت سے دستبردار ہو کر) میرا تابع فرمان ہو گیا ہے۔ بعض اہلِ علم و تقویٰ کا کہنا ہے کہ قلب و نفس کی جلی اور خفی کدورتوں کو دور کرنے میں اس کلمے کی خاص تاثیر ہے۔ چنانچہ اصلاحِ نفس کے لیے ہر شخص کو چاہیے کہ وہ اس کے مطلب کا فہم حاصل کر کے خلوصِ نیت کے ساتھ اس کلمے کو وردِ زبان رکھے۔

❁❁❁

شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی
تحریکِ رجوع اِلی القرآن والسُّنّہ
اور موجودہ دَور میں اس کی معنویت

ڈاکٹر ظفر الاسلام اصلاحی ☆

ہندوستانی علماء میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (۱۷۰۳-۱۷۶۲ء) ایک ممتاز عالم و مصنف اور عظیم مفکر و مصلح کی حیثیت سے کافی مشہور ہیں، لیکن ان کی آخر الذکر حیثیت سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ اس کے متعدد وجوہ ہیں:

☆ درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کی مصروفیات کے ساتھ انہوں نے اصلاحِ معاشرہ پر بھرپور توجہ دی، جبکہ عام طور پر مذکورہ مصروفیات سے تعلق رکھنے والے حضرات یا تو گوشہ نشیں رہتے ہیں یا عوامی سطح پر اتر کر سماج کی نبض پر ہاتھ رکھنا اور عام لوگوں کے مسائل سے باخبر ہو کر ان کے حل کے لیے کوشش کرنا گوارا نہیں کرتے۔

☆ اپنی اصلاحی تحریک شروع کرنے سے پہلے شاہ صاحب نے اپنے زمانے کے مسلمانوں کی مذہبی، سماجی، معاشی و سیاسی زندگی کا بغور جائزہ لیا اور علماء و صوفیاء، اہل حکومت و عوام سب کے احوال و کوائف کا گہرا مطالعہ کیا اور ان کی انفرادی و اجتماعی زندگی کے امراض کی نشاندہی کی۔

☆ شاہ ولی اللہؒ نے نہ صرف یہ کہ مسلمانوں کی انفرادی و ملی زندگی کو لاحق ہونے والے امراض کی تشخیص کی بلکہ ان کا علاج بھی تجویز کیا۔ انہوں نے محض مسائل کا انبار نہیں لگایا بلکہ ان کے حل کے لیے مؤثر و مفید تدابیر بھی سمجھائیں، جبکہ دوسرے مصلحین نے عام طور پر یا تو صرف امراض کی نشاندہی کی ہے یا محض اصلاحی تجاویز و تدابیر پیش کرنے پر اکتفا کیا ہے۔

☆ شاہ ولی اللہؒ نے مسلم معاشرہ کے کسی خاص طبقہ کو اپنی توجہ کا مرکز نہیں بنایا بلکہ مختلف طبقہ کے لوگوں (بادشاہ و امراء، علماء و صوفیاء، سپاہی و افسران، اہل حرفت و صنعت اور عوام) کی اصلاح کے لیے کوشش

☆ معاون مدیر ششماہی علوم القرآن۔ شبلی باغ، علی گڑھ (انڈیا)

کی اور اپنی تحریروں میں ان میں سے ہر طبقہ کے حالات کے اعتبار سے ان سے الگ الگ انداز میں خطاب کیا اور انہیں قرآن وسنت کی روشنی میں اصلاحِ حال کی دعوت دی۔

☆ سماجی زندگی کی اصلاح کے لیے اپنے خیالات کو پیش کرتے ہوئے یا مسلمانوں کو اصلاحِ احوال کی طرف متوجہ کرتے ہوئے شاہ ولی اللہؒ نے سب سے زیادہ قرآن وسنت کی اتباع پر زور دیا۔ مختلف طبقات کے مسلمانوں سے خطاب میں یہی ان کا مشترک پیغام تھا اور اسی کی قبولیت اور اس پر عمل آوری کو انہوں نے ان کے مرض کے ازالہ کے لیے سب سے کارگر ومفید نسخہ بتایا۔ مزید برآں اپنی تصنیفی وتالیفی مصروفیات کے ذریعہ وہ اسی نسخہ کی تشریح وتوضیح فرماتے رہے اور اس کی اہمیت وتاثیر دلوں میں نقش کرتے رہے۔

شاہ ولی اللہؒ نے جن حالات میں اپنی اصلاحی تحریک شروع کی اور لوگوں کو رجوع الی القرآن والسنّہ کی دعوت دی ان کا نقشہ خود شاہ صاحب نے اپنی تحریروں میں کھینچا ہے' اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ مسلمانوں کا کوئی ایسا طبقہ نہیں تھا جس کی زندگی فساد یا بگاڑ کا شکار نہ ہو۔ عام طور پر قرآن وحدیث سے بے توجہی پائی جاتی تھی' مجالس آرائی یا پڑھے لکھے لوگوں کی حلقہ بندی کا رواج تھا لیکن ان حلقوں میں بس قصے کہانی کی کتابیں' صوفیاء کے ملفوظات' مشہور فارسی شعراء کے اشعار اور حکماء وفلاسفہ کے اقوال کا چرچا ہوتا تھا۔ شاہ صاحب نے فارسی ترجمۂ قرآن کے مقدمہ میں ان مروّجہ کتابوں میں سے کچھ کا نام ظاہر کرتے ہوئے اپنے زمانہ کی صورت حال کی بہترین عکاسی فرمائی ہے' خود ان کے الفاظ میں ملاحظہ ہو:

''چناں که یاران سعادت مند مثنوی مولانا جلال الدین' گلستان شیخ سعدی و منطق الطیر شیخ فرید الدین عطار و قصص فارابی و نفحات مولانا عبدالرحمٰن و امثال آں نقل مجلس دارند' چه باشد اگر ایں ترجمه را بہماں اسلوب درمیان آرند و حصه از شغل خاطر بادراك آں گمارند. گر آں شغل با کلام اولیاء است ایں بر شغل کلام الله و اگر آں مواعظ حکیماں است ایں مواعظ احکم الحاکمین است'' (۱)

ان باتوں سے شاہ صاحب کا مقصود اس طرف متوجہ کرنا تھا کہ قرآن کی نسبت سے مجلسیں یا اسے سمجھنے سمجھانے کے حلقے تقریباً مفقود تھے اور پھر یہ دعوت دینی تھی کہ اصل ضرورت تو قرآن کے مذاکرہ اور اسے سمجھنے وسمجھانے کی ہے۔ اس لیے کہ اس سے بڑھ کر نصیحت کی کوئی اور بات ہو ہی نہیں سکتی اور اس سے زیادہ کسی اور کتاب میں حکمت ودانائی کی بات مل ہی نہیں سکتی۔ مسلم معاشرہ کی جس صورتِ حال میں شاہ ولی اللہؒ نے اپنی دعوتِ قرآن شروع کی اس میں انہوں نے ضروری سمجھا کہ سرچشمۂ ہدایت ہونے کی حیثیت سے قرآن کریم کے مقام ومرتبہ کو واضح کیا جائے' لوگوں کے دلوں میں اس کی عظمت وقدر وقیمت جاگزیں کی جائے اور اس نسخۂ کیمیا سے فیض یابی کی ضرورت واہمیت دل ودماغ میں نقش کی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ

انہوں نے اپنی کتب ورسائل میں مختلف طور پر قرآن مجید کے مقام ومرتبہ کی وضاحت کا خاص اہتمام فرمایا ہے۔ کہیں انہوں نے علمِ قرآن کو اعظم العلوم، اجل العلوم وانجل العلوم سے تعبیر کیا(۲) تو کبھی انہوں نے یہ خیال ظاہر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں جن نعمتوں سے سرفراز فرمایا ہے ان میں سب سے بڑی نعمت فہمِ قرآن ہے اور یہ کہ اس کمترین اُمت پر نبی کریم ﷺ کے بہت احسانات ہیں، ان میں سب سے عظیم احسان قرآن کی تبلیغ (یعنی اس کے پیغام کی ترسیل) ہے اور وہ اس طور پر کہ آپ ﷺ نے قرآن کی تلقین قرنِ اوّل کو فرمائی، درجہ بہ درجہ اس خاکسار کو بھی اس کی روایت ودرایت سے حصہ ملا(۳)۔ اتباعِ رسولؐ اور حدیث کی اہمیت واضح کرتے ہوئے شاہ صاحبؒ نے اسے ''**عمدة العلوم اليقينية**'' اور ''**مبنى العلوم الدينية**'' قرار دیا اور رسول اکرم ﷺ کی سنت کو بہترین سنت سے تعبیر کیا(۴)۔

اہم بات یہ کہ شاہ ولی اللہؒ نے نہ صرف یہ کہ قرآن وسنت کے مقام ومرتبہ کو واضح فرمایا بلکہ اپنے زمانہ کے حالات کے پیش نظر لوگوں کو بار بار یہ دعوت بھی دی کہ وہ انہیں پڑھیں، سمجھنے کی کوشش کریں اور ان سے رہنمائی حاصل کریں۔ شاہ صاحب نے خود بھی بچپن ہی سے اس کی جانب توجہ دی، وہ اپنے والد گرامی شاہ عبدالرحیمؒ سے قرآن کا معنی ومفہوم سمجھنے کی کوشش کرتے۔ ان کا ذوق فہم قرآن اسی دور کی یادگار ہے اور اس میں ان کے والد کی تعلیم وتربیت کا خاص دخل رہا ہے، جیسا کہ خود انہوں نے اس کی صراحت کی ہے، وہ تحریر فرماتے ہیں:

> ''اللہ تعالیٰ کے عظیم احسانات میں سے مجھ پر ایک احسان یہ ہے کہ چند مرتبہ والد بزرگوار سے مدرسہ میں قرآن عظیم کے معانی، شانِ نزول اور کتبِ تفسیر کی طرف رجوع کرتے ہوئے کلامِ قدسی میں تدبر حاصل کرنے کا موقع ملا جو میرے لیے ایک عظیم فتح تھی اور اس پر خدائے قدوس کا لاکھ لاکھ شکر ہے''۔(۵)

انہوں نے اپنے مقررہ نصابِ تعلیم میں اس بات کو خاص اہمیت دی کہ عربی زبان سے واقفیت کے بعد قرآن وحدیث کی تعلیم پر خصوصی توجہ دی جائے اور قرآن شریف کی تعلیم کے سلسلہ میں اس نکتہ پر خاص زور دیا کہ اوّلین مرحلہ میں بغیر تفسیر کی کسی کتاب کی مدد کے شروع سے آخر تک پورے قرآن کا ترجمہ کیا جائے اور مختصر تشریح کی جائے اور پھر دوسرے مرحلہ میں تفسیر کی کوئی کتاب سامنے رکھ کر قرآنی آیات کا معنی ومفہوم واضح کیا جائے۔(۶) ان سب سے اہم یہ کہ شاہ صاحب نے اپنے مشہور وصیت نامہ میں پہلی ہی وصیت میں یہ تلقین کی کہ قرآن وحدیث پر مضبوطی سے قائم رہا جائے، روزانہ ان کا کچھ حصہ پڑھا جائے، ان میں غور وفکر کیا جائے اور ان کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کی جائے۔ اگر پڑھنے کی اہلیت نہ ہو تو دونوں میں سے کم از کم ایک ورق کا ترجمہ سنا جائے۔(۷)

آسان طریقہ پر ہر گھر میں قرآن کے پیغام کو یاد کرنے اور پھیلانے کا یہ عملی طریقہ تھا جس کی ترویج کے لیے شاہ صاحب نے بھرپور کوشش کی۔ درحقیقت وہ یہ چاہتے تھے کہ کوئی مسلم گھر اس کتابِ ہدایت کے ذکر

سے خالی نہ رہے۔ اس لیے کہ معاشرہ کی بگڑی ہوئی صورت حال کا یہی تقاضا تھا اور وہ اس یقین تک پہنچ گئے تھے کہ اس منبعِ رشد و ہدایت سے مسلمانوں کا فکری و عملی تعلق استوار ہوئے بغیر کوئی گتھی سلجھنے والی نہیں ہے۔

واقعہ یہ کہ موجودہ مسلم معاشرہ پر نظر ڈالی جائے اور مسلمانوں کے حالات کا بغور مطالعہ کیا جائے تو آج بھی شاہ ولی اللہ کی تحریک رجوع الی القرآن والسنّہ کی معنویت و افادیت پوری طرح واضح ہو جائے گی۔ قرآن کریم سے بے توجہی و غفلت کے معاملہ میں اس وقت مسلم معاشرہ کی صورت حال تقریباً وہی ہے جو اٹھارہویں صدی عیسوی کے نصف اوّل میں تھی۔ جدید دور میں قصہ گوئی' کتاب خوانی اور شعر و شاعری کی محفلیں تو کم سے کم ہوتی جا رہی ہیں' لیکن دوسری قسم کی مصروفیات و دلچسپیوں کی کمی نہیں۔ ٹی وی' کمپیوٹر' انٹرنیٹ و سائبر کیفے اور تفریح کے مختلف ذرائع میں ضرورت سے زیادہ انہماک و دلچسپی نے پورے معاشرہ کو اپنے گھیرے میں لے لیا ہے جس سے نوجوان طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہے' اور پھر تعلیم کے میدان میں مقابلہ کی پروان چڑھتی ہوئی فضا اور معاشیات کی راہ میں انتھک بھاگ دوڑ کی وجہ سے موجودہ دور کا انسان مصروف سے مصروف تر نظر آتا ہے' مسلمان بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں۔ ان حالات میں مذہبی کتابوں خاص طور سے قرآن وحدیث کے پڑھنے پڑھانے اور سمجھنے سمجھانے میں دلچسپی کا کم ہو جانا یا اس کے لیے وقت نہ نکالنا کوئی تعجب کی بات نہیں۔ شاہ ولی اللہؒ کے دور میں عام پڑھے لکھے لوگوں کی جو مصروفیات تھیں آج ان کی نوعیت تو بدل چکی ہے لیکن سرچشمۂ رشد و ہدایت سے سیرابی کی طلب میں کمی یا اس نسخۂ کیمیا سے استفادہ کے شوق کی پژمردگی کا ماحول آج بھی عام طور پر چھایا ہوا ہے اور یہ صورت حال کم و بیش ہر طبقہ کے لوگوں میں پائی جاتی ہے جیسا کہ شاہ صاحب کے زمانہ میں تھی۔ اس لیے قرآن وسنت کی طرف لوگوں کو بلانے' ان سے تعلق مضبوط کرنے کی دعوت دینے اور ان سے استفادہ کی راہیں ہموار کرنے کی ضرورت و افادیت نہ صرف بڑھ گئی ہے بلکہ یہ وقت کا تقاضا ہو گیا ہے اور ہر فرد بالخصوص اصحابِ علم کے لیے یہ مسئلہ سب سے زیادہ توجہ کا طالب بن گیا ہے۔

شاہ ولی اللہؒ نے اپنے عہد میں قرآن وسنت سے لوگوں کا تعلق مضبوط کرنے' ان کی فہم کو فروغ دینے اور براہِ راست ان سے استفادہ کی سہولیات بہم پہنچانے کے لیے کیا تدابیر سمجھائیں اور کون سے اقدامات کیے' ان کی کچھ وضاحت یہاں ضروری معلوم ہوتی ہے تاکہ ان کی تحریک رجوع الی القرآن والسنّہ کے اہم پہلو سامنے آ جائیں اور اس کا طریق کار واضح ہو جائے۔ مزید برآں اس سے یہ اندازہ کرنے میں بھی آسانی ہوگی کہ موجودہ دور میں ان خطوط پر کام کرنے کے کیا مواقع ہیں اور وہ کس حد تک مفید ہو سکتے ہیں۔

شاہ ولی اللہؒ نے اپنے زمانہ کے حالات کی روشنی میں اس بات پر خاص توجہ دی کہ لوگوں کو قرآن و سنت سے قریب لانے اور ان سے حصولِ رہنمائی کی ترغیب وتشویق کے لیے ضروری ہے کہ مروّجہ زبان میں قرآن اور حدیث کی کسی کتاب کا ترجمہ کیا جائے۔ درحقیقت اسی مقصد سے انہوں نے قرآن کریم اور

مؤطا امام مالک کے فارسی میں ترجمہ ومختصر تشریح کی نیک خدمت انجام دی۔ ترجمہ کا یہ کام محض علمی کام و تالیفی مشغلہ نہیں تھا' بلکہ یہ اس تحریک کا بنیادی وضروری عنصر تھا جو انہوں نے اصلاحِ معاشرہ کے لیے چلائی تھی۔ یعنی اس کے ذریعہ لوگوں کو قرآن وحدیث سے استفادہ کی آسانی بہم پہنچانا اور ہدایت کے ان خزانوں سے فیض یابی کی راہیں ہموار کرنا۔ فارسی ترجمۂ قرآن کے مقدمہ میں انہوں نے جس انداز سے مسلمانوں کے سماجی حالات اور روزمرہ مشاغل کی عکاسی کی ہے اور پھر اس کے حوالہ سے فارسی ترجمۂ قرآن کی ضرورت واہمیت واضح کی ہے' اس سے بھی یہی نکتہ اُبھر کر سامنے آتا ہے۔ مزید برآں ترجمہ کی زبان کے سلسلہ میں اس صراحت سے بھی یہ بات اور متحقق ہوجاتی ہے کہ اس میں وہ فارسی زبان استعمال کی گئی ہے جو ان کے عہد میں عام طور پر بولی اور سمجھی جاتی تھی۔ تیسرے ترجمہ کے ساتھ مختصر تشریح اور پیچیدہ مسائل سے احتراز سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ترجمہ کا اصلی مقصد کیا تھا۔ اسی طرح موطا امام مالک کی عربی شرح (مسوّی) کی تالیف کے علاوہ فارسی میں اس مشہور مجموعۂ حدیث کے ترجمہ وتشریح (مصفّٰی) سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ شاہ صاحب یہ چاہتے تھے کہ عام پڑھے لکھے مسلمان قرآن کے ساتھ براہِ راست حدیث سے بھی استفادہ کریں اور روزمرہ زندگی میں ان کی ہدایات کو اپنائیں اور ہر معاملہ میں ان سے سبق حاصل کریں۔ اصلاحِ معاشرہ کے مشن میں شاہ ولی اللہؒ نے ترجمہ وتشریح کے کاموں کو اہمیت اس وجہ سے دی کہ وہ یہ حقیقت اچھی طرح سمجھتے تھے کہ لوگوں کے افکار واعمال کو صحیح رخ پر موڑنے اور ان کی معاشرتی خرابیوں کے ازالہ کے لیے اس سے بہتر اور کوئی ذریعہ نہیں ہوسکتا کہ مسلمان قرآن وسنت سے اپنا تعلق مضبوط کریں اور انہیں مشعلِ راہ بنائیں۔ شاہ صاحب کے فارسی ترجمۂ قرآن کے پس منظر پر تبصرہ کرتے ہوئے مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ نے بجا فرمایا ہے:

> ''الغرض شاہ صاحب نے سفرِ حجاز سے واپسی کے پانچ سال بعد یہ فیصلہ کیا کہ ہدایتِ عالم' اصلاحِ عقائد اور اللہ تعالیٰ سے طاقتور رابطہ پیدا کرنے کا کوئی ذریعہ قرآن مجید کی ہدایات کی براہِ راست اشاعت وتبلیغ سے زیادہ مؤثر نہیں ہوسکتا' اور اس کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ ہے قرآن مجید کا فارسی ترجمہ واشاعت''۔(۸)

شاہ ولی اللہؒ نے اٹھارہویں صدی عیسوی میں اُمتِ مسلمہ کو قرآن وسنت سے قربت پیدا کرنے اور ان کے پیغام کو سمجھنے کی جو دعوت دی اس کی معنویت واہمیت اس وقت اور واضح ہوجاتی ہے جب مسلمانوں کے دینی وسماجی اور معاشی وسیاسی حالات کو پیش نظر رکھا جائے۔ معاصر وغیر معاصر تاریخی کتب کے مطالعہ سے جو منظر نامہ سامنے آتا ہے وہ یہ ہے:

ہر طبقہ کے لوگ معاشرتی پستی واخلاقی زوال میں مبتلا تھے۔ اصحابِ ثروت عام طور پر عیش پسندی' تن آسانی وفضول خرچی کے عادی تھے۔ شاہی گھرانوں میں روزانہ انواع واقسام کے کھانے اس قدر ضرورت سے زائد پکتے تھے کہ بددیانت باورچی فاضل کھانوں کو بازار میں انتہائی کم قیمت پر بیچ دیتے

تھے۔ یہاں تک کہ بہت سے گھروں میں کھانا پکتا ہی نہیں تھا اور یہی بچا ہوا کھانا سستے داموں پر خرید لیتے تھے۔ شادی کے موقع پر چالیس پچاس لاکھ روپے خرچ ہو جانا معمولی بات تھی' گرچہ یہ صورت حال بادشاہ و امراء طبقہ میں پائی جاتی تھی لیکن عام لوگ بھی اس سے متأثر ہو رہے تھے۔

ضعف عقیدہ' فرائض سے بے توجہی' غیر ضروری رسوم و رواج میں انہماک اور مزارات' عرس و میلوں میں بڑھتی ہوئی دلچسپی ان کی مذہبی زندگی کے خدوخال تھے۔ پیدائش' شادی و موت کے مواقع سے تعلق رکھنے والی بہت سی ہندوانہ رسوم و روایات مسلم معاشرہ کا جزو بن گئی تھیں۔ دربار میں بعض غیر اسلامی تہوار بڑے دھوم دھام سے منائے جاتے تھے۔ توہمات میں یقین' تعویذ و گنڈوں کا کثرت سے استعمال' فال نکالنے و شگون لینے کی عادت میں امیر و غریب' پڑھے لکھے و اَن پڑھ سبھی مبتلا تھے' یہاں تک کہ ہر بڑی آبادی میں تعویذ نویسوں' فال نکالنے والوں اور کاہنوں کا پیشہ ور طبقہ سرگرمِ عمل ہو گیا تھا۔

آمدنی و خرچ میں عدم توازن کا رویہ اہل حکومت میں عام تھا۔ شان و شوکت کی نمائش' عیش و عشرت کی محافل کا انعقاد' شادی و خوشی کے مواقع پر اسراف' رشوت ستانی و بدعنوانی کے برے اثرات ہر طرف چھائے ہوئے تھے۔ معاشی اداروں (زراعت' تجارت' صنعت و حرفت) کی ترقی میں توازن کے اصول کی خلاف ورزی ہو رہی تھی۔ دیہی علاقوں میں عام کسان و کاشت کار جاگیرداروں' زمینداروں اور بڑے بڑے کسانوں یا چودھری و مکھیا کے استحصال و غیر منصفانہ رویہ کا شکار تھے' بدعنوانی اور حکومت کے افسران کی غفلت شعاری کی وجہ سے خراج یا محصول اراضی کی آمدنی دن بہ دن کم ہوتی جا رہی تھی۔

عیش و عشرت اور حرم سرا میں وقت گزارنا بادشاہوں کا (سوائے چند کے) محبوب مشغلہ تھا۔ بادشاہ' امراء اور حکومت کے اہم افسران اپنے فرائض کی انجام دہی میں کوتاہ و لاپرواہ تھے۔ امراء کی باہمی چپقلش اور سیاسی اثر و رسوخ میں اضافہ کے لیے ایک دوسرے کے خلاف مقابلہ آرائی اور تخت و تاج کی جلد جلد تبدیلی نے سیاسی عدم استحکام و انتشار کی کیفیت پیدا کر دی تھی۔ بادشاہ کی نااہلی اور مرکز میں حکومت کی کمزوری کی وجہ سے امراء و جاگیردار اپنی مالی و سیاسی پوزیشن مضبوط کرنے میں مصروف تھے' صوبائی افسران پر گرفت ڈھیلی پڑ گئی تھی۔ ان حالات میں لازمی طور پر باغیانہ عناصر کو بڑھاوا ملا اور مغل حکومت کے داخلی و خارجی مخالفین کی سرگرمیوں میں اضافہ ہو گیا۔

علماءِ وقت بھی اپنے فرائض سے غافل ہو گئے تھے۔ قرآن و حدیث میں انہماک اور ان سے بھرپور استفادہ کے بجائے فقہ' فلسفہ و تصوف کی کتابوں سے زیادہ اشتغال رکھتے تھے۔ مسائل کے حل میں قرآن و حدیث سے براہِ راست رجوع کرنے کے بجائے وہ قدیم فقہی کتب پر انحصار کرتے تھے۔ فقہی موشگافیوں میں وہ اپنی صلاحیتیں زیادہ صَرف کرتے تھے اور تقلید کی ڈگر سے ہٹنے کو تیار نہ تھے۔ مجتہدانہ ذوق کا فقدان زمانہ کا مزاج بن گیا تھا۔ ان علماء میں ایک طبقہ ایسا بھی تھا جو دنیوی فائدہ کی خاطر یا بادشاہ و امراء کو خوش

کرنے کے لیے احکامِ شریعت کی غلط تعبیر پیش کرنے میں بھی نہیں ہچکچاتا تھا۔

اس زمانہ میں صوفیاء کے متعدد گروہ خود بھی فکر وعمل کے اعتبار سے گمراہ تھے اور دوسروں کی گمراہی کا ذریعہ بن رہے تھے۔ قرآن وسنت کے خلاف بہت سے اعمال ان کی زندگی میں رائج تھے' ان میں نشہ آور چیزوں کے استعمال' ساتر لباس سے احتراز' ازدواجی زندگی سے پرہیز کرنے والے بھی تھے۔ صوفیہ کے ایک طبقہ نے پیشہ وارانہ صورت اختیار کر لی تھی اور تصوف اور اس کے اشغال کو کسبِ مال کا ذریعہ بنالیا تھا۔ عوام میں اُن صوفیاء کے اثرات بڑھتے جا رہے تھے جو مذہبی فرائض و واجبات کی تلقین کے بجائے انہیں اوراد و وظائف اور مخصوص صوفیانہ اعمال کا عادی بنا رہے تھے۔(۹)

یہ تھے ہند کی ملتِ اسلامیہ کے مذہبی وسماجی' معاشی وسیاسی احوال وکوائف جن میں ولی اللّٰہی تحریک نے جنم لیا' اور جس انداز میں انہوں نے مسلمانوں کے الگ الگ طبقہ سے خطاب کر کے انہیں اصلاحِ احوال کی دعوت دی اُس سے یہ حقیقت بخوبی ثابت ہوتی ہے کہ معاصر مسلم معاشرہ پر ان کی نظر بہت گہری تھی۔ انہوں نے ہر ہر پہلو سے اس کی نبض ٹٹولی' اس کی بیماریوں وکمزوریوں کا پتا لگایا اور ان کے اسباب پر غور وخوض کر کے علاج کی تدابیر پیش کیں۔ اس میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں کہ ان کے مجوزہ علاج کا بنیادی عنصر رجوع الی القرآن والسنہ تھا۔ شاہ ولی اللہؒ نے اپنے نتائجِ فکر اپنی مختلف کتابوں میں پیش کیے ہیں جن میں قرآن وحدیث کے تراجم کے علاوہ حجۃ اللہ البالغہ' **التفہیمات الالٰہیہ**' وصیت نامہ اور مکتوبات کے مجموعے شامل ہیں۔ سچ یہ کہ مختلف موضوعات پر شاہ صاحب کی کثیر تصانیف بطور علمی یادگار ملتی ہیں اور ان میں مختلف النوع مسائل زیر بحث آئے ہیں۔ ان میں سے بیشتر میں قرآن وحدیث کی ترجمانی کو اوّلیت دی گئی ہے اور اس فکر کی تشریح وترجمانی پر زور دیا گیا ہے کہ قرآن وسنت سے حصولِ رہنمائی اور ان کی ہدایات پر کاربند رہنے میں ہی مسلمانوں کے مسائل کا حل پوشیدہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی کتابوں میں قرآن وحدیث کے حوالے بکثرت ملتے ہیں۔ بہت سے مباحث کے ضمن میں ان کے حوالے واضح طور پر نہیں ملتے' لیکن اگر ان کا بغور مطالعہ وتجزیہ کیا جائے تو یہی نتیجہ اخذ ہوگا کہ وہ قرآن وحدیث سے مستفاد ہیں۔ انہوں نے علماء کے نام اپنے پیغام میں بھی اسی پر خاص زور دیا ہے کہ وہ دوسری کتابوں کے بجائے قرآن وحدیث کو اوّلیت دیں اور اپنے افکار وخیالات کا اصل ماخذ ومنبع انہی کتابوں کو بنائیں اور انہی کی ہدایات وتعلیمات بالخصوص قرآنی فکر کی تشریح وترجمانی کو اپنی تحریروں کا خاص مقصد قرار دیں۔ اس لیے کہ اصلاً دین کے مبلغ وہی (علماء) ہوتے ہیں اور تحریکِ اصلاح کی مشعل کو چلانے والے بھی وہی ہوتے ہیں۔ مختصر یہ کہ شاہ صاحب نے خود بھی اپنے خطبات اور تحریروں میں اسی قیمتی نکتہ کو عملی طور پر برتا اور اصحابِ علم واہلِ قلم کو بھی اسی کی دعوت دی۔ معروف پاکستانی اسکالر ڈاکٹر محمد الغزالی نے شاہ ولی اللہؒ کے فکری ماخذ پر روشنی ڈالتے ہوئے صحیح تبصرہ فرمایا ہے:

"The Quran remains throughout the ultimate source of his thought" (۱۰)

اسی بات کو وہ مزید واضح انداز میں بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ شاہ ولی اللہ انسانی معاشرہ کے مسائل پر قرآنی منہاج سے نظر ڈالتے ہیں اور اسی کی روشنی میں ان کا حل بھی پیش کرتے ہیں۔ مزید برآں قوموں کے عروج وزوال پر ان کے مباحث اور انسانی تمدن کے ارتقاء کے بارے میں ان کے خیالات کی بنیادیں بھی قرآن میں مل جائیں گی۔ (۱۱)

شاہ ولی اللہ کی اصلاحی تحریک کا دائرہ بہت وسیع تھا۔ جیسا کہ پہلے واضح کیا جا چکا' انہوں نے معاشرہ کے ہر طبقہ کو اپنی دعوت رجوع الی القرآن والسنّہ کا مخاطب بنایا اور ہر ایک کو قرآن وسنت سے قربت پیدا کرنے اور ان پر کاربند رہنے کی تلقین کی۔ اس کی بخوبی وضاحت ان تحریروں سے ملتی ہے جن میں انہوں نے علماء' صوفیاء' اہل حکومت اور عوام سب سے الگ الگ خطاب کر کے انہیں اصلاحِ احوال کی دعوت دی ہے۔ انہوں نے جس حکیمانہ انداز میں اُمت کی دکھتی رگ پر انگلی رکھی ہے اور ایک ماہر نباض کی حیثیت سے مسلمانوں کی انفرادی واجتماعی زندگی کے امراض کی تشخیص کی ہے' اس سے نہ صرف مسلمانوں کی اصلاح کے تئیں ان کی دردمندی وفکرمندی کا ثبوت ملتا ہے بلکہ اپنی اصلاحی تحریک شروع کرنے سے قبل انہوں نے مسلمانوں کے مختلف طبقات کے حالات کا جس گہرائی سے مطالعہ وتجزیہ کیا اور جس خوش اسلوبی سے انہوں نے اس تحریک کو ایک حکمت عملی کے طور پر اختیار کیا' وہ بھی اس سے بخوبی واضح ہوتا ہے۔ معاشرہ کے مختلف قسم کے لوگوں کے لیے شاہ صاحب کے خطابات کے کچھ حصے یہاں نقل کیے جا رہے ہیں تا کہ ان کے قیمتی پہلو مزید واضح طور پر سامنے آ جائیں۔ طالبینِ علم وحاملینِ علم دین (طلبہ وعلماء) سے خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اے بدعقلو! جنہوں نے اپنا نام علماء رکھ چھوڑا ہے تم یونانیوں کے علوم میں ڈوبے ہوئے ہو اور صَرف ونحو ومعانی میں غرق ہو اور سمجھتے ہو کہ یہی علم ہے۔ یاد رکھو علم یا تو قرآن کی کسی آیتِ محکم کا نام ہے یا سنتِ ثابتہ قائمہ کا۔ چاہیے کہ قرآن سیکھو' پہلے اس کے غریب لغات حل کرو' پھر سبب نزول کا پتا چلاؤ اور اس کے مشکلات کو حل کرو۔ اسی طرح جو حدیث رسول اللہ ﷺ کی صحیح ثابت ہو چکی ہے اسے محفوظ کر لو..... چاہیے کہ حضور ﷺ کی پوری روش کی پیروی کرو اور آپؐ کی سنت پر عمل کرو' مگر اس میں اس کا خیال رہے کہ جو سنت ہے اسے سنت ہی سمجھو نہ کہ اسے فرض کا درجہ عطا کرو۔ اسی طرح چاہیے کہ جو تم پر فرائض ہیں انہیں سیکھو' مثلاً وضو کے ارکان کیا ہیں' نماز کے ارکان کیا ہیں' زکوٰۃ کا نصاب کیا ہے' قدرِ واجب کیا ہے' میت کے حصوں کی مقدار کیا ہے..... جن علوم کی حیثیت ذرائع اور آلات (مثلاً نحو وصرف وغیرہ) کی ہے تو ان کی حیثیت آلہ اور ذریعہ ہی کی رہنے دو' نہ کہ انہی کو مستقل علم بنا بیٹھو۔ علم کا پڑھنا تو اس لیے واجب ہے کہ اس کو سیکھ کر مسلمانوں کی بستیوں میں اسلامی شعائر کو رواج دو' لیکن تم نے دینی شعائر اور اس کے احکام کو تو پھیلایا نہیں اور لوگوں کو زائد از ضرورت باتوں کا مشورہ دے رہے ہو''۔ (۱۲)

مزید برآں شاہ ولی اللہ علماء کو بار بار اس کی دعوت بھی دیتے رہے کہ فقہی مسائل کے حل میں سب سے پہلے وہ لازمی طور پر قرآن وحدیث سے رجوع کریں‘ اس لیے کہ یہی بنیادی و اوّلین مآخذ ہیں۔ انہوں نے اپنے مشہور وصیت نامہ کی پہلی ہی وصیت میں اس بات کی خاص تاکید کی کہ فروعی مسائل کا قرآن وسنت کی روشنی میں جائزہ لیا جائے‘ جو ان کے موافق ہوں انہیں قبول کیا جائے اور جو خلاف ہوں انہیں ترک کر دیا جائے۔ بہت ہی واضح لفظوں میں انہوں نے یہ حقیقت گوش گزار کی کہ اُمت کو قیاسی مسائل میں کسی صورت میں کتاب وسنت سے استغناء نہیں ہے۔ (۱۳)

علماء یا حاملینِ علم سے خطاب یا انہیں نصیحت کرنے میں شاہ ولی اللہ نے خاص طور سے تین باتوں کی طرف انہیں متوجہ کیا ہے اور وہ یہ کہ تمام علوم میں علمِ قرآن وحدیث کے سیکھنے سکھانے پر سب سے زیادہ توجہ دی جائے‘ دین کی باتیں معلوم کرنے اور احکامِ شریعت کا علم حاصل کرنے کے لیے ان سے براہِ راست استفادہ کیا جائے۔ مزید یہ کہ اکتسابِ علم کا سب سے بڑا مقصد لوگوں میں دین کی اشاعت اور دینی شعائر کی ترویج ہے‘ علمی صلاحیتوں کو انہی کاموں کے لیے استعمال کیا جائے نہ کہ لوگوں کو غیر ضروری باتوں میں منہمک کرنے کے لیے۔

مشائخ (پیرزادوں) سے خطاب کرتے ہوئے اور عام مسلمانوں کو گمراہ کن صوفیوں سے متنبہ کرتے ہوئے شاہ صاحب فرماتے ہیں:

> ''اے وہ لوگو! جو اپنے آباء واجداد کے رسوم کو بغیر کسی حق کے پکڑے ہوئے ہو‘ یعنی گزشتہ بزرگانِ دین کی اولاد میں سے ہو‘ میرا آپ سے سوال ہے کہ آپ کو کیا ہو گیا ٹکڑیوں ٹکڑیوں‘ ٹولیوں ٹولیوں میں آپ بٹ گئے ہیں‘ ہر ایک اپنی اپنی راگنی اپنی اپنی منڈلی میں الاپ رہا ہے اور جس طریقہ کو اللہ نے اپنے رسول محمد ﷺ پر نازل فرمایا تھا اور محض اپنے لطف وکرم سے جس راہ کی طرف راہنمائی فرمائی تھی اسے چھوڑ کر ہر ایک تم میں سے ایک مستقل پیشوا بنا ہوا ہے اور لوگوں کو اسی کی طرف بلا رہا ہے‘ اپنی جگہ اپنے آپ کو راہ یافتہ اور راہنما ٹھہرائے ہوئے ہے‘ حالانکہ وہ دراصل خود گم کردۂ راہ اور دوسروں کو بھٹکانے والا ہے۔ ہم ایسے لوگوں کو قطعاً پسند نہیں کرتے جو محض لوگوں کو اس لیے مرید کرتے ہیں تاکہ ان سے ٹکے وصول کریں.....اور نہ میں ان لوگوں سے راضی ہوں جو سوائے اللہ و رسول کے خود اپنی طرف لوگوں کو بلاتے ہیں اور اپنی مرضی کی پابندی کا لوگوں کو حکم دیتے ہیں..... خبردار خبردار! ہرگز اس کی پیروی نہ کرنا جو اللہ کی کتاب اور رسول ؐ کی سنت کی طرف دعوت نہ دیتا ہو اور اپنی طرف بلاتا ہو.....لوگو دیکھو کیا تمہارے لیے اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد میں کوئی عبرت نہیں ہے: ﴿وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ﴾ (الانعام:۱۵۳) ''یہ میری راہ ہے سیدھی‘ تو اس پر چل پڑو اور مختلف راہوں کے پیچھے نہ پڑو‘ وہ تمہیں اللہ کی راہ سے بچھڑا دیں گے''۔ (۱۴)

اس خطاب میں واضح طور پر ان گمراہ کن پیرزادوں پر نکیر کی گئی ہے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے طریقہ کی طرف لوگوں کو دعوت دینے کی بجائے اپنے منتخب کردہ پیشواؤں کی یا اپنی باتوں کی طرف لوگوں کو بلا رہے ہیں۔ وہ خود گم کردۂ راہ ہیں' تو دوسروں کو کیا راہ دکھا سکتے ہیں۔ دراصل راہِ مستقیم تو وہ ہے جسے قرآن نے دکھایا اور نبی کریم ﷺ نے جس پر چل کر مزید واضح کر دیا ہے۔ اس خطاب میں شاہ صاحب کی یہ نصیحت بھی بڑی اہم ہے کہ ہرگز ہرگز ایسے لوگوں کی پیروی نہ کی جائے جو کتاب وسنت کے بجائے کسی اور طریقہ پر چلنے کی دعوت دیتے ہیں۔ اسی طرح وہ متقشف واعظوں اور گوشہ نشیں زاہدوں (جو ہر رطب و یابس پر یقین رکھتے تھے اور جعلی و گھڑی ہوئی حدیثوں کے حوالہ سے وعظ سنا کر لوگوں کو تنگی میں مبتلا کرتے تھے) سے خطاب کرتے ہوئے بڑا چبھتا ہوا سوال کرتے ہیں:

''کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ سب سے بڑی رحمت اور سب سے بڑا کرم اللہ کا وہ ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے پہنچایا ہے' وہی صرف ہدایت ہے جو آپ ﷺ کی (لائی ہوئی) ہدایت ہے' پھر کیا تم بتا سکتے ہو کہ تم جن افعال کو کرتے ہو وہ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیا کرتے تھے؟''(۱۵)

بادشاہوں یا حکمرانوں کو ان کی ذمہ داریاں یاد دلاتے ہوئے لکھتے ہیں:

''تمہیں چاہیے کہ ہر تین دن یا چار دن کے سفر کی منزلوں پر اپنا ایک حاکم مقرر کرو جو عدل وانصاف کا مجسمہ ہو' قوی ہو' جو ظالم سے مظلوم کا حق وصول کر سکتا ہو اور خدا کی حدود کو قائم کر سکتا ہو اور اس میں سرگرم ہو کہ پھر لوگوں میں بغاوت وسرکشی کے جذبات نہ پیدا ہوں' نہ وہ جنگ پر آمادہ ہوں اور نہ دین سے مرتد ہونے کی کسی میں جرأت باقی رہے' نہ کسی گناہِ کبیرہ کے ارتکاب کی کسی کو مجال ہو' اسلام کا کھلے بندوں اعلان ہو اور اس کے شعائر کا علانیہ اظہار کیا جائے۔ ہر شخص اپنے متعلقہ فرائض کو صحیح طور پر ادا کرے۔ چاہیے کہ ہر شہر کا حاکم اپنے پاس اتنی قوت رکھے جس کے ذریعہ اپنی متعلقہ آبادی کی اصلاح کر سکتا ہو۔

اے بادشاہو! جب تم یہ کر لو گے تو اس کے بعد ملأ اعلیٰ کی رضامندی یہ چاہے گی کہ تم لوگوں کی منزلی وعائلی زندگی کی طرف توجہ کرو' ان کے باہمی معاملات کو سلجھاؤ اور ایسا کر دو کہ پھر کوئی معاملہ ایسا نہ ہونے پائے جو شرعی قوانین کے مطابق نہ ہو۔ اسی کے بعد لوگ امن وامان کی صحیح مسرت سے فائز المرام ہو سکتے ہیں''۔(۱۶)

اس خطاب سے یہ صاف واضح ہوتا ہے کہ شاہ ولی اللہؒ نے حکمرانوں کو ان کے فرائض یاد دلائے' خاص طور سے انہیں اس جانب متوجہ کیا کہ وہ امورِ حکومت کو سنجیدگی و ذمہ داری سے انجام دیں' عدل و انصاف کے قیام اور مظلوموں کی دادرسی کو یقینی بنائیں۔ ایسا نہ ہو کہ کمزوروں کو طاقتور لوگوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا جائے۔ ذمہ دار' انصاف پسند اور صاحبِ قوت امراء وافسران متعین کریں اور اس بات کا اہتمام کریں کہ لوگوں میں شرعی قوانین کی ترویج وتنفیذ ہو اور امن وامان قائم رہے۔ شاہ ولی اللہؒ کے خطاب کے

یہ نکات اس زمانہ کے حالات کے اعتبار سے کافی اہمیت ومعنویت رکھتے ہیں جب کہ بادشاہ اور حکومت کے افسران اپنی ذمہ داریوں سے غافل ہو گئے تھے' مختلف علاقوں میں باغی وشورش پسند عناصر کی سرگرمیاں بڑھ گئی تھیں اور کمزور' طاقتور وبااثر لوگوں کی ظلم وزیادتی کا شکار ہو رہے تھے۔ دوسرے ان نکات پر اگر غور کیا جائے تو یہ واضح ہوگا کہ یہی وہ فرائض ہیں جو قرآن میں حکمرانوں یا اہلِ اقتدار کے سلسلہ میں بیان کیے گئے ہیں۔ مختلف آیات میں بعثتِ انبیاء کے بنیادی مقاصد اور اہل حکومت کی ذمہ داریوں میں عدل و انصاف کا قیام' احکامِ شریعت کا نفاذ اور دینی شعائر کی ترویج کا ذکر آیا ہے۔ اللہ ربّ العزت کا ارشاد ہے:

﴿لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ﴾ (الحدید:۲۵)

''ہم نے اپنے رسولوں کو واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب ومیزان کو نازل کیا تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں''۔

﴿اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ﴾ (الحج:۴۱)

''یہ (مؤمنین) وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم انہیں زمین میں اقتدار بخشیں تو یہ نماز قائم کریں' زکوٰۃ ادا کریں' نیکی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں''۔

عام مسلمانوں سے شاہ ولی اللہؒ کا جو خطاب ہے اور اس کے ذریعہ انہوں نے جو پیغام دیا ہے' وہ اپنے اندر بڑی جامعیت واہمیت رکھتا ہے۔ وہ انہیں متوجہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''میں مسلمانوں کی عام جماعت کی طرف اب مخاطب ہوں اور کہتا ہوں: اے آدم کے بچو! دیکھو تمہارے اخلاق سو چکے ہیں' تم پر بیجا حرص وآز کا ہوکا سوار ہو گیا ہے' تم پر شیطان نے قابو پا لیا ہے' عورتیں مردوں کے سر چڑھ گئی ہیں اور مرد عورتوں کے حقوق برباد کر رہے ہیں' حرام کو تم نے اپنے لیے خوشگوار بنا لیا ہے اور حلال تمہارے لیے بدمزہ ہو چکا ہے۔ پھر قسم ہے اللہ کی' اللہ نے ہرگز کسی کو اس کے بس سے زیادہ تکلیف نہیں دی ہے۔ چاہیے کہ تم اپنی شہوانی خواہشوں کو نکاح کے ذریعہ پورا کرو خواہ تمہیں ایک سے زیادہ نکاح ہی کیوں نہ کرنا پڑے اور اپنے مصارفِ وضع قطع میں تکلف سے کام نہ لیا کرو۔ اسی قدر خرچ کرو جس کی تم میں سکت ہو۔ یاد رکھو ایک کا بوجھ دوسرا نہیں اٹھاتا اور اپنے اوپر خواہ مخواہ تنگی سے کام نہ لو۔

اے آدم کے بچو! جسے خدا نے ایک جائے سکونت دے رکھی ہے جس میں وہ آرام کرے' اتنا پانی جس سے وہ سیراب ہو' اتنا کھانا جس سے بسر ہو جائے' اتنا کپڑا جس سے تن ڈھک جائے' ایسی بیوی جو اس کی شرم گاہ کی حفاظت کر سکتی ہو اور اس کو رہن سہن کی جدوجہد میں مدد دے سکتی ہو' تو یاد رکھو کہ دنیا کامل طور سے اس شخص کو مل چکی ہے۔ چاہیے کہ (وہ) اس پر خدا کا شکر کرے۔ بہرحال کوئی نہ کوئی کمائی کی راہ

ضرور اختیار کرے اور اسی کے ساتھ قناعت کو اپنا دستورِ زندگی بنائے اور اپنے رہنے سہنے میں اعتدال کا جادہ اختیار کرے' اور اللہ کی یاد کے لیے جو فرصت ہم دست ہو اسے غنیمت شمار کرے۔''(۱۷)

مزید برآں اس زمانہ کے مسلمان بہت سی غیر اسلامی رسوم و روایات میں مبتلا تھے۔ ان میں سے خاص طور پر عاشوراء اور شبِ براءت کے موقع پر جو کچھ غیر اسلامی روایات اختیار کی جاتی تھیں ان پر متنبہ کرنے کے بعد وہ لکھتے ہیں:

''اسی طرح اور بھی بری بری رسمیں تم میں جاری ہیں جس نے تم پر تمہاری زندگی تنگ کر دی ہے' مثلاً تقریبات کی دعوتوں میں تم نے حد سے زیادہ تکلف برتنا شروع کر دیا ہے۔ اسی طرح ایک بری رسم یہ بھی ہے کہ کچھ بھی ہو جائے لیکن طلاق کو گویا تم نے ناجائز ٹھہرا لیا ہے۔ یونہی بیوہ عورتوں کو نکاح سے روکے رہتے ہو۔ ان رسموں میں تم اپنی دولت ضائع کرتے ہو' وقت برباد کرتے ہو اور جو صحت بخش روش تھی اسے چھوڑ بیٹھے ہو''۔(۱۸)

پھر آخر میں شاہ صاحب نے نماز' روزہ اور زکوٰۃ کے باب میں جو غفلت و لاپروائی پائی جاتی تھی اس پر نکیر ظاہر کرتے ہوئے ان فرائض کی پابندی کی مخلصانہ نصیحت کی ہے۔

اٹھارہویں صدی عیسوی کے مسلم معاشرہ میں غیر اسلامی رسوم و روایات اور بدعات و خرافات کا دور دورہ تھا۔ مذہبی فرائض و واجبات سے غفلت' آمد و خرچ میں عدم توازن' پرتکلف دعوتوں کا اہتمام' حلال و حرام کی تمیز کے بغیر مال و دولت جمع کرنے کی ہوس' اُس وقت کے بگڑے ہوئے معاشرہ کی عکاس تھیں۔ اس صورت حال میں شاہ صاحب نے عام لوگوں کو فرائض کی بجاآوری میں پابندی کرنے' بدعات و خرافات اور غیر ضروری رسوم کو تیاگ دینے' اعتدال کی راہ اپنانے' دوسروں کا بوجھ بننے کے بجائے محنت کر کے کمانے اور سادہ زندگی گزارنے کی جانب جس مؤثر انداز میں متوجہ کیا اس کی اہمیت و افادیت سے کون انکار کر سکتا ہے۔ دوسرے اس تذکیر و تلقین میں قرآن و حدیث کی روشن تعلیمات کا جو پَرتو نظر آتا ہے وہ بھی نگاہوں سے اوجھل نہیں ہو سکتا۔

شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے ان خطابات و نصائح سے یہ بخوبی واضح ہوتا ہے کہ انہوں نے کس گہرائی سے اپنے زمانے کے حالات کا جائزہ لیا اور مختلف طبقہ کے لوگوں کے احوال کا کس باریک بینی سے مشاہدہ کر کے ان خرابیوں و کمزوریوں کی نشاندہی کی جو ان کی زندگی کے مختلف شعبوں میں سرایت کر گئی تھیں اور پھر ان کے ازالہ کے لیے اپنا مجوزہ نسخہ پیش کیا اور وہ تھا: قرآن و سنت سے تعلق مضبوط کرنا' ان کی ہدایات و تعلیمات کو سمجھنے کی کوشش کرنا اور زندگی کے ہر معاملہ میں ان پر پوری سنجیدگی سے کاربند رہنا۔ یہی وہ پیغام ہے جس کی ترسیل و اشاعت کو شاہ صاحب نے اپنی علمی مصروفیات کا سب سے اہم مقصد بنایا۔

آخر میں یہ وضاحت مناسب معلوم ہوتی ہے کہ بعض جدید اسکالرز کی رائے میں شاہ صاحب نے اُمت کے زوال یا مسلم معاشرہ کی خرابیوں و کمزوریوں کی تین خاص وجوہ بیان کیں: (۱) ضعفِ عقیدہ

(۲) اخلاقی زوال' اور (۳) باہمی اختلاف وافتراق۔ پہلے اور تیسرے اسباب کے دفع کے لیے انہوں نے قرآن وحدیث سے استفادہ اوران کی ہدایات پرعمل کرنے پر زور دیا' لیکن اخلاقی زوال دور کرنے کے لیے انہوں نے تصوف کا نسخہ پیش کیا' اس لیے کہ یہ براہِ راست قلب سے اپیل کرتا ہے اور قلب کی صفائی یا نفس کے تزکیہ کے بغیر اخلاقی خرابیوں کا ازالہ ممکن نہیں۔ اس اپروچ سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔ یہ ایک مسلّم حقیقت ہے اور شاہ صاحب نے اپنی تحریروں میں بار بار اس کی وضاحت بھی فرمائی ہے کہ قرآن سے بڑھ کر دل ودماغ کو اپیل کرنے والی اور کوئی کتاب نہیں۔ یہ تو ''شِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ'' ہے' دل کی گہرائیوں میں اتر کر انسان سے باتیں کرتی ہے۔ انسان اور اس کی نفسیات کے خالق کی یہ کتاب انسان کی ایک ایک اندرونی بیماری کی نہ صرف نشاندہی کرتی ہے بلکہ اس کے خاتمہ کی تدبیر بھی بتاتی ہے۔ وہ انسان کی اخلاقی خرابیوں کی جڑوں تک پہنچ کر انہیں کاٹنے اور ان خرابیوں کے استیصال کا طریقہ سکھاتی ہے۔ خود نبی کریم ﷺ اخلاق وخصائل کے باب میں قرآنی ہدایات وتعلیمات کا مجسم پیکر تھے' جیسا کہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس بیان سے بھی اس کی شہادت ملتی ہے: ''کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنُ''۔ پھر اسی کتاب کی تعلیمات کے ذریعہ آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تطہیرِ قلب فرمائی اور ان کے تزکیۂ نفس کا فریضہ انجام دیا۔ اس لیے یہ کہنا صحیح نہ ہوگا کہ اخلاقی خرابیوں کے ازالہ کے لیے شاہ صاحب نے تصوف کا سہارا لیا۔

مختصر یہ کہ شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اٹھارہویں صدی عیسوی کے نصف اول میں مسلم معاشرہ کی اصلاح کے لیے جو تحریک برپا کی اس کے فکری مآخذ قرآن وسنت تھے۔ انہی دونوں منابعِ ہدایت سے انہوں نے اس کی آبیاری کی اور مذہبی' سماجی' معاشی اور سیاسی زندگی کی خرابیوں وکمزوریوں کو دور کرنے کے لیے انہوں نے قرآن وسنت کی روشنی میں اپنے افکار پیش کیے۔ انہوں نے بہت ہی واضح لفظوں میں عوام' علماء' صوفیاء واہل حکومت کو یہ پیغام دیا کہ قرآن وحدیث سے اخذ کردہ فکری غذا ہی ان کی کمزوریوں کو دور کرے گی اور ان کی زندگیوں میں سدھار لائے گی۔ اس لیے ان سے قربت حاصل کرنا اور ہر معاملہ میں ان سے رجوع کرنا ضروری ہے۔ شاہ صاحب کی علمی مصروفیات بالخصوص ان کی تصنیفی وتالیفی سرگرمیوں سے اہل علم کے لیے یہ قیمتی سبق بھی ملتا ہے کہ وہ اپنی ذہنی استعداد اور علمی صلاحیتوں کو قرآن کا پیغام عام کرنے اور رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات کو پھیلانے کے لیے زیادہ سے زیادہ استعمال کریں' ان کے فہم کی راہیں آسان بنانے کے لیے بھرپور کوشش کریں اور آسان پیرایہ میں ان کی ہدایات وتعلیمات کی تشریح وترجمانی کو اپنا مشن بنائیں۔ سچ یہ کہ قرآن وسنت سے جتنی قربت لوگوں کی بڑھے گی' اتنی ہی ان کی زندگی سے غیر اسلامی رسوم وروایات کا خاتمہ ہوگا۔ جس ذوق وشوق سے وہ روزمرہ زندگی کے معاملات میں ان سے ہدایت حاصل کریں گے اسی قدر تیزی سے ان میں سدھار آئے گا اور بگڑا ہوا معاشرہ صحت مند ہو جائے گا' اور جس سنجیدگی سے وہ ان کے مطالبات پورے کریں گے اسی قدر جلد وہ معاشرت ومعیشت اور

سیاست وحکومت ہر باب میں ایک انقلابی تبدیلی محسوس کریں گے' ایسی تبدیلی جو خوشگوار ہوگی اور امن وامان کی ضامن بھی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس حقیقت کو سمجھنے اور قرآن وسنت سے تعلق مضبوط کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔

اللّٰھم تقبّل منّا انّك انت السّمیع العلیم!

حواشی

(۱) فتح الرحمٰن بترجمة القرآن' مخطوطه مولانا آزاد لائبریری' علی گڑھ مسلم یونیورسٹی' ورق ۳ب۔

(۲) التفهیمات الالٰهیه' المجمع العلمی' ڈابھیل' ۱۹۳٦ء' ۱٦۲/۲۔

(۳) الفوز الکبیر فی اصول التفسیر' مطبعة ندوة العلماء' لکھنؤ' ۱۹۸٤ء' ص ۲۵۔

(٤) حجة اللّٰه البالغة' کتب خانہ رشیدیہ' دہلی' ۱۳۷۳ھ' ۲/۱' مصفیٰ (فارسی شرح مؤطا امام مالک) کتب خانہ رحیمیہ' دہلی' ۱۳۴٦ھ' ص۲۔

(۵) انفاس العارفین' اردو ترجمہ: محمد الفاروق القادری' مکتبہ الفلاح' دیوبند' بدون تاریخ' ص۴۰۴۔۴۰۵۔

(٦) المقالة الوضیئة فی النصیحة والوصیة' مشموله : مجموعه وصایا اربعه (مرتبہ ومترجمہ: محمد ایوب قادری) شاہ ولی اللہ اکیڈمی' حیدرآباد (پاکستان)' ۱۹٦۴ء' ص۵۰۔

(۷) حوالہ مذکورہ بالا' ص۴۳۔

(۸) تاریخ دعوت وعزیمت' مجلس تحقیقات ونشریات لکھنؤ' ۲۰۰۲ء' ۱۴۵/۵۔

(۹) اٹھارہویں صدی عیسوی میں مسلمانوں کے مذہبی' سماجی واخلاقی حالات پر تفصیلات کے لیے ملاحظہ فرمائیں: محمد عمر' اٹھارہویں صدی میں ہندوستانی معاشرت' مکتبہ جامعہ' دہلی' ۱۹۷۳ء' باب سوم وچہارم۔

(۱۰) *The Socio-Political Thought of Shah Waliullah, Adam Publishers, New Delhi, 2004,p,6*

(۱۱) حوالہ بالا' ص۳٦۔

(۱۲) شاہ ولی اللہ دہلوی' التفهیمات الالٰهیه' مجلس علمی' ڈابھیل' ۱۳۵۵ھ/۱۹۳٦ء' ص۲۱۴۔۲۱۵۔ اردو ترجمہ: سید مناظر احسن گیلانی۔ آغوش موج کا ایک درتابندہ' الفرقان شاہ ولی اللہ نمبر (طبع دوم)' الفرقان بک ڈپو' بریلی' ۱۹۴۱ء' ص۱۴۹۔۱۵۰۔

(۱۳) المقالة الوضیئة فی النصیحة والوصیة' ص۴۳/اردو ترجمہ' ص۷۲۔

(۱٤) التفهیمات الالٰهیة' ۱۳/۱۔۲۱٤' الفرقان' محوله بالا' ص۱٤۸۔۱٤۹۔

(۱۵) التفهیمات الالٰهیة' ۲۱۵/۱۔ الفرقان' محوله بالا' ص ۱۵۰۔

(۱٦) التفهیمات الالٰهیة' ۲۱۵/۱۰۔۲۱۷' الفرقان' محوله بالا' ص۱٤٦۔

(۱۷) التفهیمات الالٰهیة' ۲۱۸/۱۔۲۱۹' الفرقان' محوله بالا' ص۱۵۱۔۱۵۲۔

(۱۸) حواله مذکوره بالا۔

اہل السنّت والجماعۃ کون؟ (۴)

حافظ نذیر احمد ہاشمی

امام ابوحنیفہؒ پر ارجاء کا الزام اور اس کی حقیقت

امام صاحب پر مرجئ ہونے کا الزام علماء کی ایک جماعت نے لگایا ہے۔ بقول ان کے امام صاحب عمل کی ضرورت کے قائل نہیں تھے' لیکن یہ الزام سراسر غلط ہے۔ اس الزام کا جواب دینے سے پیشتر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ تکفیرِ اہلِ ذنوب کے بارے میں ان کا مسلک معلوم کیا جائے' لیکن اس سے پہلے مرجئہ کے عقائد پر ایک سرسری نظر ڈالنا ضروری ہے تاکہ اس الزام کی حقیقت واضح ہو سکے۔

مرجئہ نامی فرقہ اس دور کی پیداوار ہے جب مسلمانوں میں مرتکب کبائر کے مؤمن و غیر مؤمن ہونے کا مسئلہ چھڑا۔ خوارج اسے کافر قرار دیتے تھے' معتزلہ اسے مؤمن کے بجائے مسلم کہتے تھے' حسن بصریؒ اور تابعین کا ایک گروہ اسے منافق کہا کرتا تھا' جبکہ جمہور مسلمین اسے گناہگار مؤمن سمجھتے تھے اور اس کا معاملہ اللہ کے سپرد کر کے کہتے تھے کہ وہ چاہے تو سزا دے' چاہے تو معاف کر دے۔ انہی اختلافات کے دوران ایک فرقہ (مرجئہ) نے ببانگِ دہل یہ اعلان کرنا شروع کر دیا کہ ایمان کے ہوتے ہوئے گناہ سے کوئی ضرر نہیں پہنچتا' جس طرح کفر کی موجودگی میں طاعات و عبادات بے اثر ہیں اسی طرح ایمان کی موجودگی میں اعمال سیّئہ بے اثر ہیں۔ بعد ازاں ان کے جانشین پیدا ہوئے جو مرتکب کبائر کے بارے میں اپنے اسلاف کی طرح سلبی پہلو پر قانع نہ رہے بلکہ مثبت طریق سے ان کا دعویٰ تھا کہ اقرار و تصدیق اور اعتقاد و معرفت کا نام ایمان ہے' ایمان کی موجودگی میں معصیت ضرر رساں نہیں' ایمان اور عمل ایک دوسرے سے جدا ہیں۔ بعض اس سے بھی آگے بڑھ کر کہنے لگے ''ایمان کا تعلق دل سے ہوتا ہے' زبان سے کفر کا اعلان کرنے' بتوں کی پرستش' یہودیت و نصرانیت کا عقیدہ رکھنے اور صلیب کی پوجا کرنے سے بھی ایمان جوں کا توں رہتا ہے۔ اگر کوئی شخص دارالاسلام میں رہتے ہوئے تثلیث کا عقیدہ رکھتا ہو اور اسی حالت میں مر جائے تو وہ شخص خدا کے ہاں مؤمن کامل' خدا کا محبّ اور قطعی جنتی ہوگا'' (۱۲۱)

اس بیان سے معلوم ہوا کہ مرجئہ کی نگاہ میں عمل کی کوئی اہمیت نہیں۔ جہاں تک ایمان و عمل کے باہمی ربط کا تعلق ہے تو ان کی رائے میں عمل ایک بے کار چیز ہے جس کا دخولِ جنت و جہنم سے کوئی علاقہ نہیں۔ وہ

اعمال کو ایک سلبی چیز تصور کرتے تھے' ایمان ان کے نزدیک صرف قلبی اذعان و ایقان کا نام ہے اگرچہ اعضاء و جوارح اس کے خلاف ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس مذہب کی وجہ سے حقائقِ ایمان اور نیکی و پاکبازی کا کوئی احترام باقی نہیں رہتا۔ اسی وجہ سے اخلاق باختہ اور مفسد لوگ اس مذہب کو اپنانے لگے اور اسے اپنی شہوت رانی اور معصیت کاری کا ذریعہ قرار دے لیا۔

مرجئہ کے عقائد اور اعمال کے بارے میں ان کا موقف واضح ہو جانے کے بعد اب ہم عمل کی اہمیت کے بارے میں امام موصوف کا عقیدہ واضح کریں گے تاکہ قارئین خود اس الزام کے بارے میں کوئی فیصلہ کر سکیں۔ امام موصوف کا یہ نظریہ کہ گناہگار کافر نہیں کیونکہ اس میں اصل ایمان موجود ہے' اس قاعدہ پر مبنی ہے کہ ان کے نزدیک ایمان تصدیق کا نام ہے جس میں کمی و بیشی کا امکان نہیں۔ ان کا قول ہے کہ عدمِ اعمال کے باوجود وہ مؤمن ہے۔ چنانچہ ارشادِ خداوندی ہے:

﴿خَلَطُوْا عَمَلاً صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ﴾ (التوبۃ:۱۰۲)

علامہ ابن عبدالبر نے امام موصوف کا نظریہ (دوبارۂ اعمال) واضح کرتے ہوئے لکھا ہے:

''ابومقاتل کا قول ہے کہ میں نے ابوحنیفہؒ کو یہ کہتے ہوئے سنا: ہماری رائے میں لوگ تین مرتبہ کے ہوتے ہیں: (۱) انبیاء اور ان کے وہ معتقدین جن کو وہ جنتی سمجھتے ہوں' یہ لوگ اہل جنت میں سے ہیں (۲) مشرک' جو قطعی جہنمی ہیں (۳) عام مؤمن جن کے جنتی یا دوزخی ہونے کا حتمی فیصلہ صادر نہیں کیا جا سکتا' ان کے بارے میں ہم توقف کرتے ہیں۔ بارگاہِ ایزدی سے ان کی مغفرت کی اُمید بھی ہے اور مبتلائے عذاب کرنے کا خوف بھی۔ ان کے بارے میں ہم وہی کہتے ہیں جو اللہ عزوجل نے فرمایا: ﴿خَلَطُوْا عَمَلاً صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ﴾ یعنی ان میں نیک و بد اعمال کی آمیزش پائی جاتی ہے' کچھ بعید نہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول کرے۔ ہماری دلیلِ رجاء تو یہ آیت قرآنی ہے: ﴿اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ﴾ (النساء:۱۱۶) لیکن خوف کی وجہ ان کے گناہ ہیں' البتہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام اور ان لوگوں کے سوا جن کے جنتی ہونے کی شہادت انہوں نے دی ہے' کسی کے لیے جنت کو واجب قرار نہیں دیا' چاہے وہ قائم و صائم ہی کیوں نہ ہوں''۔(۱۲۲)

امام موصوف کا مندرجہ بالا بیان الفقہ الاکبر کے بیان کے بالکل مطابق ہے۔ چنانچہ الفقہ الاکبر میں ہے:

لا نکفر مسلمًا بذنب من الذنوب ،وان کانت کبیرةً ،اذا لم یستحلّها ولا نزیل عنه اسم الایمان' ونسمیة مؤمناً حقیقةً ویجوز ان یکون مؤمناً فاسقًا غیر کافر(۱۲۳)

''ہم کسی مسلمان کی کسی گناہ کے سبب تکفیر نہیں کرتے چاہے وہ گناہ کبیرہ ہی کیوں نہ ہوں اور نہ اس سے لفظ ایمان سلب کرتے ہیں بشرطیکہ وہ اس گناہ کو حلال نہ سمجھتا ہو' اس کو ہم مؤمن حقیقی قرار دیتے ہیں اور جائز ہے کہ وہ مؤمن فاسق ہو کافر نہیں''

امام صاحب کا مندرجہ بالا بیان ہر طرح قرینِ قیاس وعقل ہے' قرآنی وعد ووعید اس کی مؤید اور علماء و فقہاء اسے بنظرِ استحسان دیکھتے ہیں' امام مالکؒ بھی ان کے ہمنوا ہیں۔ چنانچہ عمر بن حماد بن ابی حنیفہ کا بیان ہے:

''میں ایک مرتبہ امام مالک سے ملا' ان کے یہاں قیام کیا' ان کے علمی خیالات سنے۔ جب واپس آنا چاہا تو میں نے کہا اہلِ عداوت اور حسد پیشہ لوگوں نے غالباً امام ابوحنیفہ کے وہ عقائد آپ کے سامنے بیان کیے ہوں گے جن سے ان کا دامن پاک تھا' میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ ان کے اصلی افکار وخیالات کیا تھے۔ اگر آپ کو پسند آئیں تو بہتر ورنہ آپ کے پاس جو اچھی چیز ہوگی میں بخوشی اخذ کرلوں گا۔ امام مالک نے فرمایا بتایئے! میں نے کہا: ابوحنیفہ گناہ کی وجہ سے کسی مؤمن کی تکفیر نہ کرتے تھے۔ امام مالک نے فرمایا ''بہت خوب۔'' میں نے کہا ابوحنیفہ اس سے بھی بڑی بات کہتے تھے اور وہ یہ کہ فواحش کا ارتکاب کرنے سے بھی میں اسے کافر نہیں سمجھتا۔ امام مالک نے سابقہ الفاظ دہرائے۔ میں نے کہا آپ اس سے بڑھ کر کہتے تھے کہ میں عمداً قتل کرنے والے کو بھی کافر خیال نہیں کرتا۔ امام مالک نے فرمایا بہت خوب۔ میں نے کہا یہ ہیں ان کے افکار واقوال' اگر کوئی کہے کہ ان کے خیالات اس سے مختلف تھے تو باور نہ کیجیے۔'' (۱۲٤)

یہ ہے جمہور متأخرین مسلمانوں کا عقیدہ' صرف خوارج اور معتزلہ اس کے خلاف ہیں' لیکن بایں ہمہ اس قول کی بنا پر علماء کی ایک جماعت نے امام صاحبؒ کو ہدفِ ملامت بناتے ہوئے آپ پر مرجئی ہونے کا الزام لگایا' جبکہ الفقہ الاکبر میں امام صاحب نے خود اس الزام سے براءت ظاہر کرتے ہوئے اپنے مذہب اور مرجئہ کے قول میں فرق کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے:

لا نقول ان المؤمنين لا تضره الذنوب ولا نقول انه لا يدخل النار ولا نقول انه يخلد فيها وان كان فاسقًا ' بعد ان يخرج من الدنيا مؤمنًا' ولا نقول ان حسناتنا مقبولة وسيئاتنا مغفورة كقول المرجئة ولكن نقول المسئلة مبينة مفصلة من عمل حسنةً بجميع شرائطها خاليةً عن العيوب المفسدة' والمعانى المبطلة' ولم يبطلها بالكفر' والرِّدَّةِ' حتى خرج من الدنيا مؤمنًا فان اللّٰه تعالٰى لا يضيعها بل يقبلها منه ويثيبه عليها' وما كان من السيئات دون الشرك والكفر ولم يتب عنها صاحبها حتى مات مؤمنًا فانه فى مشية اللّٰه تعالٰى ان شاء عذبه بالنار وان شاء عفا عنه ولم يعذبه بالنار ابدًا (۱۲۵)

''ہم یہ نہیں کہتے کہ گناہ مؤمنین کے لیے ضرر رساں نہیں اور یہ بھی نہیں کہتے کہ وہ جہنم میں نہیں جائیں گے۔ ہم اس کے ابدی جہنمی ہونے کے بھی قائل نہیں' وہ فاسق وفاجر ہی کیوں نہ ہوں۔ ہم یہ بھی نہیں کہتے کہ ہمارے اعمال مقبول اور گناہ بخشے بخشائے ہیں جیسا کہ مرجئہ کا خیال ہے۔ لیکن ہم کہتے ہیں کہ یہ مسئلہ تفصیل کے ساتھ واضح ہے کہ جو شخص تمام شرائط کو ملحوظ رکھ کر نیک اعمال کرے اور

ان میں کوئی مفسدِ اعمال امر موجود نہ ہو' کفر' ارتداد اور اخلاقِ ذمیمہ بھی ان اعمال کو برباد نہ کر رہے ہوں اور اس کا خاتمہ بھی ایمان پر ہوا ہو تو ایسے شخص کے اعمال کو اللہ تعالیٰ ضائع نہیں کرے گا بلکہ قبول کر کے ان کا بدلہ عطا فرمائے گا۔ شرک و کفر سے کم درجہ کے وہ گناہ جن سے مؤمن توبہ تو نہ کر سکا ہو مگر اس کا خاتمہ ایمان پر ہوا ہو' تو اللہ تعالیٰ کی مشیت پر موقوف ہے چاہے تو عذاب میں مبتلا کرے چاہے تو معاف کر دے اور بالکل عذاب نہ دے۔''

امام موصوف کے مندرجہ بالا بیان سے ان کے افکار و آراء اور مرجئہ کے نظریات کا باہمی فرق و امتیاز بخوبی واضح ہو جاتا ہے۔

مرتکبِ کبائر کے بارے میں اسلامی فرقے تین قسموں میں منقسم تھے:

۱) خوارج اور معتزلہ' جو ان کو کافر سمجھتے تھے۔

۲) مرجئہ: جن کا عقیدہ تھا کہ ایمان کے ہوتے ہوئے گناہ قطعاً ضرر رساں نہیں اور اللہ تعالیٰ سب گناہ معاف فرما دیں گے۔

۳) باقی سب علماء' جن کا عقیدہ تھا کہ عاصی کی تکفیر نہ کی جائے' نیکی کا اجر دس گنا ملے گا' برائی کی سزا اس کے برابر ہوگی اور عفو خداوندی کسی خاص دائرہ تک محدود نہیں۔

امام موصوف کا شمار اس تیسرے گروہ میں ہوتا تھا۔ یہی رائے جمہور مسلمانوں کی ہے اور اگر اس کے قائل کو مرجئہ کہا جا سکتا ہے تو تمام مسلمان مرجئہ ہونے سے بری نہیں ہو سکتے۔

اگر امام موصوف اور دیگر علماء کا عقیدہ مرتکبِ کبیرہ کے بارے میں ایک ہی ہے تو پھر ان پر مرجئ ہونے کا الزام کیوں لگایا گیا؟ شارح مواقف اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

وغسان كان يحكيه (اى القول بما ذهب اليه) عن ابى حنيفة۔ ويعده من المرجئة وهو افتراء عليه قصد به غسان ترويج مذهبه بموافقة رجل كبير مشهور۔ وقال الآمدى ..... قد عدوا أباحنيفة واصحابه من مرجئة اهل السنة ولعل ذٰلك لان المعتزلة فى الصدر الاول كانوا يلقبون من خالفهم فى القدر مرجئاً اولأنه لما قال الايمان هو التصديق ولا يزيد ولا ينقص ظن به الارجاء بتأخير العمل عن الايمان وليس كذٰلك اذا عرف منه المبالغة فى العمل والاجتهاد فيه۔(۱۲۶)

''غسان نامی ایک مرجئ شخص اپنے عقائد کو امام موصوف کی طرف منسوب کر کے آپ کو مرجئہ میں شمار کرتا تھا' حالانکہ یہ افتراء اور بہتان ہے۔ دراصل اس کو اپنے مذہب کی ترویج و اشاعت کے لیے کسی جلیل القدر عالم کی موافقت و سرپرستی درکار تھی ..... علامہ آمدی نے کہا ہے کہ آپ کو مرجئ سمجھے جانے کی وجہ شاید یہ ہوئی کہ صدر اوّل میں معتزلہ ہر اس شخص کو مرجئ سمجھتے تھے جو تقدیر کے مسئلے

میں ان کا ہمنوا نہ ہو۔ یا ممکن ہے اس کی وجہ یہ ہو کہ چونکہ آپ کی رائے میں ایمان کم وبیش نہیں ہوتا اور اعمال آپ کی نظر میں جزو ایمان نہیں تھے۔ اس لیے گویا آپ اعمال کو ایمان سے پیچھے ہٹا کر ارجاء کا ارتکاب کرتے ہیں (کیونکہ ارجاء کا لفظی مفہوم ہٹانا ہے) حالانکہ درحقیقت ایسا نہیں' کیونکہ اعمالِ حسنہ کے انجام دینے میں حد درجہ مبالغہ کرنا آپ سے مشہور ہے۔''

محققین نے تصریح کی ہے کہ مرجئہ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ فرقہ ضالّہ ہے جو عمل کی ضرورت کا سرے سے قائل ہی نہیں اور ایک مرجئہ اہل سنت میں سے ہیں جو عمل کی ضرورت کے قائل تو ہیں لیکن اس کو ایمان کا جزء نہیں مانتے۔ بالفاظِ دیگر امام صاحب نے عمل کو ایمان سے بالکل الگ قرار نہیں دیا ہے بلکہ ان کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کا مقام تصدیق کے برابر نہیں۔ تصدیق اصل اور بنیاد ہے' اس کی عدم موجودگی میں بڑے سے بڑے عمل کا بھی کوئی اعتبار نہیں' جبکہ عمل کے بغیر دخولِ جنت ہوسکتا ہے' چاہے تو اول وَہلہ میں ہو یا گناہوں کے بقدر سزا بھگتنے کے بعد ہو۔

اگر ان کا یہ مسلک (اعمال کو جزوِ ایمان نہ قرار دینا) پھر بھی قابلِ اعتراض ہو تو ائمہ ثلاثہ کا مذہب (ایمان تصدیق قلبی' اقرار باللسان اور عمل بالارکان کا نام ہے) بھی قابلِ اعتراض ٹھہرتا ہے' کیونکہ بعینہٖ یہی مسلک معتزلہ اور خوارج کا ہے۔ حیرت اس بات پر ہے کہ ائمہ ثلاثہ ایمان کے لیے عنوان وتعبیر معتزلہ و خوارج کا اختیار کرتے ہیں' لیکن مرتکب کبیرہ کو معتزلہ وخوارج کی طرح ایمان سے خارج نہیں مانتے۔

باقی رہا یہ اشکال کہ عمل کو ایمان کا جزء قرار نہ دینے کی صورت میں عمل کی اہمیت کم ہو جاتی ہے تو یہی اشکال عمل کو ایمان کا جزء قرار دینے کی صورت میں بھی وارد ہوتا ہے کہ لوگوں میں مایوسی پیدا ہوتی ہے کہ عمل نہیں ہوگا تو جنت نہیں ملے گی' جیسا کہ معتزلہ اور خوارج کا عقیدہ ہے۔

نیز یہ کہنا کہ حنفیہ کے اس قول سے مرجئہ کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے کہ وہ بھی عمل کو ضروری نہیں قرار دیتے اور حنفیہ بھی عمل کو ایمان کا جزء نہیں مانتے' اس طرح مرجئہ کے مسلک کی تائید ہو رہی ہے۔ تو حنفیہ بھی اس کے جواب میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ کی تعبیر سے معتزلہ وخوارج کی حوصلہ افزائی ہو رہی ہے کہ جس طرح وہ عمل کو ایمان کا جزء قرار دیتے ہیں اسی طرح آپ بھی عمل کو ایمان کا جزء قرار دے رہے ہیں اور اس طرح آپ معتزلہ وخوارج کی تائید کر رہے ہیں۔

الحاصل : امام صاحب کو صرف اسی صورت میں مرجئی کہا جا سکتا ہے جب کہ فساق کو مؤمن کہنے والے اور یہ عقیدہ رکھنے والے کہ اللہ تعالیٰ گناہگاروں کو بھی معاف کر دیتا ہے اور یہ کہ عفو خداوندی حدود و قیود کی پابند نہیں' ان عقائد کے حامل تمام لوگوں پر ارجاء کا فتویٰ صادر کیا جائے اور ظاہر ہے کہ اندریں صورت صرف امام ابوحنیفہ ہی کا شمار مرجئہ میں سے نہیں بلکہ معتزلہ کو چھوڑ کر تمام محدثین وفقہاء بھی اس زمرہ میں داخل ہوں گے۔

حقیقتِ ایمان میں اعمال کے داخل نہ ہونے کے دلائل

۱) ایمان کا لغوی معنی تصدیق ہے اور اس کا تصدیق کے علاوہ کسی دوسرے معنی کی طرف نقل پر کوئی دلیل موجود نہیں ہے۔ اگر عُرفِ شرع میں تصدیق کے علاوہ اس کا کوئی اور مفہوم ہوتا تو اس کا وہ مفہوم شہرت وتواتر کی حد تک منقول ہوتا' کیونکہ ایمان کا لفظ ہر مسلمان کی زبان پر ہر وقت جاری وساری رہتا ہے' لہٰذا اس مفہوم سے ہر ایک مسلمان واقف ہوتا' جبکہ ایسا نہیں ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ اپنے اصل مفہوم تصدیق ہی پر دال ہے۔

۲) نصوص کی صراحت اور اجماعِ اُمت اس بات پر دال ہے کہ عذابِ خداوندی کے معائنہ کے وقت کا ایمان نافع نہیں' اور یہ بات تو اظہر من الشمس ہے کہ اس ایمان سے مراد تصدیق اور اقرارِ لسانی ہے' کیونکہ وہ وقت اعمال کے بجالانے کا نہیں ہوتا۔

۳) قرآن مجید میں جہاں کہیں ایمان کا ذکر ہوا ہے اس کی اضافت قلب کی طرف کی گئی ہے۔ مثلاً:

(ا) ﴿اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ﴾ (المجادلة:۲۲)

(ب) ﴿وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ﴾ (الحجرات:۱٤)

(ج) ﴿مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖۤ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ﴾(النحل:۱۰٦)

(د) ﴿مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ﴾ (المائدة:٤۱)

اور رسول اللہ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

((اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ)) (۱۲۷)

یہ اور اس طرح کی دیگر بے شمار آیاتِ بینات اور احادیث میں ایمان کی اضافت قلب کی طرف کی گئی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایمان قلب کا فعل (تصدیق) ہے۔

۴) اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جہاں کہیں ایمان کا ذکر کیا ہے اس کے ساتھ متصل عملِ صالح کا ذکر بھی کیا ہے۔ اگر اعمالِ صالحہ ایمان کے اندر داخل ہوتے تو یہ تکرار ہوتا جو کہ عیب ہے اور اللہ کا کلام اس سے منزہ ہے۔

۵) قرآن مجید میں جابجا اعمالِ صالحہ کو ایمان پر عطف کیا گیا ہے: ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ﴾ اگر اعمالِ صالحہ ایمان کا جزء ہوتے تو عطف الجزء علی الکل لازم آتا' حالانکہ معطوف اور معطوف علیہ میں کلیت وجزئیت نہیں بلکہ مغائرت ہونی چاہیے۔

۶) اللہ عزوجل نے صحت وقبولیتِ اعمال کے لیے ایمان کا ہونا شرط ٹھہرایا ہے: ﴿وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ﴾ (طٰہٰ:۱۱۲) اور مشروط داخل فی الشرط نہیں ہوتا' کیونکہ ایسا کرنے

سے اشتراط الشیٔ لنفسہ لازم آتا ہے جو کہ ممنوع ہے۔

۷) اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں تارکِ اعمال کے لیے بھی ایمان کا اثبات کرتے ہوئے فرمایا:

(ا) ﴿وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ﴾ (الحجرات:۹)

(ب) ﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ (الانعام:۸۲)

(ج) ﴿وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا﴾ (الانفال:۷۲)

مؤخر الذکر آیت کریمہ میں ہجرت نہ کرنے والے کو مؤمن کہا گیا ہے' حالانکہ ترکِ ہجرت پر عظیم وعید سنائی گئی ہے: ﴿اَلَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ﴾ (النحل:۲۸) نیز فرمایا:: ﴿مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ﴾ (الانفال:۷۲) اس عظیم وعید کے باوجود ترکِ ہجرت کرنے والوں کو مؤمن کہا گیا ہے۔

(د) ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ﴾ (الممتحنة:۱)

(ہ) ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ﴾ (الانفال:۲۷)

(و) ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ﴾ (التحریم:۸)

مؤخر الذکر اور درج ذیل آیت کریمہ میں مؤمنین کو توبہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور ظاہر ہے کہ توبہ کرنے کا حکم مؤمن گناہگار کو ہی دیا جاتا ہے نہ کہ کافر کو۔

(ز) ﴿وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾ (النور:۳۱)

۸) ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ﴾ (البقرۃ:۱۷۸)

مذکورہ بالا آیت کریمہ میں قتلِ عمد کا ارتکاب کرنے والوں کو بھی يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے خطاب کیا گیا ہے۔

۹) مشہور حدیث جبریل میں ایمان کے متعلق حضرت جبرائیل علیہ السلام کے سوال کے جواب میں بجائے اعمال کے' آپؐ نے تصدیق کا ذکر کیا: ((اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَتُؤْمِنَ بِالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ))

۱۰) بالفرض اگر ایمان اطاعت کا نام ہو تو دو صورتیں ہو سکتی ہیں:

(۱) مجموعی اطاعت کا نام ہے' تو اس صورت میں اس شخص کو مؤمن نہیں کہا جائے گا جس نے تصدیق قلبی کے ساتھ ساتھ اقرار باللسان بھی کر لیا ہو لیکن عبادات کی ادائیگی اور اعمالِ صالحہ کی بجا آوری سے پہلے مر جائے' حالانکہ ایسے شخص کے مؤمن ہونے پر اجماع ہے۔

(۲) دوسری صورت یہ ہے کہ ہر اطاعت کا نام ایمان ہو' تو اس صورت میں ایک اطاعت سے دوسری اطاعت کی طرف انتقال' انتقال من دین الی دین ہوگا جو کہ بدیہی البطلان ہے۔(۱۲۸)

۱۱) وہ آیاتِ قرآنیہ جن میں ایمان کے ساتھ اعمال کا مطالبہ کیا گیا ہے:

(ا) ﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ﴾ (التوبۃ)

(ب) ﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ﴾ (آل عمران:۱۰۲)

(ج) ﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا﴾ (الاحزاب)

مندرجہ بالا آیات بینات میں ایمان کے ساتھ اعمال کا مطالبہ کیا گیا ہے' اگر اعمال حقیقتِ ایمان میں داخل ہوتے تو الگ سے ان کا مطالبہ کیوں کیا جاتا؟

۱۲) آیت کریمہ ﴿فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰهِ﴾ (البقرۃ:۲۵۶) اس آیت میں کفر کے مقابلے میں ایمان کا ذکر کیا گیا ہے اور کفر انکار و تکذیب کا نام ہے اور انکار و تکذیب کا محل قلب ہے' لہٰذا اس کی ضد ایمان کا محل بھی قلب ہوگا اور یہ تب ہی ہوسکتا ہے کہ جب ایمان کی تعریف تصدیق سے کی جائے اور عمل اس میں داخل نہ ہو۔

۱۳) حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کا واقعہ ہے کہ انہوں نے ایک ایسے شخص کو قتل کر دیا تھا جس نے کلمہ پڑھا تھا۔ انہوں نے یہ سمجھ کر قتل کیا کہ یہ جان بچانے کے لیے کلمہ پڑھ رہا ہے۔ علم ہونے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((هَلَّا شَقَقْتَ قَلْبَهٗ)) یعنی ''تم نے اس کا دل چیر کر کیوں نہیں دیکھ لیا؟'' بالفاظِ دیگر تمہیں یہ یقین کس طرح حاصل ہو گیا کہ وہ مؤمن نہیں' محض جان بچانے کے لیے کلمہ پڑھ رہا ہے' کیا تم نے اس کا دل چیر کر دیکھا تھا؟(۱۲۹)

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تصدیق کا محل قلب ہے اور ایمان کی تعریف تصدیق سے ہوگی عمل اس کے اندر داخل نہیں۔

۱۴) ایک انصاری صحابیؓ کا واقعہ ہے اَنَّهٗ جَاءَ بِاَمَةٍ سَوْدَاءَ وَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ' اِنَّ عَلَیَّ رَقَبَةً مُؤْمِنَةً فَاِنْ كُنْتَ تَرٰی هٰذِهٖ مُؤْمِنَةً اَعْتَقْتُهَا' فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :اَتَشْهَدِیْنَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَتْ: نَعَمْ' قَالَ: اَتَشْهَدِیْنَ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ' قَالَ: اَتُؤْمِنِیْنَ بِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ' قَالَ: اَعْتِقْهَا۔(۱۳۰)

مندرجہ بالا حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے مؤمنہ ہونے کا پتہ چلانے کے لیے کسی عمل کے بارے میں کوئی سوال نہیں کیا بلکہ اس کی تصدیق بالقلب پر اس کے مؤمنہ ہونے کا فیصلہ فرمایا۔

اعمال کے جزئیتِ ایمان پر محدثین کے دلائل

۱) مشہور حدیث مروی از ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ:

((اَلْاِیْمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُوْنَ شُعْبَةً وَالْحَیَاءُ مِنَ الْاِیْمَانِ)) (۱۳۱)

۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:
((اِنَّ مِنْ اَکْمَلِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا وَاَلْطَفُھُمْ بِاَھْلِہٖ)) (۱۳۲)

۳) ﴿وَمَا کَانَ اللّٰہُ لِیُضِیْعَ اِیْمَانَکُمْ ط﴾ (البقرۃ:۱۴۳)
مذکورہ بالا آیت کریمہ میں لفظِ ایمان کا اطلاق صلوٰۃ پر کیا گیا ہے۔

۴) مشہور حدیث مروی از ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ:
((لَا یَزْنِی الزَّانِیْ حِیْنَ یَزْنِیْ وَھُوَ مُؤْمِنٌ ، وَلَا یَشْرَبُ الْخَمْرَ حِیْنَ یَشْرَبُھَا وَھُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا یَسْرِقُ السَّارِقُ حِیْنَ یَسْرِقُ وَھُوَ مُؤْمِنٌ)) (۱۳۳)
یعنی زانی زنا کرتے وقت، شرابی شراب پیتے وقت اور چور چوری کرتے وقت مؤمن نہیں ہوتا، ایمان اس سے نکل جاتا ہے۔

معلوم ہوا کہ اعمالِ حسنہ ایمان کی حقیقت میں داخل ہیں۔ اگر ایمان محض تصدیق کا نام ہوتا تو کسی عمل کی وجہ سے کسی کی تکفیر نہ کی جاتی، حالانکہ اس حدیثِ مبارکہ میں زنا، شراب نوشی اور چوری کے مرتکب کو عدمِ ایمان سے متصف کیا گیا ہے۔

۵) وفد عبدالقیس کی حدیث ہے جس میں نبی کریم ﷺ نے ایمان کی تشریح وتفسیر میں صلوٰۃ وزکوٰۃ و صیام اور اداء خمس من الغنیمۃ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:
أَمَرَھُمْ بِالْاِیْمَانِ بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ، قَالَ: ((اَتَدْرُوْنَ مَا الْاِیْمَانُ بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ؟)) قَالُوْا: اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ، قَالَ : ((شَھَادَۃُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰہِ، وَاِقَامُ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءُ الزَّکَاۃِ وَصِیَامُ رَمَضَانَ وَاَنْ تُعْطُوْا مِنَ الْمَغْنَمِ الْخُمُسَ)) (۱۳۴)
مذکورہ بالا حدیثِ مبارکہ میں آپ ﷺ نے ایمان کی وضاحت میں اقامتِ صلوٰۃ، ایتاءِ زکوٰۃ، صیامِ رمضان اور غنیمت میں سے خُمس کی ادائیگی کا ذکر فرمایا۔

۶) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ سُئِلَ اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ؟ قَالَ :((اِیْمَانٌ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ)) قِیْلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ :((اَلْجِھَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ)) قِیْلَ :ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ:((حَجٌّ مَبْرُوْرٌ)) (۱۳۵)
مندرجہ بالا حدیثِ مبارکہ افضل عمل کے بارے میں سوال کے جواب میں آپؐ نے اللہ اور اس کے رسول پر ایمان، جہاد فی سبیل اللہ اور حج مبرور کا ذکر فرما کر ایمان کو عمل کا نام دے دیا۔

۷) وہ احادیث جن میں مختلف اعمالِ حسنہ کو ایمان کہا: مثلاً حیاء کے بارے میں آپؐ کا ارشاد ((اَلْحَیَاءُ مِنَ الْاِیْمَانِ)) یا صیام وقیامِ رمضان کے بارے میں آپؐ کا ارشاد یا ''حُبُّ اَخِ الْمُسْلِمِ'' کو آپؐ کا ایمان فرمانا وغیرہ۔

مذکورہ بالا دلائل کے بہت سارے جوابات دیے گئے ہیں، لیکن مختصر یہ کہ ان دلائل میں اعمال پر

ایمان کا اطلاق مجازاً کیا گیا ہے' کیونکہ اعمال ایمان کے مقتضیات اور توابع میں سے ہیں' یعنی ایمان پایا جائے تو اس کے ساتھ ساتھ اعمال پائے جانے چاہئیں۔ یا اعمال پر ایمان کا اطلاق اس لیے کیا گیا ہے کہ وہ آثارِ ایمان میں سے ہیں اور کسی شئے کے اثر پر کبھی کبھار اس شئے کا اطلاق کر دیا جاتا ہے' مثلاً لفظ ''شمس'' کا اطلاق ''قرص'' (سورج کی ٹکیہ) پر بھی ہوتا ہے اور اس کے اثر ''ضوء'' پر بھی ہوتا ہے۔ اسی طرح ''نار'' کا اطلاق انگارے پر بھی ہوتا ہے اور اس کی لپٹ ولہب پر بھی ہوتا ہے۔

حضرات محدثین و متکلمین کے درمیان اختلاف کی حیثیت

متکلمین ایمان کی تعبیر تصدیق بالقلب اور اقرار باللسان سے کرتے ہیں اور حضرات محدثین تصدیق' عمل اور اقرار کے مجموعے کو ایمان کہتے ہیں' لیکن انجام و مآل کے اعتبار سے دونوں میں کوئی اختلاف نہیں کہ مرتکبِ کبیرہ دونوں کے نزدیک مخلد فی النار نہیں ہوگا۔ پھر اس اختلاف میں اتنی شدت کہاں سے آ گئی؟

بعض حضرات کے نزدیک تو یہ اختلاف لفظی ہے۔ لیکن یہ اختلاف لفظی نہیں بلکہ نظریے کا اختلاف ہے' متکلمین کا نظریہ ہے کہ اعمال ایمان کی فرع ہیں اور ایمان (تصدیق بالقلب) کی حیثیت ایسی ہے جیسے جڑ کی حیثیت ہوتی ہے جو زمین کے اندر چھپی ہوئی ہوتی ہے' اس سے تنا نکلتا ہے اور تنے کے بعد پھر شاخیں اور پتے۔ وہ شاخیں اور پتے جڑ کا جزو نہیں ہوتے بلکہ ان کو جڑ کے اوپر متفرع قرار دیا جا سکتا ہے' اسی طرح اعمال ایمان پر متفرع قرار دیے گئے ہیں۔ جبکہ محدثین کے نزدیک ایمان بمنزلہ بیج و بنیاد ہے اور اعمال کی حیثیت شاخ اور پتوں کی ہے۔ جیسے شاخ اور پتے جڑ کا جزء نہیں ہیں ایسے ہی اعمال بھی تصدیق کا جزو نہیں ہیں بلکہ متعلقات اور فروعات میں سے ہیں۔

محدثین کے خیال میں ایمان کی حیثیت اس تنے کی ہے جو زمین کے اوپر ہوتا ہے شاخیں اور پتے' اس کا جزء ہوتے ہیں' اسی طرح اعمال بھی ایمان کے لیے جزء ہوں گے۔[۱۳۶]

یہ اختلاف دراصل حالات کی پیداوار ہے متکلمین اور امام صاحب کے زمانہ میں چونکہ معتزلہ اور خوارج کا زور تھا جو اس بات کے قائل تھے کہ اعمال ایمان کا جزء ہیں۔ اعمال نہ ہونے کی صورت میں انسان مخلد فی النار ہوگا' کیونکہ ان کے نزدیک مرتکب کبیرہ ایمان سے خارج تھا۔ ان کی مؤثر تردید کے لیے امام موصوف اور متکلمین نے یہ بلیغ عنوان اختیار کیا کہ ایمان تصدیق بالقلب اور اقرار باللسان کا نام ہے اور اعمال اس کا ثمرہ' نتیجہ اور فرع ہیں نہ کہ جزء۔

جبکہ محدثین کے زمانے میں مرجئہ کا زور تھا جو عمل کو بالکل بے کار سمجھتے تھے اور ان کا دعویٰ تھا کہ **الطاعة لا تفید والمعصیة لا تضر**۔ ان کی تردید کے لیے حضرات محدثین نے یہ بلیغ انداز اختیار کیا کہ عمل ایمان کا جزو ہے تاکہ عمل کی اہمیت اجاگر ہو۔ ورنہ اصل کے اعتبار سے نہ تو متکلمین عمل کی اہمیت کے

منکر ہیں اور نہ محدثین۔ دونوں کے نزدیک عمل ضروری ہے۔ اور دونوں کے نزدیک مرتکب کبیرہ نہ ایمان سے خارج ہوتا ہے اور نہ مخلد فی النار ہوتا ہے۔ (جاری ہے)

حواشی

(۱۲۱) الفصل فی الملل والاهواء والنحل' ابن حزم' ج٤' ص ٢٠٤۔

(۱۲۲) الاتقاء' ص ١٦٧۔

(۱۲۳) الفقه الاکبر' فصل المؤمنون وحسناتهم وسیئاتهم واعمالهم۔

(۱۲٤) المناقب' للمکی' ج١' ص ٧٧۔

(۱۲٥) الفقه الاکبر' فصل المؤمنون وحسناتهم وسیئاتهم واعمالهم۔

(۱۲٦) المواقف' قاضی عضد الدین' عبدالرحمٰن اللائجی' مع شرحه' للشریف علی بن محمد الجرجانی' ج٨' ص ٢٩٧۔

(۱۲۷) سنن ابن ماجه' کتاب الدعاء' باب دعاء رسول اللّٰه ﷺ۔

(۱۲۸) *تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو* شرح المقاصد للتفتازانی' ج٥' ص١٩٥ و شرح المواقف' سید شریف علی بن محمد جرجانی' ج٨' ص٣٢٤۔ وتفسیر روح المعانی' للعلامه الآلوسی' ج١' ص١١١ تحت تفسیر قولهٗ تعالیٰ: اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ... وتفسیر مفاتیح الغیب' للرازی' تفسیر سورة البقرة' آیت (٣)۔

(۱۲۹) صحیح مسلم' کتاب الایمان' باب تحریم قتل الکافر بعد قوله ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ''

(۱۳۰) مسند احمد' ج٣' ص ٤٥١' ٤٥٢' حدیث رجل من الانصار۔

(۱۳۱) صحیح البخاری' کتاب الایمان باب امور الایمان۔ وصحیح مسلم کتاب الایمان' باب بیان عدد شعب الایمان۔وسنن النسائی' کتاب الایمان وشرائعه' باب ذکر شعب الایمان۔وسنن ابی داوٗد'کتاب السنة' باب فی رد الارجاء۔وسنن الترمذی' ابواب الایمان' باب ما جاء فی استکمال الایمان وزیادته ونقصانه۔ وسنن ابن ماجه' باب فی الایمان۔

(۱۳۲) سنن الترمذی' ابواب الایمان' باب ما جاء فی استکمال الایمان والزیادة والنقصان۔

(۱۳۳) صحیح البخاری' کتاب الاشربة' باب قول اللّٰه تعالی انما الخمر والمیسر والانصاب..... وصحیح مسلم' کتاب الایمان' باب بیان نقصان الایمان بالمعاصی.....

(۱۳٤) صحیح البخاری' کتاب الایمان' باب اداء الخمس من الایمان۔ وصحیح مسلم' باب الایمان' باب الامر بالایمان باللّٰه تعالیٰ ورسوله وشرائع الدین والدعاء الیه والسوال عنه.....

(۱۳٥) صحیح البخاری' کتاب الایمان' باب من قال : ان الایمان هو العمل۔

(۱۳٦) *تفصیل کے لیے دیکھئے* درس بخاری علامه عثمانی مرتبه مولانا عبدالوحید صدیقی فتح پوری' ج١' ص ١٢٠' ١٢١۔

دعوت رجوع اِلی القرآن کا نقیب

علوم وحِکمِ قرآنی کا پرچارک

سہ ماہی حکمتِ قرآن لاہور

بیادگار: ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم

مدیر مسئول: ڈاکٹر اسرار احمد

قیمت فی شمارہ: 50 روپے　　سالانہ زرِتعاون (اندرونِ ملک) 200 روپے

تحریک خلافت پاکستان کا نقیب

ہفت روزہ ندائے خلافت لاہور

حالات حاضرہ، سیاسی تجزیئے، ہلکے پھلکے علمی،
معلوماتی، تحریکی مضامین اور رپورٹیں

مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید

قیمت فی شمارہ: 12 روپے　سالانہ زرتعاون (اندرون ملک) -/450 روپے

مکتبہ خدام القرآن 36۔کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور

فون: 3-35869501-042، فیکس: 042-35834000، email: maktaba@tanzeem.org

''ایجاد و ابداعِ عالم.....'' پر ہونے والی ایک گفتگو

جناب احمد جاوید

ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے جس کتابچے پر جناب احمد جاوید صاحب کا تبصرہ اور علمی محاکمہ یہاں شائع کیا جا رہا ہے' اس کا مکمل ٹائٹل قارئین کے لیے درج ذیل مضمون کو سمجھنے میں ممد ثابت ہوگا۔ اور وہ ہے: ''ایجاد و ابداعِ عالم سے عالمی نظام خلافت تک —— تنزل اور ارتقاء کے مراحل''۔ مجھے امیدِ واثق ہے کہ ''حکمت قرآن'' کے قارئین کے لیے یہ عنوان غیر مانوس نہ ہوگا اور انہوں نے اسے حاصل کر کے پڑھنے کی کوشش بھی کی ہوگی' اگرچہ بہت سوں نے اس کے مشمولات کو ادق پایا ہوگا۔ میرے خیال میں فلسفہ و حکمت کے نہایت غامض اور اعلیٰ ترین مباحث پر مبنی برادر محترم ڈاکٹر اسرار احمد کی دو تحریروں میں سے ایک زیرِ تبصرہ کتابچہ ہے اور دوسری ''حقیقتِ انسان'' کے عنوان سے ربع صدی قبل لکھی جانے والی تحریر ہے جو اَب ''زندگی' موت اور انسان'' نامی کتابچے میں شامل ہے۔

جیسا کہ زیرِ نظر کتابچے کے عنوان سے ظاہر ہے' خالص فلسفیانہ اصطلاح میں اصل مبحث ربط الحادث بالقدیم کا ہے۔ قدیم اور ازلی و ابدی ذات باری تعالیٰ کی ہے جس نے کائنات' اس کی جملہ ذوات اور انسان کو پیدا کیا۔ بالفاظ دیگر' اصل مسئلہ ذاتِ حق اور ذواتِ حق کے درمیان ربط و تعلق کا ہے۔ ان کے درمیان عینیت اور غیریت دونوں ہی سے مسائل پیدا ہوتے ہیں جو فلسفیانہ ذہن کے لیے خلجان کا باعث بنتے ہیں۔ ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے اس مسئلے کی توضیح خالص قرآنی حوالے اور قرآنی اصطلاحات (کلمہ کن' کلمات نور' امر' خلق' روح) کی مدد سے کی ہے' یعنی وہ ان مسائل میں سختی سے اپنے آپ کو ''قرآنیات'' کے اندر رکھتے ہیں جبکہ جناب احمد جاوید ''عرفانیات'' سے بھی تعرض کرتے ہیں اور بالخصوص تنزلات کے ضمن میں شیخ الاکبر محی الدین ابن عربیؒ کی تصریحات کے شدّ و مدّ کے ساتھ قائل ہیں۔ وہ محقق و عارف دانشور ہیں۔ ہم ان کی فکری وجاہت اور عرفانی بصیرت کے پوری طرح قائل ہیں۔ مضمون ہٰذا میں ان کا فکرِ رسا اپنی پختگی کو پہنچا نظر آتا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ عام قارئین کے لیے یہ خاصا عسیر الفہم ہو۔ ہم تہہ دل سے احمد جاوید صاحب کے مشکور ہیں کہ انہوں نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر نہ صرف اس کتابچے کا بغور مطالعہ کیا بلکہ اس پر اپنا مفصل تبصرہ بھی بہم پہنچایا۔ ہمیں امید ہے کہ قارئین ''حکمت قرآن'' میں سے کچھ تبصرہ کے آخری جملے پر عمل کرتے ہوئے اصل کتاب کا بالاستیعاب مطالعہ کریں گے اور اپنے رشحاتِ قلم سے ہمیں نوازیں گے۔ (ابصار احمد)

ایک مجموعی وجودی ارتقا کا تصورِ انسانی شعور کی خلقت میں داخل ہے اور اس کے مظاہر شروع سے آج تک ایک تسلسل کے ساتھ موجود چلے آ رہے ہیں۔ کلاسیکی شعور کی روایت میں ارتقا کا اصول طبیعی سے زیادہ روحانی اور اخلاقی تھا۔ انسان کو حقائق کا معیار اور مرکز ماننے اور منوانے کا وہ رویّہ جس نے باقاعدہ ایک مادۂ علم تشکیل دیا' ارتقاء کے تمام تصورات کی تہہ میں غلبے کے ساتھ کارفرما رہا ہے۔ لیکن اس مادہ علم میں تبدیلی آ جانے کی وجہ سے علم کا مزاج اور انداز زیادہ سے زیادہ تجربی اور طبیعی ہوتا چلا گیا اور یہ خلقی تصور بھی معنویت کے لحاظ سے مادی' میکانکی اور طبیعی ہوتا چلا گیا۔ ہمارے یہاں اس بنیادی تناظر کی اتنی بڑی تبدیلی کو بہت دیر میں غور کے قابل سمجھا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ارتقا کا جدید نامیاتی اور طبیعیاتی اسٹرکچر تیزی سے اپنی تکمیل کے مراحل طے کرتا رہا اور اس کے زور کو توڑنے یا چند حدود میں رکھ سکنے والی قوت یعنی مذہبی تصورِ وجودِ کائنات اس ہمہ گیر جدلیاتی ماحول سے باہر رہا۔ بعد میں بلکہ بہت بعد میں' جب یہ نظریہ ڈارونزم میں جذب ہو گیا اور اس کے واضح تہذیبی اور تاریخی نتائج بھی نکلنے لگے تو مذہبی فکر میں ایک ارتعاش پیدا ہوا' مگر یہ ارتعاش بھی طویل غفلت سے نکلنے کی ایک اتفاقی حرکت سے زیادہ کچھ نہ تھا۔ ڈارونزم نے تمام تصوراتِ ارتقا کو اپنے اندر ضم کر کے ایک ایسا نظام العلم اور نظام الوجود تیار کر کے پہلے ہی سے خیرہ ہو جانے والی آنکھوں کے آگے رکھ دیا کہ اب انسانی شعور کے تمام تناظرات بلکہ مسلّمات بھی خود کو اس سے ہم آہنگ رکھنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ خدا' انسان اور کائنات کے بارے میں تشکیل پانے والا کوئی تصور آج ڈارونزم سے لاتعلق رہنے کا متحمل نہیں ہو سکتا اور خود کو اس سے محفوظ رکھنے کا کوئی سامان بھی نہیں رکھتا۔

ایسے میں ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ''ایجاد و ابداعِ عالم سے عالمی نظامِ خلافت تک تنزل و ارتقا کے مراحل'' لکھ کر گویا ایک فرضِ کفایہ ادا کیا ہے۔ کم از کم مجھے یہ دیکھ کر ایک بہجت آمیز حیرت ہوئی کہ ڈاکٹر صاحب نظریہ ارتقا کو ایک تو ڈارون کی ملکیت نہیں مانتے اور دوسرے یہ یقین رکھتے ہیں کہ مذہبی شعور کی ارفع سطح پر ارتقا کا عالمگیر قانون اپنے وہ مصداقات حاصل کر سکتا ہے جو اسے سائنس فراہم نہیں کر سکتی۔ ڈاکٹر صاحب اپنی ذہنی افتاد کے حساب سے ایک ماہرِ منقولات سے زیادہ کسی وسیع البنیاد theorizer کی طرح ہیں جو انسان کی وجودی معنویت کو تقدیری اور تاریخی دائروں میں مرکز کے طور پر برسرِ عمل دکھانا چاہتا ہے۔ ان کے تصورِ انسان میں جہاں رومی کی عارفانہ گہرائیاں پائی جاتی ہیں وہیں اقبال کا انقلابی idealism بھی اپنے تمام تر تموّج کے ساتھ تکمیل کے عملی نقطے تک پہنچتا دکھائی دیتا ہے۔ ایک حقائق نگر اور ایک idealist انقلابی کا یہ اجتماع ہی ڈاکٹر صاحب کے اکثر بنیادی تصورات کا قوام ہے۔ ان کا یہ رسالہ بے بسی میں پڑے ہوئے مذہبی شعور کو پھر سے نظمِ عالم کو معنی دینے کی قوت اور اس نظام کو اپنے تقدیری مقصود تک پہنچانے کی طاقت فراہم کرتا ہے۔ یہ اپنی جگہ اتنا بڑا کام ہے کہ عقل کا منطقی سانچہ اسے پوری طرح قبول کرنے کی سمائی نہیں رکھتا۔ اس تحریر میں پرانے صوفیوں کی طرح ڈاکٹر صاحب کی فکر بھی

ایک وِژن کی طرح ہے جس میں استدلال محض مخاطب کی سہولتِ فہم کے لیے ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے ارتقا کو جوہرِ تخلیق اور مقصودِ آفرینش کے طور پر دیکھا ہے۔ ارتقا چیزوں کی طبیعی بناوٹ کا تقاضا نہیں بلکہ اللہ کی شانِ خلّاقی کا اقتضا ہے جس کی مرحلہ وار تقدیری پیش رفت میں انسان ایک فعال کردار کی ادائی پر مامور ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے تصوّرِ ارتقا کا ایک خلاصہ یہ ہے کہ انسان اور کائنات بالآخر اپنے وجود کی حقیقت تک پہنچیں گے اور تخلیق کی غایتِ قصویٰ تاریخ کے منتہا پر اپنے سلسلہ ظہور کو مکمل کرنے والی حقیقتِ محمدی علیٰ صاحبہا الصّلاۃ والتسلیم کے فیضان سے حاصل ہو کر رہے گی۔ اس ہمہ جہت تصور کی تشکیل میں ڈاکٹر صاحب نے مسلمانوں کی تمام عرفانی، علمی، اخلاقی اور کسی حد تک جمالیاتی روایات کو یکجا کر دیا ہے۔ کم ہی نظریات ہوں گے جن میں ایسی جامعیت پائی جاتی ہو۔

میری رائے میں مسلم روایت کی پوری تاریخ میں جو نظریہ ڈاکٹر صاحب کے اس تصور کا اولین محرک اور محکم ترین مؤیّد کہلا سکتا ہے وہ نظریۂ وحدت الوجود ہے۔ وحدت الوجود کے عرفانی نظریے نے عقل کے اس خلقی مگر انتہائی مطالبے کی تکمیل کا عمل انجام تک پہنچایا ہے کہ حقیقتِ وجود اور واقعیتِ وجود میں ربط کی اقسام کیا ہیں اور ان میں فعلیت کا پورا نظام کس طرح کارفرما ہے۔ اس نظریے کی تشکیل میں مرکزی کردار ادا کرنے والی شخصیات نے اس موضوع کو اس طرح واضح کیا ہے کہ علم کا مقصود یہ ہے کہ حقیقتِ وجود کو تعینات میں شناخت کر لے۔ نظامِ ہستی اور نظمِ عالم کی تحقیق کو اپنا ہدف بنانے والے تمام علوم نے جو نتائج بھی نکالے ہیں وہ اسی موضوع کے احاطے میں آتے ہیں۔ گویا وحدت، عقل کا وہ تقاضا ہے جسے پورا کیے بغیر ہستی اور کائنات کا کوئی بھی علم اصالت اور کمال تک نہیں پہنچ سکتا۔ اپنے مابعد الطبیعی سیاق و سباق سے ہٹ کر بھی یہ موضوع اور یہ اقتضائے وحدت انسانوں کے ان تمام نظریات کی بنیاد رہا ہے جو کائنات کے بارے میں بلکہ اپنے کسی مقصودِ عقلی کے بارے میں کسی کلی اور مجموعی موقف تک اس طرح پہنچنا چاہتے ہیں کہ اس موقف میں کسی اصولی تغیر کا امکان نہ رہے۔ مثال کے طور پر مادے کے حقیقی ہونے پر اصرار کرنے والے تمام فلسفے اسی نقطۂ وحدت تک پہنچتے ہیں کہ وجود کی حقیقت واحد ہے جو اس کے مظاہر کی کثرت سے متاثر نہیں ہوتی۔ مختصر یہ کہ شعورِ انسانی نے اپنی ماہیت کے بعض ضروری اجزاء اور اپنے بیشتر طے شدہ مقاصد سے ہٹ جانا قبول کر لیا ہے لیکن اپنی اس اساس کو تمام تغیرات کے باوجود برقرار رکھا ہوا ہے کہ ایک مرکزِ واحد کو ادراک اور تحقیق کی مستقل بنیاد بنائے بغیر علم کی تشکیل اور وجود کی تحقیق کا عمل واقع نہیں ہو سکتا۔

شعور کی اس وحدتِ اساسی نے جو ماورائے تغیر تناظر وضع کیے ہیں ان سے اصول وحقائق کی طرف پیش رفت کرنے کے دو بڑے انداز پیدا ہوئے۔ ایک مابعد الطبیعی اور دوسرا طبیعی۔ حقیقت یعنی ہستی کی اصل واحد کے یہ دونوں تناظر اس لحاظ سے تو ایک دوسرے کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں کہ شعور میں ان کا

مبنیٰ واحد ہے اور یہ دونوں ہی شعور کے سب سے بنیادی اور سب سے طاقتور اقتضا کے مظاہر ہیں' لیکن اس structural مناسبت کے سوا ان میں کوئی چیز مشترک نہیں ہے۔ اشتراک تو دور کی بات ہے ان میں ایک کا ہر جز دوسرے کے تمام اجزاء سے متصادم ہے۔ شعور مابعد الطبیعی اصولِ تحقیق اور طبیعی اساسیاتِ علم سے نکلنے والے نتائج کو کبھی ایک خانے میں یکجا نہیں رکھتا، یعنی ان کا امتیاز ہر سطح پر برقرار رہتا ہے۔ ان کے نتائج اور حاصلات خواہ ہم موضوع اور ہم لفظ ہوں' ایک ناقابلِ تطبیق معنوی بُعد کی وجہ سے شعور کے محتوی (content) کے طور پر بھی بالکل الگ الگ رہتے ہیں۔ یہ تقسیم اتنی مستقل ہے کہ کم از کم کسی بھی کلاسیکی روایت میں اس کو ختم کرنے کی کوئی کوشش نہیں ملتی۔ حتیٰ کہ اگر طبیعی منطق پر خدا کا وجود ثابت ہو جائے تو اس ثبوت کو بھی مابعد الطبیعی تحقیق قبول نہیں کرتی بلکہ اس وجود کو خدا نہیں مانتی جسے طبیعیات دریافت کرتی ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ مابعد الطبیعی تناظر میں کائنات اپنی موجودیت کے ان اسالیب اور ان حدود تک محدود نہیں ہے جن کی بنیاد پر طبیعی تحقیق اپنے دائمی اصول اس طرح وضع کرتی ہے کہ اس کے تمام تحرکات اور حاصلات وجودِ کائنات کے ایک کلی تصور سے میسر آتے ہیں اور وہ تصور اتنا اساسی ہے کہ طبیعیات میں ردّ و قبول کا سارا عمل اپنے تمام تر اختلافات سمیت اسی کے اندر شروع ہوتا ہے اور اسی میں تمام ہو جاتا ہے۔ مابعد الطبیعی شعور' کائنات کے اندر وجود میں حقائق کی موجودیت کے اسلوب سے کوئی مشابہت اور مماثلت نہیں دیکھتا۔ اس کے نزدیک کونیات حقائق سے ایک مستقل انفعال کی نسبت رکھتے ہیں اور ان کے mechanics سے کوئی ایسا تعلق نہیں رکھتے کہ یہ حقائق کے علم کا کوئی بنیادی ذریعہ بن جائیں۔ گویا مابعد الطبیعی شعور وجود اور مظاہر کے درمیان پائی جانے والی نسبتوں میں سے محض چند کو کائنات میں لائقِ حصول اور قابلِ اعتبار سمجھتا ہے' مگر وہ بھی اس طرح کہ ان چند نسبتوں پر تکیہ کر کے ہستی کے حقیقی اصول اور وجود کے اساسی امور کی طرف رسائی کا وہ راستہ نہیں کھولا جا سکتا جو حقائق کی یقینی اور مجموعی معرفت کے لیے درکار ہے۔ یعنی کائنات میں اپنی حقیقت پر شاہد بننے کی جتنی استعداد پائی جاتی ہے وہ اس حقیقت اور اسے تشکیل دینے والے دیگر حقائق تک پہنچانے کے لیے ناکافی ہے۔ اسی لیے مابعد الطبیعی شعور کائنات کو مخلوق مان کر اس کے پورے نظامِ حرکت کو معروف حدود میں متعین کر کے دیکھتا ہے اور کسی ایسے عمل کے اثبات کی طرف راغب نہیں ہوتا جس میں یہ نظامِ حرکت کسی ایسے تصور کی بنیاد بن جائے جس کی رو سے کائنات میں ایک ایسے تخلیقی ارتقا کا امکان پیدا ہو جائے جو اس کی معروف ساخت سے میل نہ کھاتا ہو۔ یہ بات قدرے پیچیدہ ہے مگر انتہائی قابلِ غور ہے کہ نوعی سطح کی تقلیبِ ماہیت مابعد الطبیعی نکتہ نظر سے کائنات کے مخلوق ہونے کے منافی ہے۔

نظریۂ ارتقا کے متداول اور مؤثر ترین ورژن کے حوالے سے مذہبی حلقوں میں اگر کچھ موافقانہ گفتگو بھی ہوئی ہے تو علمی سطح پر وہ پست درجے کی ہے اور تکنیکی پہلو سے ایک لائقِ استہزا اناڑی پن کا ملغوبہ

ہے۔اس سارے نظریے اور اس کی بنیاد پر پیدا ہونے والے نظریاتی تحکّم کا یکسر مخالف ہوتے ہوئے بھی مجھے ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی اس کتاب میں کم از کم یہ چیز ضرور نظر آتی ہے کہ اسے پڑھنے کے بعد مذہبی ذہن کی پسماندگی کا افسوس ناک تأثر نہیں پیدا ہوتا۔ڈاکٹر صاحب نے حیاتیاتی ارتقا کے سائنسی دروبست سے زیادہ سروکار رکھے بغیر اسے جس مہارت کے ساتھ مذہبی تصورِ انسان کی تشکیل میں صرف کر کے دکھایا ہے وہ چاہے نا قابلِ تسلیم ہو مگر باعثِ فخر ضرور محسوس ہوتی ہے۔

اس کتاب کا بڑا وصف یہ ہے کہ اس میں ارتقا سے پیدا ہونے والی مذہب مخالف فلسفیانہ اور نفسیاتی روایت کو شدت سے نظر انداز کر کے پورے عملِ ارتقا کو ایک روحانی رخ بھی دے دیا گیا ہے۔گویا اس ٹھیٹھ طبیعی نظریے کی ایسی روحانی تعبیر پیش کی گئی ہے جو مذہبی ذہن کے لیے اتنی بھی نامانوس نہیں ہے کہ وہ اس سے بدک جائے۔ڈاکٹر صاحب کا تصورِ انسان نوعی ہے اور مذہبی سیاق وسباق رکھنے والے تمام تصورات اپنی ہیئت اور معنویت میں ایسے ہی ہوتے ہیں' کیونکہ انسان ایک نوعی وحدت کے طور پر جسمانیت اور روحانیت کی ہم اصلی پر قائم ہے اور اس کے اختیاری اور تاریخی ارتقا کو قبول کرنے اور اسے شعور میں لانے کی پوری قابلیت رکھتا ہے' لہٰذا اس کے اندر ارتقائی تبدیلی کے تمام مراحل ایسی جامعیت کے ساتھ ظاہر ہوتے ہیں جس کے آثار ان دونوں جہتوں یعنی جسم اور روح پر آپس میں مربوط حالت کے ساتھ ظاہر ہوتے ہیں۔یعنی ایسا ممکن نہیں ہے کہ جسمانیت کے حدود میں رونما ہونے والا ارتقائی عمل انسان کی روحانی اصل سے لاتعلق رہ جائے۔

ڈاکٹر صاحب نے فی الواقع مذہبی تصورِ انسان میں ایک نئی قوت کا اضافہ کرنے کی کوشش کی ہے اور اس کے لیے انہوں نے آدمی کے حیاتیاتی اصول میں تقریباً مان لیے جانے والے نظریے کو اس کی روحانیت سے متعلق کر کے دیکھنے کی کوشش کی ہے تاکہ اس قانونِ حرکت وارتقاء کی کارفرمائی انسان کی نفسی و روحانی اقلیم میں بھی ایسی معنویت کے ساتھ دکھائی جا سکے جو اس کی حقیقت اور غایت سے پوری طرح ہم آہنگ ہو۔ڈاکٹر صاحب چونکہ حیاتیاتی ارتقا کو قریب قریب مسلّمات میں سے سمجھتے ہیں لہٰذا وہ اپنے مذہبی شعور کی بہترین قوت کے ساتھ اسے انسان کی نوعی حقیقت اور مقصود تک رسائی کا ایک بنیادی ذریعہ بنانا چاہتے ہیں۔ان کی رائے میں حیاتیاتی ارتقا کل انسان کا احاطہ نہیں کرتا بلکہ اس مجموعی پیش قدمی کا محض ایک جزو ہے جو نوعِ انسانی اپنی تکمیل کے لیے ایک بالاتر فطری انتخاب اور وجودی معیار کے سائے میں کرتی آ رہی ہے۔

یہ بالاتر فطری انتخاب اور وجودی معیار اپنی کارفرمائی تمام دائروں میں طبیعی' مادی اور جسمانی نہیں۔ یہ انسانیت کے programmed تقدیری اصول ہیں جن کی بنیاد پر انسان اپنی نوع اور اپنی مجموعیت کے ساتھ اپنی طے شدہ غایات کی طرف حرکت کرتا ہے۔یہ حرکت جب حیاتیات کے دائرے میں اور حیاتیاتی

تکمیل کے حصول کا ذریعہ بنے تو اسے کہا جائے گا کہ یہ معروف معنی میں حیاتیاتی ارتقا ہے۔لیکن انسان کی کلیت اپنے تمام اجزا کو اتنے گہرے اور شدید ربط کے ساتھ آپس میں جوڑے ہوئے ہے کہ یہ اجزا اپنی اصلیت ہی میں واحد نہیں ہیں بلکہ اپنی فعلیت اور اس فعلیت سے مرتب ہونے والے آثار کی سطح پر بھی ایک اٹوٹ وحدت پر استوار ہیں۔ ڈارون وغیرہ کے تصوراتِ ارتقا سے انسان کی نوعی پیش قدمی کی طرف گویا ایک لائقِ تسلیم دلالت حاصل ہوگئی ہے۔ گویا انسان کے کل میں کارفرما ایک اصولِ حرکت کے قابلِ اثبات ہونے کے حسی شواہد حاصل ہوگئے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا موقف اگر ایک نظری بناوٹ کے ساتھ بیان کیا جائے تو میرے خیال میں وہ یہی ہوگا کہ جس حرکتِ وجودی کا نام انسان ہے وہ حرکتِ وجودی اپنے کچھ حسی آثار بھی رکھتی ہے اور اس حرکت کا حسی پیٹرن سب سے زیادہ قابلِ قبول شکل میں اور سب سے زیادہ لائقِ اعتنا شواہد کے ساتھ معروف نظریۂ ارتقا میں بیان ہوگیا ہے۔ اور اس نظریہ ارتقا کو ہم انسان کی کلی حرکتِ کمال کا ایک جزوی اظہار سمجھ کر قبول کرلیں تو اس سے ہمارے لیے قرآن کے مطلوبہ یا زیادہ واضح لفظوں میں کہیں تو اللہ کی طرف سے متعین خلقتِ انسانی کے تمام مدارج میں برپا پیش قدمی اور ارتقا کے اصول کی طرف ایک ایسا اشارہ میسر آجاتا ہے جسے رد کرنا علمی سطح پر ممکن نہیں رہتا۔

انسانی شعور کا تمام مزاجِ علم اور اسلوبِ اثبات جس اصول سے سب سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے وہ اصول یہی ہے کہ حقائق کو محسوسات کے دائرے میں لے آنا۔ ہمارا شعور حقائق کے بارے میں اثبات و تسلیم کے موقف پر قائم رہنے کے لیے جو سب سے بڑی کمک فراہم کرتا ہے یا حاصل کرتا ہے وہ محسوسات کی ہوتی ہے۔ حسی تجربات اگر ایک روحانی تناظر میں دیکھے جائیں تو ان کی تمام معنویت صرف ہوتی ہے کسی روحانی حقیقت کے علم میں آجانے کے عمل میں۔ ڈارون نے انسانی شعور کے بہترین اصولوں کو استعمال کرتے ہوئے مذہبی شعور کی بہت سی ضرورتوں کو پورا کرنے کا ڈول ڈالا ہے اور اس کے لیے ہمارے ان مسلّمات کو استعمال کیا ہے جو علم کی تصدیقی سطح پر یا شعور کی حسی سطح پر خود کو تسلیم کروانے کا سب سے بڑا سامان رکھتے ہیں۔ علم کو اسرارِ تخلیق سمجھنے کے لیے، رموزِ حیات کو جاننے کے لیے جو حسی وثوق درکار ہے، اس میں نظریۂ ارتقا غالباً سب سے مضبوط ذریعے کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس نظریے کی موجودہ شعور میں ساخت نظریے جیسی کم ہے، مسلّمے اور عقیدے جیسی زیادہ ہے۔ ہماری مذہبی فکر میں شاید پہلی مرتبہ اس مسلّمۂ عام کو مذہبی شعور کی بہت سی تمناؤں کو پورا کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے اور اس سے بھی بڑھ کر اسے مجموعی مذہبی ارادے اور غایات کی تکمیل کا بھی ایک مؤثر وسیلہ بنا کر استعمال کیا گیا ہے۔ پوری بات یہ ہے کہ انسان وہ واحد وجودی کل ہے جس کے تمام اجزاء کا رخ کمال کی طرف ہے۔ یہ گویا وہ مکمل تصورِ انسان ہے جس پر ڈاکٹر صاحب کی فکر کی اساس ہے۔ ڈاکٹر صاحب اپنے تمام تصورات کو اقبال کی طرح اسی نظریہ انسان سے مربوط کر کے تشکیل دیتے ہیں اور اپنے تمام خیالات کو اسی کی تعمیر میں استعمال کرتے ہیں۔ اتنے

ہمہ گیر تناظر میں ممکن نہیں تھا کہ ڈاکٹر صاحب انسان کے حیاتیاتی mechanism کو ایک نظریاتی زور دینے والے تصور سے خود کو لاتعلق رکھتے۔ انہوں نے متداول مذہبی ذہن کے سطحِ اثبات وانکار سے الگ یا بلند ہو کر اس مؤثر ترین نظریے کو اس کی سائنسی بناوٹ سے جدا کر کے اسے انسان کے وجودی structure میں داخل کر دکھایا ہے۔ انسان اپنے تمام وجودی مراتب میں جس رو بہ کمال حرکت کا نام ہے وہ اگر اس کے حیاتیاتی درجے میں بھی ثابت یا واضح ہو جائے تو اسے ڈاکٹر صاحب کی بالاتر منطق کے مطابق اس بات کی دلیل بنایا جا سکتا ہے کہ عین یہی ارتقائی تحرک ان روحانی درجاتِ وجود میں بھی ہو رہا ہے جو انسان کو اس کی حقیقتِ اصلی سے جوڑے رکھتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی اسے اپنی اس غایتِ وجود کی طرف یکسو بھی رکھتے ہیں جو کسی بھی پہلو سے مادی' جسمانی اور حیاتیاتی نہیں ہے۔ بالفاظِ دیگر انسان میں اس کی حقیقت اور غایت کا نفوذ اس قدر ہمہ گیر ہے کہ اس کا پورا نظامِ حرکت ایک عملی وحدت بھی رکھتا ہے اور یہ محال ہے کہ انسان کا structural تحرک اس کی کلیت کے بعض حصوں میں جاری رہے اور بعض اجزا اس تحرک سے عاری رہیں۔ اگر کسی طرح سے یہ ثابت ہو جائے کہ خلقتِ انسانی کی حیاتیاتی دائروں میں کوئی ارتقائی حرکت کارفرما ہے تو پھر مزید اس ثبوت کی ضرورت نہیں رہ جائے گی کہ یہی عمل اس کے دوسرے دائروں میں بھی ایک اصولی ہم آہنگی کے ساتھ ہوتا آ رہا ہے۔

ڈاکٹر صاحب کا مقصودِ فکر ہی یہ ہے کہ انسان کی حقیقت اور غایت جس ایک نقطے میں یکجا ہیں وہ نقطہ ہے خلافتِ الٰہیہ۔ اس اساسی نقطے کے انفرادی مظاہر تو انبیاء کی صورت میں مکمل ہو کر سامنے آ گئے' تاہم اس کے نوعی مظاہر کی تشکیل اور ان کا ظہور ابھی باقی ہے۔ ڈارون کے تصورِ ارتقا کی پوری عمارت نظری اصطلاحات میں دو ستونوں پر قائم ہے: فطری انتخاب اور بقائے اصلح واقویٰ۔ فطری انتخاب گویا ایک نظام الوجود ہے' انفس وآفاق کو ایک دوسرے سے منقطع نہ رکھتے ہوئے ان کی وجودی استعداد کے مطابق ان کی ہستی کے دروبست کا ہمہ وقت متغیر تعین کرتا رہتا ہے اور بقائے اصلح واقویٰ' دراصل اسی استعداد کا نام ہے جو وجود کو بدلتے ہوئے ماحول اور ہستی کے جدلیاتی سیاق وسباق میں اپنا ظہور کرتی ہے۔ یہ اصول حیاتیاتی سطح پر اپنی کارفرمائی کا جو اسلوب رکھتا ہے ڈارون نے قریب قریب اسے دریافت کر لیا ہے' لیکن اس اصول کی کارفرمائی کے دیگر مراتب بھی ہیں جن کی ٹھیٹھ سائنسی تصدیق ممکن نہیں' کیونکہ وجود اپنی تمام تفصیل میں تصدیق کے تجربی منہج کو قبول نہیں کرتا۔ لیکن سائنسی تصدیق کا اصول چاہے جتنا بھی جزوی ہو' ایک کل کے غیر تجربی اجزاء کے "mechanics" کو جاننے اور ماننے کا واحد ذریعہ ضرور ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے نزدیک چونکہ انسان حقیقتِ وجود کا ایک جامع حامل ہے اس لیے اس کے اجزائی مقدرات کی تحقیق اس کے کلی حقائق کی معرفت فراہم کر سکتی ہے۔

ڈاکٹر صاحب کے پورے تصور کو اگر ہم اپنی سہولت کے لیے ایک نیم فلسفیانہ تناظر میں theorize

کر کے بتانا چاہیں تو غالباً یوں کہا جاسکتا ہے کہ انسان ایک جامع المراتب ہستی ہے جس کے ہونے کی ساخت شروع سے آخر تک حرکی ہے اور اس کی کلیت کو مختلف درجوں پر define کر کے ہی اس کے اصولِ حرکت کے ساتھ سمجھا جاسکتا ہے۔ یہ سب درجے ظاہر ہے کہ نہ صرف کہ ایک ہی اندازِ ہستی رکھتے ہیں بلکہ ایک ہی حقیقت سے موجود ہیں اور ایک ہی غایت ان کے وجود کی کل متاع یا واحد جواز ہے۔ انسان کا خلیفۃ اللہ ہونا اس کے موجود ہونے کے ہر جزو میں روح کی طرح سرایت کیے ہوئے ہے۔ انسان کے تمام مذہبی معانی اس کے مقامِ خلافت ہی سے مستنبط ہوتے ہیں اور انسان کی معنویت کا دارومدار ہی اس تحقق پر ہے کہ وہ خلافت کا potential دے کر پیدا کیا گیا ہے اور اس خلافت کو عمل میں لانے کا مقصود حاصل کرنا ہی اس کی غایتِ ہستی ہے۔ یہ استعداد اور یہ مقصود اس قدر راسخ، اتنا مستقل اور ایسا حقیقی ہے کہ وجودِ انسانی کی فنا و بقا کے تمام اسباب و امکانات اسی سے پیدا ہوتے ہیں اور اسی کے لیے پیدا ہوتے ہیں۔ گویا اپنے نیم مابعد الطبیعی تعین میں انسان صفاتِ حق کا مظہر جامع ہے۔ تقدیری اور تکوینی مرتبے میں یہ مظہریت ایک فعال حرکت بنتی ہے، وہ حرکت جو انسان کے معمولِ اختیار اور معمولِ شعور کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ ان کا سبب ہے۔ بہت واضح لفظوں میں کہا جائے تو یہ کہنا بھی ٹھیک ہوگا کہ اس مرتبے میں انسان کا خلیفۃ اللہ ہونا تقدیرِ وجود ہے، سب انفس و آفاق اس تقدیر کو ظہور میں لانے کے پابند ہیں۔ اس تقدیری درجے میں استعداد بالقوۃ اور بالفعل کو وہ زندہ ربط حاصل ہوتا ہے جس کی بنیاد پر تقدیر اور تاریخ ایک دوسرے سے ممتاز رہتے ہوئے باہم مربوط ہیں۔ یہاں گویا انسان کی حقیقت خلافتِ معلومِ الٰہی ہونے کے ساتھ مقدورِ الٰہی ہونے کی سند بھی حاصل کرتی ہے۔ یہاں ذرا سا رک کر دیکھئے کہ تمام کارخانۂ تخلیق میں انسان کے علاوہ کون ہے جس میں اللہ کا معلوم اور مقدور ہونا اس طرح جمع ہو کہ اس کے اپنے شعور، ارادے اور اختیار کی کارفرمائی کا میدان بھی تنگ نہ ہونے پائے۔ سچ ہے کہ سب سے بڑی تقدیری حقیقت انسان ہے۔ اگلے مرحلۂ ہستی میں حقیقتِ انسانی کی یہ دونوں جہتیں ایک mode of historicization میں اپنا اظہار کرتی ہیں۔ یہاں گویا انسان مرکزِ تکوین ہے جس کی آزاد حرکت تاریخ کو جنم دیتی ہے اور وجود کے انفسی و آفاقی پھیلاؤ کے جدلیاتی pattern کی بانی اور محافظ بنتی ہے۔ یہاں خلافت حقیقت سے زیادہ غایت ہے جسے حاصل کرنے کے لیے ایک تاریخی پیرایۂ حرکت درکار ہے۔

ڈاکٹر صاحب کی نظر میں تاریخ بھی حیاتیاتی قوانین کی طرح ہے اور اس میں بھی وہی فطری انتخاب اور وہی بقائے اصلح کا اصول برسرِ عمل ہے جس کی بنیاد پر انسان کا حیاتیاتی تحرک وجود رکھتا ہے۔ تاریخ کی بناوٹ ہی افعالی اور غایاتی ہوتی ہے اس لیے ہستی کے تاریخی یعنی کائناتی ماحول میں انسان کی شانِ خلافت ایک structure اور ایک نظام کی صورت میں خود کو تشکیل دیتی ہے۔ اس مرحلۂ ہستی میں انسان اپنی تمام ترکلیت کے ساتھ اپنی خلافت کو ایک تاریخی حقیقت بلکہ واقعہ بنانے کی تگ و دو کرنے پر مامور ہے۔ یہ سعی و

عمل ہی وہ استعداد ہے جہاں فطری انتخاب کا نیم مابعد الطبیعی اور تقدیری mechanism ظہور میں آتا ہے۔ انسان کی روحانی اور اخلاقی حرکت پر مرتب ہونے والا یہ تقدیری انتخاب ایک دوطرفہ پن رکھتا ہے۔ ایک پہلو سے یہ انتخاب عمل میں آچکا ہے اور دوسرے رخ سے اس فیصلے کا اظہار ہونا ابھی باقی ہے۔ ڈارون نے آکر ہمیں پرامید رہنے کا کم از کم یہ سامان ضرور فراہم کر دیا ہے کہ ارتقا کا روحانی عمل بھی جاری ہے اور اس کے نتائج پر چونکہ خود وجود ہی کی اصولی تکمیل کا انحصار ہے اس لیے اسے مکمل ہونے میں حیاتی ارتقا کے مقابلے میں کچھ دیر لگے گی۔

ڈاکٹر صاحب کا واقعی کمال ہے کہ انہوں نے وجود کی ہمہ جہت یک اساسی کے عرفانی مسلّمے کو نظری کے ساتھ ساتھ علمی اور حسّی شواہد بھی فراہم کر دیے ہیں یا اس فراہمی کا ایک ٹھوس آغاز ضرور کر دیا ہے۔ ان کی اس اپروچ میں میرے لیے ایک دلچسپی کا سامان یہ بھی ہے کہ اس کے نتیجے میں یہ باور کرنا ممکن اور آسان ہو جاتا ہے کہ مذہب کی بنیاد پر تعمیر ہونے والا شعور اپنے محتوی (content) کے اعتبار سے شعور کی تمام شاخوں کو جامع بھی ہے اور انہیں ان کی مشترکہ غایت تک پہنچانے کا سب سے طاقتور ذریعہ بھی۔ اگر ان کے اس رسالے سے صرف اتنی معرفت بھی حاصل ہو جاتی تو وہ بھی بہت قیمتی ہوتی اور متداول مذہبی شعور کے بعض انتہائی بنیادی اور مستقل نقائص کا ازالہ کرنے کی ضمانت بھی مہیا کر دیتی۔

